بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلَّذِیۡنَ اٰتَیۡنٰہُمُ الۡکِتٰبَ یَتۡلُوۡنَہٗ حَقَّ تِلَاوَتِہٖ ؕ اُولٰٓئِکَ یُؤۡمِنُوۡنَ
بِہٖ ؕ وَمَنۡ یَّکۡفُرۡ بِہٖ فَاُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡخٰسِرُوۡنَ ۱۲۱ (البقرة)

جن لوگوں کو ہم نے کتاب عنایت کی ہے وہ اس کو (ایسا) پڑھتے ہیں جیسا اسکے پڑھنے کا حق ہے،
یہی لوگ اس پر ایمان رکھنے والے ہیں اور جو لوگ اس کو نہیں مانتے وہ خسارہ پانے والے ہیں

رہنمائے ترجمۃ القرآن

صرف ونحو اور معروضی مشقوں پر مشتمل

www.KitaboSunnat.com

مؤلف: قاری حبیب الرحمن قریشی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- **کتاب و سنت ڈاٹ کام** پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- **مجلس التحقیق الاسلامی** کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق و اجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- **دعوتی مقاصد** کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

اساتذہ کرام کے تاثرات

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اساتذہ کرام کے تاثرات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۵۴

اور ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لئے آسان کر دیا ہے تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے؟

رہنمائے ترجمۃ القرآن

صرف ونحو اور معروضی مشقوں پر مشتمل



مؤلف: قاری حبیب الرحمن قریشی

0321 4350664

www.assanarabicgrammer.com

ادارہ رجوع الی القرآن

IRQ
ادارہ رجوع الی القرآن

E-28/D Opp. Pearl Shadi Hall Shaheen Colony
Main Walton Road Lahore. E-mail: quran@irq.com.pk,
Web: www.irq.com.pk Ph: 042-36688807,0321-8400801

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضابط:

مؤلف: قاری حبیب الرحمٰن قریشی، فون: 0321-4350664
0333-0222755

کمپوزنگ اینڈ ڈیزائننگ: یاسر اکرم: 3006778985-92+

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں والٹن روڈ لاہور کینٹ، کیپٹل پارک اردو بازار لاہور

طبع اول: 12 ربیع الاوّل 1425ھ (2004)

طبع دوم: 12 ربیع الاوّل 1426ھ (2005)

طبع سوم: 12 ربیع الاوّل 1430ھ (2009)

طبع چہارم: 27 رمضان المبارک 1435ھ (2014)

قیمت 300 روپے
مکتبۃ الرحمانیۃ
... جے ماڈل ٹاؤن ... لاہور
نمبر ....

باسط کاپی کارنر (بالمقابل مکتبہ سید احمد شہید)
7- الکریم مارکیٹ، اردو بازار لاہور فون: 37357687

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حافظ قاری برکت علی فاضل علوم اسلامیہ

رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پنجاب (پاکستان)

رہنمائے ترجمۃ القرآن

کتاب میں ہر عمر کے طالب علم کو مدنظر رکھتے ہوئے معروضی مشقوں کے ساتھ قرآن مجید کا ترجمہ سکھانے کی کوشش کی گئی ہے۔

میں نے رہنمائے ترجمۃ القرآن حرف بحرف پڑھی اور اس کا رسم الخط عین قرآنی ہے۔

میں تصدیق کرتا ہوں کہ میرے علم وفہم کے مطابق اس کتاب کے متن اور کتابت میں کوئی کمی پیشی اور غلطی نہیں ہے۔

Hafiz Barkat Ali
Regd. Proof Reader Holy Quran
Govt. Of Punjab Auqaf Department,
LAHORE

مکان ۲ گلی ۲ قاضی پارک شاہدرہ ٹاؤن لاہور
رابطہ: الریاض پبلشرز ۴۰، اردو بازار لاہور 7312428

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شرف قبولیت

16 مئی 2014 اللہ کی مہربانی سے عمرہ کی سعادت نصیب ہوئی۔ غیر ارادی طور پر رہنمائے کلمات القرآن اور رہنمائے ترجمۃ القرآن اپنے ساتھ لے جانے کا اتفاق ہوا۔

مکہ مکرمہ میں ڈاکٹر سعید احمد عنایت اللہ فاضل عربی۔ فاضل جامعہ اشرفیہ۔ فاضل دار العلوم الشہابیہ عالمیہ وفاق۔ ایم۔ اے (پنجاب) ایم۔ اے (خرطوم، سوڈان) جو کہ مدرسہ صولتیہ مکہ معظّمہ کے استاذ ہیں ان کو ایک ملاقات میں کتابیں دکھائیں تو انھوں نے بادی النظر میں ان کی تعریف اور ان سے عامۃ الناس کو قرآن مجید کی طرف راغب کرنے کا انتہائی مفید ذریعہ قرار دیا اور اپنی پانچ عدد تصانیف بھی تحفہ میں دیں۔

اسی نشست میں کتاب کے مولف قاری حبیب الرحمان قریشی سے ہاتھ اُٹھوا کر اللہ تعالیٰ کے حضور کتاب سے عامۃ الناس کے لیے فیض کی دعا کروائی۔

اللہ تعالیٰ ان کی اس فراخ دلی اور حوصلہ افزائی پر دنیا اور آخرت میں سرخرو فرمائے۔ آمین

جب مدینہ منورہ میں جانا ہوا تو یہ دونوں کتابیں لائبریری لے کر پہنچا۔ ظاہر بات ہے کہ میں عربی زبان بولنے سے قاصر ہوں۔ لائبریری کے سربراہ نے مجھے دیکھتے ہی خوش آمدید کہا اور پوچھا "ما ھذا" تو میں نے کہا "ھذا" رہنمائے کلمات القرآن ورہنمائے ترجمۃ القرآن مع صرف ونحو "ھذہ ھدیۃ" تو انہوں نے دونوں کتابیں کھول کر دیکھیں جو اردو میں تھیں تو انہوں نے محترم شیخ مظفر الاسلام صاحب جو عرصہ سے مدینہ منورہ میں مقیم ہیں اور وہ اردو کی تمام کتب مطالعہ کے بعد منظور کرتے ہیں۔ مدینہ منورہ لائبریری میں رکھوا دیں۔ میرے لیے یہ بڑے اعزاز کی بات تھی جو میرے وھم وگمان میں نہ تھی اس اعزاز پر میں اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہوں جس نے میری حقیری کوشش حضور سرور کائنات کے در میں منظور فرمائی

"گر قبول افتد زہے عز و شرف"

اللہ سے دعا گو ہوں کہ مجھے اس سے زیادہ محنت کی توفیق بخشے اور ہم سے وہ کام لے جس سے وہ راضی ہو جائے، آمین۔ میرے اساتذہ اور میرے والدین کو اجر عظیم عنایت فرمائے۔

مخلص۔ قاری حبیب الرحمان قریشی
0321-4350664
www.assanarabicgrammer.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

ایک دن میں قرآنی عربی گرائمر ریکارڈ کرانے والے عالمی اعزاز یافتہ

قاری حبیب الرحمٰن قریشی صاحب کی کتاب رہنمائے ترجمۃ القرآن معروضی مشقوں پر مشتمل

آنے پر

ادارہ رجوع الی القرآن کی طرف سے پیش کش

کتاب میں موجود سوال نامہ حل کر دینے پر ادارہ آپ کو سند اور انعام بھی دے گا۔

نوٹ: کتاب میں حوالہ جات کو پڑھنے کا طریقہ

مثلاً $\frac{2}{112}$ 2 سے مراد سورت نمبر 2 (البقرہ) 112 سے مراد آیت کا نمبر ہے۔

نام بمع ولدیت...

فون...

ایڈریس...

شناختی کارڈ نمبر...

معلم کی تعلیمی قابلیت...

IRQ

ادارہ رجوع الی القرآن

IDARA RUJUILAL QURAN

E-28/D Opp. Pearl Shadi Hall Shaheen Colony Main Walton Road Lahore.

E-mail: quran@irq.com.pk, Web: www.irq.com.pk Ph: 042-36688807,0321-8400801

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کتاب کی ضرورت واہمیت

قرآن مجید سمجھ کر پڑھنا ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے۔ یہ تاثر بالکل غلط ہے کہ قرآن مجید مشکل کتاب ہے قرآن مجید کی زبان عربی ہے اس لئے عربی گرائمر کے قواعد وضوابط سیکھنے سے ہی عربی زبان سیکھی اور سمجھی جاسکتی ہے۔

میں نے جتنے بھی اساتذہ کرام سے عربی پڑھی ہے یہ بات دیکھنے میں آئی ہے کہ نہ توکسی استاذ کا کسی دوسرے استاذ سے پڑھانے کا طریقہ اور نہ کسی ایک کتاب کا دوسری کتاب سے نصاب ملتا ہے بلکہ آج تک جتنی بھی عربی کی کتابیں نظر سے گزری ہیں ان سب میں یہی چیز دیکھنے میں آئی ہے کہ

قرآن مجید کی تعلیم وتدریس ہے ہی منفرد!

صحابہ کرامؓ نے بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے قرآن مجید صرف پڑھا ہی نہیں تھا بلکہ اُسے سیکھا بھی تھا اور پوری طرح اپنی عملی زندگی میں ڈھال لیا تھا۔ قرآن مجید صرف مطالعے کی چیز نہیں بلکہ یہ تعلیم وتربیت کا سرچشمہ اور سراپا ہدایت ہے۔

چونکہ قرآن مجید کوئی نصاب اور نہ کسی سلیبس کی کتاب ہے جس کو پڑھنا اور سمجھنا کسی خاص طبقے کا ہی کام ہے بلکہ ہر خاص وعام شخص کی ضرورت ہے اس ضرورت کو پورا کرنے اور خالصتاً قرآن مجید کی تعلیمات کو عام کرنے کیلئے آفاق، اقراء، دارارقم اور دیگر تمام اداروں کے نصاب کو مدنظر رکھتے ہوئے تجربہ کار اساتذہ کی زیر نگرانی یہ کتاب ''رہنمائے ترجمۃ القرآن'' مرتب کی گئی ہے۔

کتاب کی خصوصیات

اس کتاب میں طالب علم کی آسانی کے لئے ہر سبق کی معلومات ایک ہی جگہ پر میسر کی گئی ہیں

قرآنی ذخیرہ الفاظ، معانی اور حوالہ جات اس طرح سے لکھے گئے ہیں کہ طالب علم خواہ کسی بھی عمر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا کیوں نہ ہو قرآن مجید کا ترجمہ سیکھ سکے۔اس کتاب میں ہر قاعدے کی معروضی مشق، قرآنی حوالے اور ترجمہ کے ساتھ بنائی گئی ہے، تا کہ طالب علم مشق حل کرتے وقت قرآن مجید کے حوالے اور ترجمے سے مدد لے کر مشق حل کر سکے۔اس کتاب میں قرآن مجید کی ترکیب اور عربی، اردو بول چال سکھانے کی ہر ممکن کوشش کی گئی ہے

کتاب کے فوائد و ثمرات

یہ بات درست ہے کہ قرآن مجید سیکھے بغیر اس پر عمل نہیں کیا جا سکتا اور کسی بھی نظریہ، سوچ کو پروان چڑھانے کے لئے اہم اور کلیدی کردار اساتذہ کرام کا ہی ہوتا ہے فرمانِ نبوی ﷺ ہے کہ ''میں معلم بنا کر بھیجا گیا ہوں''۔

حضرت عمرؓ سے کسی نے پوچھا۔اے! امیر المومنین اگر آپ خلیفہ وقت نہ ہوتے تو آپ کیا ہوتے آپؓ فرمایا میں ''معلم'' ہوتا۔یقیناً یہ اعزاز مجھے اور آپ کو اس وقت ہی حاصل ہو سکتا ہے جب میں اور آپ اپنی صوابدیدی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر قرآن مجید کی تعلیمات کو عام کر کے اپنی ذمہ داریوں سے عہدہ براہ ہوں اور اساتذہ کرام کی اس محنت سے مستقبل کے یہ معمار ہمارے معاشرے میں مثبت تبدیلی کا ہراول دستہ بنیں گے۔یہی اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے چاہتا ہے مجھے یقین ہے کہ اساتذہ کرام میری اس مختصری درخواست پر غور فرمائیں گے

اللہ تعالیٰ میری اور آپ کی اس معمولی محنت کو شرف قبولیت بخشے اور اسے ہمارے والدین اور اساتذہ کرام کی مغفرت اور نجات کا باعث بنائے۔آمین!

قاری حبیب الرحمن قریشی

25-04-2014

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حسنِ ترتیب

		صفحہ
1	پیش لفظ	
2	فرمانِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قرآن مجید کی عظمت وفضیلت	1
3	اظہار تشکر	3
4	تقریظات	7
5	تاثرات	9
6	عربی زبان میں صرف ونحو کی اہمیت	12
7	قرآن مجید سے دوری کے اسباب	13
	(حصہ اول) **رموز اوقاف**	
8	تلاوت قرآن مجید کے جملہ قواعد	20
9	تلاوت کا طریقہ معروف ومجہول (آدھی اور پوری آواز کا فرق)	28
10	بیان مخارج (مخرج معلوم کرنے کا آسان طریقہ)	29
11	مخرج بدلنے سے معانی کا بدلنا	37
12	اظہار، اقلاب، ادغام اور اخفاء	39
13	عربی اصلاحات	46
	(حصہ دوئم) **علم النّحو**	
14	سبق نمبر 1 حرکت اور اعراب مع مشق نمبر 1	50
15	(سبق نمبر 2) اسم کی تعریف اور اس کی اقسام مع مشق نمبر 2	53
16	(سبق نمبر 3) شمسی وقمری حروف مع مشق نمبر 3	54

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

17	(سبق نمبر 4)	اسم بلحاظ حالت مع مشق نمبر 4	55
18	(سبق نمبر 4)	اسم بلحاظ وسعت مع مشق نمبر 4	56
19	(سبق نمبر 4)	اسم معرفہ کی 7 اقسام مع مشق نمبر 4	57
20	(سبق نمبر 4)	اسم بلحاظ عدد مع مشق نمبر 4	61
21	(سبق نمبر 4)	اسم بلحاظ جنس مع مشق نمبر 4	67
22	(سبق نمبر 5)	لفظوں کی پہچان (اعراب کے حوالے سے) مع مشق نمبر 5	73
23	(سبق نمبر 6)	ضمائر کا بیان	78
24	(سبق نمبر 6)	ضمائر کا چارٹ	82
25	(سبق نمبر 7)	مرکب	83
26	(سبق نمبر 7)	مرکب کی اقسام	85
27	(سبق نمبر 7)	مرکب جاری مع مشق نمبر 7	86
28	(سبق نمبر 7)	مرکب اضافی مع مشق نمبر 7	88
29	(سبق نمبر 7)	مرکب اضافی میں ضمائر کا استعمال	89
30	(سبق نمبر 7)	مرکب اضافی میں حرف نداء کا استعمال	90
31	(سبق نمبر 7)	مرکب توصیفی	91
32	(سبق نمبر 7)	مرکب توصیفی کی قرآنی مثالیں مع مشق نمبر 7	92
33	(سبق نمبر 7)	مرکب اشاری	93
34	(سبق نمبر 7)	مرکب عددی	94
35	(سبق نمبر 8)	مرکب تام جملہ اور اس کی اقسام	96

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

36	(سبق نمبر 8)	جملہ اسمیہ میں اسماء اشارہ کا استعمال		99
37	(سبق نمبر 8)	جملہ اسمیہ میں ضمائر کا استعمال		100
38	(سبق نمبر 8)	جملہ اسمیہ میں تاکید پیدا کرنا	مع مشق نمبر 8	102
39	(سبق نمبر 8)	جملہ اسمیہ میں نفی کا مفہوم	مع مشق نمبر 8	103
40	(سبق نمبر 8)	جملہ اسمیہ کو سوالیہ بنانا	مع مشق نمبر 8	104
41	(سبق نمبر 9)	اسماء استفہام		105
42	(سبق نمبر 9)	عربی اردو بول چال سیکھیں	مع مشق نمبر 9	109
		علم الصّرف		
43	(سبق نمبر 10)	اسم اور مصدر میں فرق	مع مشق نمبر 10	111
44	(سبق نمبر 11)	مادہ یا حروف اصلی	مع مشق نمبر 11	112
45	(سبق نمبر 12)	وزن (شکل)	مع مشق نمبر 12	113
46	(سبق نمبر 13)	فعل کی تعریف اور اسکی پہچان		114
47	(سبق نمبر 13)	فعل کی گردان	مع مشق نمبر 13	115
48	(سبق نمبر 14)	صیغہ کی تعریف	مع مشق نمبر 14	116
49	(سبق نمبر 15)	فعل ماضی کی ضمائر سے پہچان	مع مشق نمبر 15	118
50	(سبق نمبر 16)	فعل ماضی کی پہچان اور ابواب	مع مشق نمبر 16	120
51	(سبق نمبر 17)	ماضی مجہول کی تعریف اور اس کی پہچان	مع مشق نمبر 17	122
52	(سبق نمبر 18)	قواعد افعال ناقصہ اور گردانیں	مع مشق نمبر 18	124
53	(سبق نمبر 19)	ماضی کی اقسام	مع مشق نمبر 19	128

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

54	(سبق نمبر 20) فعل کی اقسام مع مشق نمبر 20	132
55	(سبق نمبر 21) فعل با فاعل اور فاعل کا فرق مع مشق نمبر 21	133
56	(سبق نمبر 22) جملہ فعلیہ مع مشق نمبر 22	134
57	(سبق نمبر 23) جملہ فعلیہ میں ضمائر کا استعمال مع مشق نمبر 23	136
58	(سبق نمبر 24) جملہ فعلیہ میں فعل لازم کو متعدی بنانے کا قاعدہ مع مشق نمبر 24	139
59	(سبق نمبر 25) جملہ فعلیہ کو نافیہ بنانا مع مشق نمبر 25	140
60	(سبق نمبر 26) جملہ فعلیہ میں فعل ماضی کو حال بنانا مع مشق نمبر 26	141
61	(سبق نمبر 27) جملہ فعلیہ میں ماضی مجہول اور نائب الفاعل مع مشق نمبر 27	141
	فعل مضارع	
62	(سبق نمبر 28) فعل مضارع (حال اور مستقبل) مع مشق نمبر 28	143
63	(سبق نمبر 29) فعل مضارع کے اوزان مع مشق نمبر 29	145
64	(سبق نمبر 30) فعل مضارع میں مادہ نکالنے کا طریقہ مع مشق نمبر 30	146
65	(سبق نمبر 31) وزن نکالنے کا طریقہ مع مشق نمبر 31	147
66	(سبق نمبر 32) فعل مضارع کا صیغہ مع مشق نمبر 32	148
67	(سبق نمبر 33) فعل مضارع معروف کو نافیہ و مضارع مجہول بنانا مع مشق نمبر 33	149
68	(سبق نمبر 34) فعل مضارع معروف و مجہول کو مستقبل قریب و بعید بنانا مع مشق نمبر 34	150
69	(سبق نمبر 35) لام تاکید نون باثقیلہ ونون خفیفہ مع مشق نمبر 35	152
70	(سبق نمبر 36) مضارع معروف کا جملہ فعلیہ میں استعمال مع مشق نمبر 36	153
71	(سبق نمبر 37) فعل مضارع مجہول کے ساتھ مفرد نائب فاعل مع مشق نمبر 37	157
72	**مفاعیل خمسہ**	158

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

73	(سبق نمبر 38) مفعول بہ	مع مشق نمبر 38	158
74	(سبق نمبر 38) مفعول مطلق	مع مشق نمبر 38	159
75	(سبق نمبر 38) مفعول لہ		160
76	(سبق نمبر 38) مفعول فیہ		161
77	(سبق نمبر 38) مفعول معہٗ	مع مشق نمبر 38	162
78	(سبق نمبر 39) مضارع کے تغیرات (مضارع کے ناصبہ)	مع مشق نمبر 39	163
79	(سبق نمبر 40) فعل مضارع کو جازمہ	مع مشق نمبر 40	165
	ابواب ثلاثی مزید فیہ		
80	ابواب ثلاثی مزید فیہ اور انکی خاصیتیں		170
81	حروفِ اصلی اور زائد حروف کی پہچان		171
82	ثلاثی مزید فیہ کی اہمیت اور ضرورت		172
83	(سبق نمبر 41) باب اِفْعَالٌ	مع مشق نمبر 41	173
84	(سبق نمبر 42) باب تَفْعِیلٌ	مع مشق نمبر 42	178
85	(سبق نمبر 43) باب تَفَعُّلٌ	مع مشق نمبر 43	182
86	(سبق نمبر 44) باب مُفَاعَلَةٌ	مع مشق نمبر 44	185
87	(سبق نمبر 45) باب تَفَاعُلٌ	مع مشق نمبر 45	190
88	(سبق نمبر 46) باب اِفْتِعَالٌ	مع مشق نمبر 46	193
89	(سبق نمبر 47) باب اِسْتِفْعَالٌ	مع مشق نمبر 47	197
90	(سبق نمبر 48) باب اِنْفِعَالٌ	مع مشق نمبر 48	200
91	(سبق نمبر 49) باب اِفْعَلَّ		202

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

92	(سبق نمبر 50)	ابواب رباعی مجرد		203
93	(سبق نمبر 51)	ابواب رباعی مزید فیہ		204
94	(سبق نمبر 52)	ابواب رباعی مزید فیہ		205
95	(سبق نمبر 53)	ابواب رباعی مزید فیہ		206
		اسمائے مشتقہ		
96	(سبق نمبر 54)	اسم فاعل	مع مشق نمبر 54	207
97	(سبق نمبر 55)	اسم مفعول	مع مشق نمبر 55	210
98	(سبق نمبر 56)	اسم صفت مشبہ		211
99	(سبق نمبر 57)	اسم ظرف		213
100	(سبق نمبر 58)	اسم آلہ		214
101	(سبق نمبر 59)	اَفْعَلُ التَّفْضِيل		215
102	(سبق نمبر 60)	اسم مبالغہ	مع مشق نمبر 60	218
103		**فعل کی ہفت اقسام**	مع مشق نمبر 61	220
104	(سبق نمبر 61)	اجوف	مع مشق نمبر 61	227
105	(سبق نمبر 62)	مثال	مع مشق نمبر 62	234
106	(سبق نمبر 63)	ناقص	مع مشق نمبر 63	236
107	(سبق نمبر 64)	لفیف	مع مشق نمبر 64	242
108	(سبق نمبر 65)	مضاعف کے قواعد	مع مشق نمبر 65	244
109	(سبق نمبر 66)	مہموز	مع مشق نمبر 66	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قرآن مجید کی عظمت وفضیلت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ اِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّهَا سَتَكُوْنُ فِتْنَةٌ قُلْتُ مَاالْمَخْرَجُ مِنْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ كِتَابُ اللّٰهِ فِيْهِ نَبَأُمَا قَبْلَكُمْ وَخَبَرُ مَا بَعْدَكُمْ وَحُكْمُ مَا بَيْنَكُمْ هُوَ الْفَصْلُ لَيْسَ بِالْهَزْلِ مَنْ تَرَكَهُ مِنْ جَبَّارٍ قَصَمَهُ اللّٰهُ وَمَنِ ابْتَغَى الْهُدٰى فِيْ غَيْرِهٖ اَضَلَّهُ اللّٰهُ وَهُوَ حَبْلُ اللّٰهِ الْمَتِيْنُ وَهُوَ الذِّكْرُ الْحَكِيْمُ وَهُوَ الصِّرَاطُ الْمُسْتَقِيْمُ هُوَ الَّذِیْ لَا تَزِيْغُ بِهِ الْاَهْوَاءُ وَلَا تَلْتَبِسُ بِهِ الْاَلْسِنَةُ وَلَا يَشْبَعُ مِنْهُ الْعُلَمَاءُ وَلَا يَخْلَقُ عَنْ كَثْرَةِ الرَّدِّ وَلَا تَنْقَضِیْ عَجَائِبُهُ هُوَ الَّذِیْ لَمْ تَنْتَهِ الْجِنُّ اِذْ سَمِعَتْهُ حَتّٰى قَالُوْا: ﴿ اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا يَّهْدِیْ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ﴾ مَنْ قَالَ بِهٖ صَدَقَ وَمَنْ عَمِلَ بِهٖ اُجِرَ وَمَنْ حَكَمَ بِهٖ عَدَلَ وَمَنْ دَعَا اِلَيْهِ هُدِیَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ط

(رواہ الترمذی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ نے ایک دن فرمایا: آگاہ ہو جاؤ! ایک بڑا فتنہ آنے والا ہے۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس فتنہ کے شر سے بچنے اور نجات پانے کا ذریعہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: کِتَابُ اللّٰہِ۔ اس میں تم سے پہلی اُمتوں کے واقعات ہیں اور تمہارے بعد کی اس میں اصطلاحات ہیں۔ اور تمہارے درمیان جو مسائل پیدا ہوں، قرآن میں ان کا حکم اور فیصلہ موجود ہے وہ قول فیصل ہے وہ فضول بات اور یاوہ گوئی نہیں ہے۔ جو کوئی جابر و سرکش اس کو چھوڑے گا اللہ تعالیٰ اس کو توڑ کے رکھ دے گا اور جو کوئی ہدایت کو قرآن کے بغیر تلاش کرے گا اس کے حصہ میں اللہ کی طرف سے صرف گمراہی آئے گی۔ قرآن ہی حَبْلُ اللّٰہِ الْمَتِیْن یعنی (اللہ سے تعلق کا مضبوط وسیلہ ہے) اور محکم نصیحت نامہ ہے اور وہی صراطِ مستقیم ہے، وہی وہ حق مبین ہے جس کے اتباع سے خیالات کجی سے محفوظ رہتے ہیں اور زبانیں اس کو گڑ بڑ نہیں کر سکتیں اور علم والے کبھی اس کے علم سے سیر نہیں ہوں گے اور وہ کثرت مزاولت سے کبھی پرانا نہیں ہوگا اور اس کے عجائب کبھی ختم نہیں ہوں گے۔ قرآن کی یہ شان ہے کہ جب جنوں نے اس کو سنا تو بے اختیار بول اُٹھے: ''ہم نے قرآن سنا جو عجیب ہے راہنمائی کرتا ہے بھلائی کی پس ہم اس پر ایمان لے آئے۔'' جس نے قرآن کے موافق بات کہی اس نے سچی بات کہی اور جس نے قرآن پر عمل کیا وہ مستحق اجر و ثواب ہوا اور جس نے قرآن کے موافق فیصلہ کیا اس نے عدل و انصاف کیا اور جس نے قرآن کی طرف دعوت دی اس کو صراطِ مستقیم کی ہدایت نصیب ہوگی۔

(ترجمہ: معارف الحدیث از مولانا محمد منظور نعمانی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اظہارِ تشکر

اپنے والد محترم حاجی ولی محمد (مرحوم) کے نام

جنہوں نے بچپن سے لے کر جوانی تک میری تربیت میں کسی قسم کی کوئی کسر اُٹھا نہ رکھی، اور خالصتاً اللہ کی رضا کی خاطر اپنی اولاد کی پرورش کی۔ دینی شعور اُجاگر کیا۔ میں ابھی دسویں جماعت کا امتحان دے کے فارغ ہی ہوا تھا کہ مجھے ابا جان اپنی زمین (ہر چوکہ ہٹھار) جو کہ کنگن پور سٹیشن سے تقریباً تین ساڑھے تین کلومیٹر جنوب کی جانب واقع ہے، اپنے ساتھ لے جایا کرتے تھے۔ گاؤں کو جانے کا راستہ صرف ایک پگ ڈنڈی ہی تھا۔ سفر شروع کرنے سے پہلے فرمانے لگے:

دیکھو بیٹا! راستے کے دونوں طرف لہلہاتی فصلیں ہیں مثلاً (کماد) یعنی گنا، گاجر، مولی وغیرہ جو عام طور پر کھانے کی چیزیں ہیں اور اگر یہ بھی نہ ہوں تو لوگ پیدل سفر کرتے کبھی دائیں، کبھی بائیں لوگوں کی فصلوں کو خراب کر کے اپنا سفر پورا کرتے ہیں۔ دیکھو! اگر تو کھانے کی کوئی چیز ہے تو ہمارے لیے حرام ہے، اور اگر کھانے کی کوئی چیز نہیں تو بھی کسی دوسرے کی فصل کا نقصان ہے جو ہمیں زیب نہیں دیتا۔ یقیناً یہ نصیحت قرآن مجید کے عین مطابق تھی۔ ﴿يَـٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ كُلُوا۟ مِمَّا فِى ٱلْأَرْضِ حَلَـٰلًا طَيِّبًا..... ﴾ (البقرہ:۱۶۸) ''اے لوگو! کھاؤ زمین میں سے پاک حلال۔'' جس نے مجھے آج تک فائدہ دیا۔

میرے والد محترم آرمی ایجوکیشن میں آفیسر تھے۔ ۱۹۶۵ء میں ڈھاکہ (مشرقی پاکستان) میں تبادلہ ہوا۔ میں نے اس وقت آٹھویں جماعت کا امتحان دینا تھا کہ ان کے پاس کیڈٹ کالج حسن ابدال کے پیپر آئے، بطور سربراہ انہوں نے خود ہی امتحان لے کر لڑکوں کو کالج بھیجنا تھا میں نے بھی امتحان دیا۔ کالج میں داخلہ نہ جانے پر پوچھا تو ابا جان نے جواب دیا کہ تم فیل ہو گئے ہو۔ اس پر انہوں نے فرمایا کہ تم اپنی محنت سے کامیابی حاصل کرو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چونکہ وہ آرمی ایجوکیشن کور میں تھے تو لوگ ان کے لیے روزانہ کوئی چیز بطورِ (رشوت) لاتے رہتے اور میری یادداشت کے مطابق کبھی کسی سے اس ضمن میں کوئی پائی تک بھی نہ وصول کی اور نہ کوئی چیز بلکہ اُلٹا ڈانٹ ڈپٹ والا معاملہ اختیار کیا۔

میں نے ان کے منہ سے کبھی گالی، قسم، لغوگوئی، فضول بات نہ سنی بلکہ صداقت، ایمانداری، حق کو قبول کرنا، حق کا ساتھ دینا، دین سے قلبی لگاؤ، علماء کرام سے محبت کا معاملہ ہی دیکھا۔

مسجد بلال جوانہوں نے ایک قطعہ زمین خود خرید کر اس کی تعمیر کروائی اس کے لیے ایک خطیب حافظ صاحب کو منتخب کیا، معقول وظیفہ، ان کے کھانے کا اپنے گھر سے بندوبست کیا۔

ایک مرتبہ ایک آدمی نے آ کر کہا کہ حاجی صاحب میں نے مسجد کو پانچ روپے چندہ دیا ہے اور اس کی مجھے رسید نہیں ملی۔ یہ ۱۹۷۵ء، ۱۹۷۶ء کی بات ہے۔ ابا جان نے اسی وقت خطیب صاحب سے دریافت کیا، انہوں نے کہا کہ یہ پانچ روپے تو میرے (جزاک اللہ) کے ہیں۔ ان کا مسجد یا مدرسے سے کیا تعلق؟

یاد رہے کہ اتنی سی بات پر والد محترم کو سخت قسم کی آزمائش کا سامنا کرنا پڑا۔ حق گوئی اور حق کو قبول کرنا یہ ان کی سرشت میں شامل تھا۔

عمر کے آخری ایام میں ڈاکٹر اسرار احمد سے قرآن مجید سننے کے بعد ان کو اپنے گھر پر بلایا اور اپنے سارے خاندان کو راہ حق کی تلقین کرتے رہے۔

یہاں تک کہ ۱۹۸۵ء کو اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائے۔ آمین

۶ر فروری ۲۰۰۹ء
جمعۃ المبارک

حبیب الرحمٰن قریشی
لاہور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اظہارِ تشکر

اپنے رفیق فتح محمد قریشی (مرحوم) کی یاد

۱۹۸۶ء میں مسجد حرا قادری کالونی میں جمعۃ المبارک کی نماز کے بعد ملاقات ہوئی، تعارف ہوا۔ قرآن مجید سے قلبی لگاؤ کی وجہ سے تعلق بڑھتا چلا گیا۔ ۱۹۸۷ء میں تنظیم اسلامی ڈاکٹر اسرار احمد کے ہاتھ پر بیعت کی، اسی دوران ملک اشرف صاحب کی دوکان کرایہ پر لے کر قرآن سکھانے کا بندوبست کیا، یہ سال بھر جاری رہا۔ ان کی قرآن کی خدمت کی بدولت اللہ تعالیٰ نے ہمیں مسجد خدام القرآن جو اکیڈمی روڈ پر واقع ہے عطا کر دی اور ۱۹۹۰ء سے ۲۰۰۶ء تک رمضان المبارک کے دوران دورہ ترجمہ قرآن کا فریضہ ادا کرتے رہے۔

وقت کی پابندی، کم بولنا، سیدھی بات کہنا، فضولیات کو نہ سننا، حلال رزق پر اتفاق، چغلی، غیبت، حسد، بغض سے اجتناب، وعدہ کی پابندی، نگاہ نیچی کر کے چلنا، کسی کی عدم موجودگی میں اس کے بارے میں بات نہ کرنا یہ ساری باتیں میں نے ان میں بدرجہ کمال دیکھیں اور مجھے ذاتی طور پر تقریباً ۲۲ سال رفاقت نصیب ہوئی۔

والد محترم کے دنیا سے رخصت ہو جانے کے بعد فتح محمد قریشی نے میری علمی، عملی، اخلاقی، روحانی اور معاشرتی تربیت کی۔ اُن کے اس احسان کی بدولت ہی میں آج اس قابل ہوا کہ قرآن پڑھا رہا ہوں۔

حلال رزق کی اس سے بڑھ کر اور کیا مثال ہوگی کہ ایک مرتبہ اُردو بازار لاہور میں اتفاقیہ ملاقات ہوئی، میں نے پوچھا کیسے آنا ہوا؟ فرمانے لگے: میں دفتر کے کسی کام سے آیا ہوں لیکن دفتر نہیں مل رہا، میں نے اپنی دوکان پر بٹھایا، چائے پیش کی اور ان کی دوکان پر فون کر کے ایڈریس معلوم کیا اور ان کو دفتر چھوڑ آیا جہاں اُنہوں نے جانا تھا۔ دوسرے روز صبح فجر کی نماز کے بعد ۵ روپے مجھے دیے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں نے پوچھا یہ کیا؟ کہنے لگے: آپ نے میرے کام کے لیے ایک فون کیا تھا۔ میں نے یہ پیسے اپنی دوکان والوں سے لے لیے تھے۔ میں حیران رہ گیا کہ اتنی معمولی سی بات پر بھی ان کا کس قدر عمل تھا۔ میں نے ان کو آخری عمر میں بیماری کے باوجود مسجد سے غیر حاضر نہیں دیکھا۔ عمر کے آخری رمضان المبارک ۲۰۰۷ء میں مسجد خدام القرآن میں اعتکاف کیا، اعتکاف کے دوران صبح کی نماز کے بعد میرا درس قرآن سنتے اور میری اصلاح فرماتے۔

۲۷ رمضان المبارک ۲۰۰۷ء تنظیم کے اجتماع میں اپنی ایک خواہش کا اظہار کیا کہ اللہ کرے گھر گھر حبیب الرحمٰن پیدا ہو جائے، انہوں نے یہ بات میری عدم موجودگی میں کہی اور مجھے قرۃ العین صاحب نے جو اس وقت کینٹ کے امیر تھے بتائی۔

اللہ کا شکر ہے کہ میں نے جو تربیت حاصل کی اس کا امتحان پاس کیا، اللہ تعالیٰ مجھے آخری سانس تک اس بات پر کاربند رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔

۴ فروری ۲۰۰۸ء کو وہ اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مرقد کو جنت کا ایک ٹکڑا بنائے اور آخرت میں جنت الفردوس میں جگہ عنایت فرمائے۔ آمین

تحریر

حبیب الرحمٰن قریشی

لاہور

۶ فروری ۲۰۰۹ء

جمعۃ المبارک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Hafiz
Fazal-ur-Rahim
Ashrafi

Vice Chancellor: Jamia Ashrafia
Director Education: Jamia Ashrafia
Patron: Ummul Qura Institute Lahore
Patron: Ashrafia Girls College Lahore

الجامعۃ الاشرفیۃ

حافظ فضل الرحیم اشرفی

نائب مہتمم و ناظم تعلیمات جامعہ اشرفیہ، لاہور
سرپرست معہد اُمّ القریٰ، لاہور
سرپرست اشرفیہ گرلز کالج، لاہور

Ref. # ....   Dated 24-06-2014

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم اما بعد!

جناب قاری حبیب الرحمٰن قریشی صاحب کی اس کتاب کو میں نے چیدہ چیدہ پڑھ لیا اسی طرح آپ کے اسباق کو بھی سن چکا ہوں۔

مجھے دلی خوشی ہوئی کہ حق تعالیٰ نے جناب قاری صاحب کو قرآن کریم کی خدمت کی توفیق بخشی اور قبولیت بھی عطا فرمائی۔

میں یقین سے کہتا ہوں کہ ہمارے نئی نسل کے بچے اور بچیاں اگر یکسوئی کے ساتھ راہنمائے ترجمۃ القرآن کتاب کو پڑھ لیں اور سمجھ لیں تو انشاءاللہ قرآن کریم سمجھنے میں ان کو کسی قسم کی دشواری نہیں ہوگی۔

میری دلی دُعا ہے کہ حق تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے قاری حبیب الرحمٰن صاحب کی اس محنت کو قبولیت عامہ عطا فرمائے اور اُنکو اس میدان میں مزید خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔

وصلی اللہ تعالی علی النبی الکریم والہ وصحبہ اجمعین امین وبرحتمک یاارحم الراحمین

محتاجِ دُعا

حافظ فضل الرحیم اشرفی
خادم حدیث ونائب مہتمم
جامعہ اشرفیہ فیروز پور روڈ لاہور

Postal Address: House # 1, Jamia Ashrafia Ferozepur Road, Lahore - 54600
Ph: +92-42-37429591 Fax: +92-42-37552986 E-Mail: hfrahim@gmail.com Website: www.jamiaashrafia.org

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شیخ الحدیث
مولانا عبدالمالک
سابق ممبر قومی اسمبلی
سابق ممبر اسلامی نظریاتی کونسل
☆ شیخ الحدیث وناظم اعلیٰ جامعہ مرکز علوم اسلامیہ منصورہ
☆ صدر رابطۃ المدارس الاسلامیۃ پاکستان
☆ صدر جمعیت اتحاد العلماء پاکستان

تاریخ 28/6/2014

حوالہ ____________

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تعارف راہنمائے ترجمۃ القرآن

''راہنمائے ترجمۃ القرآن'' کے نام سے جناب قاری حبیب الرحمٰن قریشی صاحب نے ایک ایسی کتاب مرتب فرمائی ہے جس سے قرآن پاک کے پڑھنے کے قواعد اور عربی زبان کے قواعد صرف ونحو اچھی طرح سمجھ میں آجاتے ہیں جس کے بعد ایک شخص قرآن پاک کو صحیح تلفظ کے ساتھ بصیرت کے ساتھ پڑھ سکتا ہے اور قرآن پاک کے ترجمہ کو بھی علی بصیرۃ سمجھ سکتا ہے۔ قاری حبیب الرحمٰن قریشی صاحب کو اللہ تعالیٰ نے یہ دینی جذبہ عنایت فرمایا ہے انہوں نے بڑی محنت سے قرآن مجید کی قرأت سیکھی اور بڑی محنت سے قرآن پاک کے ترجمہ کے قواعد صرف ونحو سیکھے اور ان میں اچھی طرح مہارت حاصل کی اور اس وقت وہ مختلف جگہوں پر خلق خدا کو فیض پہنچانے میں مصروف ہیں۔ انہیں عربی زبان اور قرآن پاک کے فہم اور درس قرآن سے وابستہ کرنے میں مصروف ہیں۔ اس کتاب راہنمائے ترجمۃ القرآن کی خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس میں معروضی مشقیں بھی کرائی گئی ہیں تا کہ طالب علم پڑھنے کے ساتھ ساتھ معلوم کرتا رہے کہ اس نے جو پڑھا ہے اس کا کس قدر حق ادا کیا ہے اور اس کے استاد کو بھی پتہ چل جائے کہ اس کے شاگرد نے جو پڑھا ہے اس میں کیا مقام پیدا کیا ہے یہ عربی زبان اور اس کے قواعد کی تعلیم کا مروجہ طریقوں سے الگ اور ممتاز طریقہ ہے اور اس کے ذریعہ ایک طالب علم تھوڑے ہی عرصہ میں براہ راست ترجمہ قرآن کرنے، قرآن پاک سمجھنے اور تفاسیر کی مدد سے اس میں مزید وسعت پیدا کرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔ اس کتاب کے ذریعہ جو فیض عام کیا جا رہا ہے عامۃ المسلمین اس کو غنیمت سمجھیں اور کچھ ساعتیں قرآن پاک کو سیکھنے کے لئے وقف کر دیں اور اس کتاب کے ذریعہ اپنے سینے کو علم قرآن کے نور سے منور کریں۔ ان چند تعریفی اور تعارفی کلمات کے ساتھ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ قاری حبیب الرحمٰن قریشی صاحب کی اس خدمت کو قبول فرمائے اور اس کے ذریعہ فہم قرآن کے دائرہ کو وسعت عطا فرمائے۔ آمین

(مولانا) عبدالمالک

منصورہ لاہور

28 جون 2014

شیخ الحدیث

جامعہ مرکز علوم اسلامیہ منصورہ لاہور

منصورہ، ملتان روڈ، لاہور۔ فون: 042-35419520 فیکس: 042-35432194 ای میل: m.abdul.malik.lhr@gmail.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

تاثرات

عربی زبان اُمُّ الْاَلْسِنَه (یعنی زبانوں کی ماں) ہے، یہ زبان دنیا کی تمام زبانوں پر فوقیت رکھتی ہے اس میں ناموافق حالات میں بھی زندہ رہنے کی قوت ہے۔ یہ زبان خطابت اور شاعری کے لیے انتہائی مناسب ہے، یہ زبان عالمی ثقافت کی علم بردار ہے۔ جب آپ اس کے غوامض میں غور وفکر کی نگاہ ڈالیں گے تو آپ کو اس کے الفاظ سے معانی کے سمندر پھوٹتے دکھائی دیں گے اس کے الفاظ کی تاثیر کے کیا کہنے! یہ اس قدر باثروت زبان ہے کہ تاریخ کے کسی دور میں بھی اس کے ذخیرۂ الفاظ میں قحط کی کیفیت نہیں پائی گئی۔ آج بھی یہ زبان دین وثقافت کی زبان ہونے کے ساتھ ساتھ سائنس اور ٹیکنالوجی کی زبان بننے کی بدرجہ اتم اہلیت رکھتی ہے اس کی نثر میں شعر کی سی مٹھاس ہے اور اس کی شاعری سلاستِ لفظی اور علوّ معانی اور کمالِ اسلوب کی آئینہ دار ہے۔

مسلمانوں کی عربی زبان سے دلچسپی اس کے دینی پہلو سے ہے اور اُمتِ مسلمہ کے قرآن مجید کے ساتھ فقید المثال لگاؤ کے تقاضے کے تحت عجمی مسلمان بھی عربی سیکھنے کے ہمیشہ سے شائق رہے ہیں۔ چنانچہ جہاں عرب ممالک میں تدریس قواعد عربیہ کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضمن میں ہزاروں کتب منصۂ شہود پر آئیں وہاں عجمی مسلمانوں نے بھی اس میدان میں اپنا کردار ادا کیا ہے اور حکومتی سرپرستی کے بغیر نامساعد حالات میں بھی قرآن کی زبان کی قابل قدر خدمات سرانجام دی ہیں، اس سلسلے میں برصغیر پاک وہند و بنگلہ دیش کے مسلمان علماء و اساتذہ کرام کا حصہ کچھ کم نہیں ہے اور باجودیکہ ہمارے یہاں کے نصاب تدریس اور طریقۂ تدریس میں خامیاں اور کوتاہیاں موجود ہیں، مسلم معاشرہ میں عربی زبان کی تعلیم و تعلّم کا جذبہ ماند نہیں پڑا۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِكَ

میرے عزیز حبیب الرحمٰن صاحب (جن کے نام کے ساتھ ڈگری کا لاحقہ موجود نہیں ہے) بھی حبِ دین اور خدمتِ لغۃ قرآن کے جذبے کے تحت اس میدان میں اُترے ہیں، آپ اُردو بازار لاہور میں سٹیشنری کے تاجر ہیں مگر اپنی تجارتی مصروفیات سے بھرپور زندگی میں سے نہایت پابندی کے ساتھ درسِ قرآن کریم اور درسِ قواعد عربی زبان کے لیے وقت نکال لیتے ہیں۔ یہ جذبہ ان کو اللہ تعالیٰ کی توفیق سے ودیعت ہوا ہے جس کے ظاہر اسباب وعوامل ان کے تنظیم اسلامی کے رکن ہونے اور جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب سے فیض یاب ہونے سے وابستہ ہیں۔ درس و تدریس پر مستزاد یہ کہ انہوں نے قرآن مجید کو سمجھ کر پڑھنے پڑھانے کی نیت سے ایک کتاب کو بھی تالیف کیا ہے جو ان کی محنت، قرآن حکیم سے قلبی لگاؤ اور دل سوزی کی غماز ہے ان کی یہ کوشش اپنی جگہ پر بہت ہی مستحسن اور قابل ستائش ہے یقیناً یہ ایک کامیاب کوشش ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کتاب کا پہلا حصہ قرآن کریم کی قرأت کے قواعد پر مشتمل ہے اور اپنے اختصار کے باوجود نہایت مفید ہے اور مخارج حروف کے بیان میں عام قاری کی ضرورت کو پورا کرتا ہے اور وہ مخارج کے شعور کے ساتھ تلاوتِ قرآن مجید میں زیادہ پُر اعتماد ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو قبول فرمائے اور اس کے نفع کو عام کرے۔ آمین

کتاب کا دوسرا حصہ عربی زبان کے قواعد پر مشتمل ہے اور مؤلف کی محنت اور عرق ریزی کا آئینہ دار ہے۔ میں نے پوری کتاب کے ابتدائی مسودہ کو بالاستیعاب پڑھنے کے بعد فاضل مؤلف کو بعض تجاویز بھی دی ہیں اور شکر گزار ہوں کہ محترم مؤلف نے ان کو شرفِ قبولیت سے نوازا ہے۔ اب موجودہ شکل میں کتاب ابتدائی مسوّدہ کی خوب سے خوب تر تعبیر کی صورت میں سامنے آئی ہے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس محنت کو قبول فرمائے اور مؤلف کے لیے توشۂ آخرت بنائے اور شائقین عربی کے لیے مفید ثابت ہو۔ (آمین)

خاکسار
(پروفیسر) ریاض الرحمن قریشی
ایم-اے (عربی) بی ایڈ

خاکسار

(پروفیسر) ریاض الرحمٰن قریشی

ایم۔اے (عربی) بی ایڈ

سابق معلم عربی زبان وادب، بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی (ملتان)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عربی زبان میں صرف ونحو کی اہمیت

عربی ایک فصیح وبلیغ زبان ہے جس کا تعلق سامی زبانوں سے ہے۔ اس میں بڑا نظم وضبط پایا جاتا ہے۔ اس کے الفاظ اور کلمات کے اوزان، صیغے اور قواعد مقرر ہیں۔ کوئی لفظ یا کلمہ اپنے وزن، صیغے اور قاعدے سے باہر نہیں جا سکتا۔ گویا یہ ایک منضبط اور منظّم زبان ہے جو اپنے اصول وضوابط رکھتی ہے۔

دوسری زبانوں مثلاً اُردو، انگریزی کو آپ بغیر گرائمر اور قواعد جانے بھی پڑھ اور سمجھ سکتے ہیں لیکن عربی زبان کا یہ حال ہے کہ اگر آپ اس کی گرائمر اور صرف ونحو سے ناواقف ہیں تو اس کی نہ تو عبارت پڑھ سکتے ہیں اور نہ اسے سمجھ سکتے ہیں اس لیے عربی زبان جاننے کے لیے عربی صرف ونحو لازمی ہے۔ مثلاً ضرب احمد عُثمان تو اس کے ایک معنی یہ ہیں کہ احمد نے عثمان کو مارا۔ لیکن اس کے یہ معنی بھی ممکن ہیں کہ عثمان نے احمد کو مارا۔ اس طرح ایک ہی جملے کے متضاد اور اُلٹ معنی ہو سکتے ہیں۔

قرآن مجید کو سمجھنے کے لیے بھی عربی گرائمر ضروری ہے اس کے بغیر آپ قرآن مجید کو صحیح طور پر نہیں سمجھ سکتے۔

زیرِ نظر کتاب اسی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے لکھی گئی ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے مصنف کی محنت کو قبول فرمائے اور اس کتاب کو قرآن مجید کے سمجھنے میں مددگار اور مفید بنائے۔ آمین

والسلام

محمد رفیق چودھری

(ایم اے اسلامیات۔ ایم اے عربی)

لاہور

۱۰/ دسمبر ۲۰۰۳ء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قرآن مجید سے دوری کے اسباب!

بیس سال کے تدریسی تجربے سے ایک بات شدت سے محسوس ہوئی کہ آج اُمتِ مسلمہ بالخصوص مسلمانانِ پاکستان جس پستی کا شکار ہوتے چلے جا رہے ہیں اس کی سب سے بڑی وجہ قرآن مجید کو سمجھ کر نہ پڑھنا ہے۔

- جن حالات سے آج ہم دوچار ہیں ان کی چند وجوہات ہیں جن کی بناء پر ہم پر ذلت ورسوائی مسلّط ہوتی چلی جا رہی ہے، یہ وجوہات کوئی ایسی نہیں جو سمجھی نہ جاسکتی ہوں جو گنی نہ جاسکتی ہوں جن کا ازالہ نہ کیا جاسکتا ہو بلکہ قابل فہم ہیں۔
- مسلمان ہونے کے ناطے گمان کیا جاسکتا ہے کہ مسلمانوں کی کثیر تعداد بچپن میں ناظرہ قرآن مجید کم ازکم ایک بار تو ضرور پڑھ لیتی ہے پھر اس پر مطمئن ہو جانا کہ ہم نے قرآن مکمل طور پر پڑھ لیا ہے۔ دوبارہ شاید ہی کبھی اس کو کھولنے کا موقع ملے ماسوائے کسی ختمِ قرآن پر یا ایصال ثواب کے لیے۔

ایسا کیوں نہ ہو؟ میرے اندازے کے مطابق سکول کی تعلیم، روزگار کی تلاش مکان، شادی، اولاد یہ سارے مراحل طے ہوتے ہوتے انسان لاشعور سے شعور میں داخل ہو جاتا ہے اور اس دوران اس کی عمر کے تقریباً 25 سال گزر چکے ہوتے ہیں اور اس وقت تک قرآن مجید تقریباً بھولنے کے مترادف ہوتا ہے جس کی وجہ سے آدمی کسی کو قرآن مجید سنانا بھی پسند نہیں کرتا۔

جیسا کہ ایک حدیث رسول ﷺ میں فرمایا گیا ہے کہ علم دو وجہ سے کم ہوتا ہے ایک تو آدمی شرم محسوس کرے، دوسرا تکبر کرے۔ شرم سے مراد کہ کسی سے کوئی بات نہ پوچھے یا غلطی کی وجہ سے نہ سنائے اور تکبر سے مراد کہ آدمی یہ گمان کرے کہ مجھے پہلے سے ہی آتا ہے۔ میں نے تو قرآن مجید

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پڑھا ہوا ہے اس کی وجہ سے بھی وہ قرآن مجید سے دور ہوتا چلا جاتا ہے

- سورۃ النسآء آیت ۱۷۲، ۱۷۳ میں ارشاد ہے "جن لوگوں نے اللہ کی بندگی کو اپنے لیے ننگ وعار سمجھا اور تکبر کیا تو وہ "اللہ" انہیں دردناک عذاب دے گا اور اللہ تعالیٰ نے ایسے لوگوں کے لیے قیامت کے دن دردناک عذاب کی وعید سنائی ہے۔
- اور اس پر مستزاد یہ کہ اسلام دشمن قوتوں نے بھی ہمیں مہنگائی کی طرف دھکیل دیا ہے اور دن بدن انسان کو اپنی دووقت کی روٹی بھی میسر ہوتی نظر نہیں آتی جس کی وجہ سے بھی ہماری توجہ قرآن سے دور ہوتی جارہی ہے۔
- اگر بچوں کی تعلیم کا مسئلہ دیکھیں تو ہمارے سکولز اور کالجز میں بھی آکسفورڈ کی کتابیں جو کہ مشکل ترین نصاب پر مشتمل ہوتی ہیں اور بہت مہنگی ہوتی ہیں اس کے علاوہ اگر کوئی متوسط طبقے کا آدمی اپنی اولاد کو سکول کی تعلیم دلوانا چاہے تو اسے سکول کی فیس کے علاوہ ٹیوشن کا بندوبست بھی کرنا پڑتا ہے جس کی وجہ سے اسے زیادہ وقت دولت کمانے کی فکر ہوتی ہے۔
- اگر علاج معالجے کی طرف توجہ ڈالیں تو وہ بھی ایک عام آدمی کے بس سے باہر ہوتا چلا جارہا ہے جن کو پورا کرنے کے لیے بھی آدمی کو صبح وشام محنت کرنا پڑتی ہے اس کے علاوہ معاشرے میں ظلم اور ناانصافیوں کی وجہ سے بھی آدمی کو مختلف مسائل سے دوچار ہونا پڑتا ہے جن کی وجہ سے قرآن مجید پر وقت لگانا تو درکنار آدمی نماز کی طرف بھی توجہ نہیں کرپاتا۔
- فحاشی کا عام ہونا اور راتوں کو دیر سے سونا بھی ایک سازش (حربہ) کے طور پر استعمال کیا جارہا ہے غرض کہ انسان کو کسی نہ کسی بہانے دین سے دور کرنا دشمنانِ اسلام کا مشن ہے۔

جہاں تک قرآن مجید سے دوری کا تعلق ہے ہمارے ہاں فرقہ بندی، مسلک پرستی نے بھی کوئی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کسر اُٹھا نہیں رکھی۔

- کسی نے فضائل اعمال سے تعلیم دینا شروع کر رکھی ہے اور کسی نے فیضانِ سنت کو ہی اپنا مقصد بنالیا ہے کسی نے صرف احادیث کو ہی اپنا مطلوب بنالیا ہے اور اکثریت کا تو حال یہ ہے کہ سنی سنائی بات پر ہی مطمئن ہو کر رہ گئے ہیں۔

- یہی نہیں بلکہ اب تو لوگوں کے ذہنوں میں قرآن مجید کے بارے میں طرح طرح کے شکوک وشبہات ڈالے جا رہے ہیں۔ مثلاً قرآن مجید آسان کتاب نہیں ہے کہ یہ کتاب عالموں کے پڑھنے کی ہے اس کتاب کو پڑھنے کے لیے ۱۸ علوم سیکھنے ہوں گے تب کہیں جا کر کوئی قرآن پڑھنے اور سمجھنے کے قابل ہو سکتا ہے۔

- اس کے برعکس سورۃ القمر میں ایک ہی آیت چار بار بیان فرمائی ہے

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿17﴾ ﴾

''اور ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان کر دیا ہے تو ہے کوئی جو سوچے اور سمجھے''

- الغرض شیطان نے بھی ہمیں جزوی نیکی پر مطمئن کر کے پورے دین کو اختیار کرنے سے روک رکھا ہے اور ہم صرف نماز اور زیادہ سے زیادہ رمضان کے روزے رکھ کر خوش ہو جاتے ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَآفَّةً ۠ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۲/۲۰۸ (البقرۃ)

ترجمہ: ''اے ایمان والو! دین میں پورے کے پورے داخل ہو جاؤ اور شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو وہ تمہارا کھلم کھلا دشمن ہے۔''

کے مطالعے سے یہ بات سمجھ آتی ہے کہ پورے دین میں داخل ہونے کے حکم کے ساتھ ہی شیطان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے بچنے کا حکم اس بات کی دلیل ہے کہ وہ بذاتِ خود انسان کو جزوی نیکی پر کاربند کر دیتا ہے تا کہ آدمی کی توجہ پورے دین سے ہٹی رہے۔

- سورۃ بقرہ کی آیت ۸۵ کی رُو سے ہماری ذلت ورسوائی کا سبب بھی یہی ہے بلکہ آخرت میں بھی انسان شدید ترین عذاب میں جھونک دیا جائے گا۔

اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَ تَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ فَمَا جَزَآءُ مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ وَ مَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ (البقرۃ ۲/۸۵)

ترجمہ: کیا (بات ہے کہ) تم کتاب (خدا) کے بعض احکام کو تو مانتے ہو اور بعض سے انکار کئے دیتے ہو تو جو تم میں سے ایسی حرکت کریں ان کی سزا اس کے سوا اور کیا ہو سکتی ہے کہ دنیا کی زندگی میں تو رسوائی ہو اور قیامت کے دن سخت سے سخت عذاب میں ڈال دیئے جائیں؟ اور جو کام تم کرتے ہو خدا ان سے غافل نہیں

- باقی جہاں تک قرآن میں شیطان کے حربوں کا ذکر ہے جن کو وہ استعمال کر کے انسان کو گمراہ کر دیتا ہے۔ یہ کہ:

(i) ”وہ تم کو حرام کھانے کی ترغیب دیتا ہے کہ تم برائی اور فحاشی اور اللہ پر بہتان کا ارتکاب کرو“ (سورۃ البقرۃ، آیت ۱۶۸، ۱۶۹)

(ii) ”شیطان تمہیں مفلسی کا خوف دلاتا ہے اور فحاشی کا حکم دیتا ہے۔“ (سورۃ البقرۃ ۲۶۸)

(iii) ”جو لوگ اللہ کو چھوڑ کر سرکش شیطان کو اپنا دوست بنا لیتے ہیں جس پر اللہ نے لعنت کی ہے وہی شیطان انسان کو بہکا کر، اُمیدیں دِلا کر، جھوٹے وعدے کر کے، اور طرح طرح کی آرزوؤں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں اُلجھا کر، خسارے میں ڈال دے گا۔ شیطان کا وعدہ کرنا، اُمیدیں دلانا تو صرف اور صرف دھوکے کے سوا کچھ نہیں۔" (سورۃ النسآء آیت ۱۱۶ تا ۱۲۰)

(iv) "جب اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے کہا کہ میں زمین پر اپنا نائب بنانے والا ہوں تو تمام فرشتوں کو سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا ابلیس نے جھکنے سے انکار کر دیا اللہ کے حکم نہ ماننے پر دھتکارا گیا اور قیامت کے دن تک لعنت بھیج دی گئی۔

ابلیس نے کہا! خدایا مجھے دوبارہ اُٹھائے جانے والے دن تک مہلت دے۔

مہلت لینے کے بعد بولا جس طرح تو نے مجھے گمراہ کیا میں بھی دنیا میں لوگوں کو البتہ ضرور بالضرور سبز باغ دکھاؤں گا، البتہ ضرور بالضرور دنیا کو خوشنما دکھاؤں گا، البتہ ضرور بالضرور دنیا کو مزین کر کے دکھاؤں گا، البتہ ضرور بالضرور دنیا کو خوبصورت دکھاؤں گا اور انہیں گمراہ کروں گا۔ سوائے ان کے جو تیرے بندے خاص ہیں

اللہ نے کہا: حق کا راستہ ہی سیدھا راستہ ہے جو مجھ تک پہنچانے والا ہے۔ حق پر چلنے والے میرے بندوں پر تیرا زور نہیں چلے گا۔ تیرا زور صرف ان پر چلے گا جو لوگ دنیا کو ہی اپنا مطلوب بنالیں گے اور وہی تیری پیروی کریں گے اور جو تیری پیروی کریں گے ان کا ٹھکانہ جہنم ہے۔" (سورۃ الحجر، آیت ۳۰ تا ۴۳)

- بہر حال آج کے دور میں ان سب حالات، باطل نظریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ذرا غور سے سوچیں تو جو بات سمجھ آتی ہے کہ پاکستان کو معرض وجود میں آئے ہوئے نصف صدی سے زیادہ عرصہ گزر چکا ہے اس دوران دعوت **رجوع الی القرآن** کی طرف جو نمایاں کامیابیاں ہوتی چلی جارہی ہیں وہ بھی ایک اعتبار سے کفایت نہیں کرتیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس ضمن میں: اولاً ایک مشہور مذہبی سیاسی جماعت نے درس قرآن کے ذریعے اقامت دین کا جو بیڑا اُٹھایا اس نے ان کی زندگی میں نظریاتی تبدیلی تو پیدا کر دی مگر کلی طور پر انسان شیطان کے مقابلے میں اُسوہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اپنی زندگی نہ ڈھال سکا۔

- ثانیاً مذہبی مدرسوں میں جو قرآن مجید کی تعلیم دی جاتی ہے ان میں قرآن کے ترجمے کا سرے سے کوئی تعلق نہیں ہوتا وہ اس وجہ سے بھی کہ طالب علم اپنی بچپن کی زندگی میں قرآن مجید حفظ اور ناظرہ کی تعلیم مکمل کرنے کے لیے جاتے ہیں مگر وہ اسے سمجھنے کے قابل نہیں ہوتے۔
- ثالثاً ہمارے جمعۃ المبارک کے اجتماعات میں بھی جو تذکیر ہوتی ہے اس سے بھی لوگوں میں کوئی نمایاں تبدیلی پیدا نہیں ہو سکی اس کی بڑی وجہ لوگوں کی عدم دلچسپی اور مساجد میں دیر سے حاضر ہونا اور خصوصاً وعظ کو سُنی ان سُنی کر دینا ہے۔
- رابعاً عطاء الرحمٰن ثاقب (مرحوم) نے بھی پورے لاہور کی سطح پر پڑھے لکھے لوگوں میں عربی کلاسز کے ذریعے جو قرآن مجید سے بیداری پیدا کی اس کی مثال شاید ہی کبھی دیکھنے میں آئے اس فائدہ کے ساتھ ساتھ جو نقصان ہوتا نظر آیا کہ پڑھے لکھے لوگ عربی کے چند قواعد پڑھ کر اپنے آپ کو مطمئن کر بیٹھے اور عملی زندگی بدلنے کی فکر سے بے نیاز ہو گئے۔

یہی نہیں بلکہ:...... بانی تنظیم اسلامی جناب ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے جو ایک نظریاتی بنیاد (اقامت دین) پر درس قرآن کا جو آغاز کیا یقیناً اس کی نظیر شاید ہی کبھی مل سکے۔ اس درسِ قرآن سے بھی کچھ مخصوص لوگوں نے خاطر خواہ فائدہ اُٹھایا اپنی زندگیاں بدلیں ہزاروں لوگ درس دینے والے بن گئے اور ان کی ثابت قدمی، نظریاتی پختگی نے اپنا لوہا منوایا اور بے شمار مخالفتوں کے باوجود اپنے درسِ قرآن کے حلقے ہی نہیں بلکہ اقامتِ دین کی جدوجہد بذریعہ انقلاب ایسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جماعت تیار کردی جس نے پوری دنیا میں صحیح اُسوہ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر چلنے کی راہ دکھلا دی۔

ان سب تحریکوں اور کوششوں کے باوجود نوجوان نسل بے راہ روی کا شکار ہوتی چلی جا رہی ہے۔

ان باتوں کو ایک کہاوت سے بخوبی سمجھا جا سکتا ہے کہ:

- ''ایک استاد نے اپنے شاگرد سے پوچھا کہ اللہ نے انسان کو دو کان کس لیے دیئے ہیں؟ شاگرد نے جواب دیا: ایک کان سے سنو، دوسرے سے نکال دو۔''
- اس کام (انقلاب) کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے جیسے ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے منہج نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعے پیش کیا ہے (میری دانست میں ہے کہ) نوجوانوں کو روزانہ ایک ہی نشست میں **تَعْلِیْمُ الْقُرْآن** سے **قرآن فہمی** تک کی رسائی فراہم کرنی چاہیے۔ تاکہ وہ قرآن مجید سے حالاتِ حاضرہ کی راہنمائی لے سکیں۔
- اس ضمن میں میری پوری کوشش ہے کہ کچھ ایسے نوجوان تیار کروں جو اُن مذکورہ جماعتوں (جو دین کی علمبردار ہیں) میں شامل ہو کر اس خلاء کو پر کریں جو ابھی ہونا باقی ہے۔

مجھے اس بات کا یقین کامل ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہما اور حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق لَا يُصْلِحُ اٰخِرُهَآ اِلَّا بِمَا صَلَحَ بِهٖٓ اَوَّلُهَا یعنی (نہیں اصلاح ہوگی (اُمت کے آخری حصے کی) مگر جیسا کہ اصلاح ہوئی (اُمت کے پہلے حصے کی) اگر ہم آج بھی اس نکتے کو سمجھانے میں کامیاب ہو گئے اور یہ خلاء پورا کر دیا گیا تو ہو سکتا ہے کہ اللہ رب العزت ہمیں دوبارہ عروج عطاء فرمادے۔ آمین

مخلص

قاری حبیب الرحمٰن قریشی۔۔۔ لاہور

www.assanarabicgrammer.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حصہ اوّل **تلاوتِ قرآن مجید کے جملہ قواعد**

رموزِ اوقاف

- ہم جب کسی سے بات کرتے ہیں تو مطلب واضح کرنے کے لیے جگہ جگہ ٹھہرتے جاتے ہیں۔ کہیں کم، کہیں زیادہ، اس طرح ہماری بات کے سب حصے الگ الگ ہوتے جاتے ہیں اور سننے والا بہ سہولت سمجھتا چلا جاتا ہے۔ ہم وہی بات لکھ دیں تو پڑھنے والے کو وہ سہولت میسر نہیں آ سکتی جو سننے والے کو ہمارے جا بجا ٹھہرنے اور جسم کے بعض اعضاء کی حرکات سے حاصل ہوتی ہے۔ اس لیے تقریر میں جن جن مقامات پر ٹھہرتے جاتے ہیں تحریر میں اُن اُن مقامات پر بعض علامتیں درج کر دی جاتی ہیں تاکہ پڑھنے والے کو معلوم ہوتا رہے کہ کن کن جملوں کو ملا کر پڑھنا ہے اور کس کس جملے پر ٹھہر کر اگلے جملے کو نئے سرے سے شروع کرنا ہے۔ ایک جملے میں کم و بیش ٹھہرنا ہو تو وہاں بھی خاص خاص علامتیں درج کر دی جاتی ہیں۔ ان سب علامتوں کو رموزِ اوقاف (ٹھہرنے کے اشارے) کہتے ہیں۔
- قرآن پاک کی تلاوت کرتے وقت مقررہ وقفوں پر ہی ٹھہرنا چاہیے۔ عبارت کے درمیان نہیں ٹھہرنا چاہیے کیونکہ بعض مقامات پر رُکنے سے مطلب تبدیل ہو جاتا ہے۔ مثلاً

وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۲/۱۰۲ (البقرۃ)

''اور حضرت سلیمان علیہ السلام نے کفر نہیں کیا اور لیکن شیطان نے کفر کیا، وہ سکھاتے تھے لوگوں کو جادو اور حالت یہ تھی کہ آدمیوں کو بھی سحر کی تعلیم دیا کرتے تھے۔''

اگر وَمَا پر وقف کر لیا جائے۔ كَفَرَ سُلَيْمٰنُ کو الگ پڑھا جائے تو اس کا مطلب ہوگا ''حضرت سلیمان نے کفر کیا جو کہ بالکل مفہوم کے خلاف ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایک اور مثال سُوْرَةُ الْکٰفِرُوْنَ کی ہے۔

لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۱۰۹/۲ ترجمہ: ''نہیں میں بندگی کرتا جس کی بندگی کرتے ہو۔''

اگر اس آیت سے لَا کو الگ پڑھا جائے اور اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ پڑھا جائے تو مطلب یہ ہوگا ''میں اس کی عبادت کروں گا جس کی تم عبادت کرتے ہو۔'' جو کہ مفہوم کے خلاف ہے۔

اُردو میں بھی اگر صحیح مقام پر نہ ٹھہرا جائے تو مطلب کچھ کا کچھ ہو جاتا ہے مثلاً ایک جملہ ہے: روکو مت جانے دو۔ اگر اس کو یہ پڑھا جائے: روکو۔ مت جانے دو تو میں اس میں ''روکنے'' اور ''نہ جانے'' کا حکم ہے اور اگر اس کو یہ پڑھا جائے، روکو مت۔ جانے دو۔ تو اب اس کا مفہوم اُلٹ گیا یعنی ''نہ روکنے'' اور ''جانے'' کا حکم ہے اُردو عبارت لکھتے وقت اس میں کئی نشانات لگائے جاتے ہیں۔

مثلاً '' '' ( ) ؟ ۔ ! :۔ وغیرہ

قرآن مجید کی باہم قرأت کے لیے بھی خاص رموزِ اوقاف مقرر ہیں۔ ہر رمز کی کیفیت ذیل کی تفصیل سے واضح ہو جائے گی۔

○ یہ دائرہ اٰیَۃٌ کی علامت ہے جو فی الحقیقت لفظ اٰیَۃٌ کی گول ''ۃ'' (تَآءٌ مُدَوَّرَۃٌ ہے۔ یہ وقفِ تام کی علامت ہے اس کا نام وقفِ کوفی بھی ہے قُرَّآء کے نزدیک قرآن مجید میں ۶۲۳۶ (چھ ہزار دو سو چھتیس) آیات ہیں۔ دائرے یعنی، علامتِ آیت پر پہنچ کر وقف کر لینا چاہیے۔ اب ''ۃ'' تو نہیں لکھی جاتی چھوٹا سا حلقہ ڈال دیا جاتا ہے۔

◉ اللہ تعالیٰ نے سورتوں کی شکل میں پورے قرآن مجید کو تقسیم کر کے قرآن مجید کے وعظ اور مطالعہ کو ہمارے لیے آسان کر دیا ہے اور پھر ہماری سہولت اور مضامین

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی وضاحت کے لیے سورتوں کی مزید تقسیم کر کے ہر سورت میں آیات کی حد بندی کر دی ہے۔

آیت کے لغوی معنی ''نشانی'' کے ہیں۔ یعنی واضح ''علامت'' راستے کے نشانات جو سفر کی سہولت کے لیے قائم کیے جاتے ہیں انہیں بھی آیات کہتے ہیں۔ قرآن کی آیات ہمارے منزل مقصود (یعنی اللہ) تک ہماری راہنمائی کرتی ہیں۔ ہم انھی کے سہارے لِقائے رَب کی منزل طے کرتے ہیں۔ اس لیے کائنات کی نشانیوں کو بھی آیات اللہ کہا گیا ہے۔ قرآن مجید نے تو حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی اور کشتی نوح علیہ السلام کو بھی آیت کہا ہے۔ قرآن مجید کی سورتوں کے ٹکڑوں کو بھی آیات کہتے ہیں۔ اس لیے کہ یہ ثابت کرتی ہیں کہ یہ پوری کتاب اللہ تعالیٰ ہی کا کلام ہے۔

آیت کی بناوٹ میں جملوں کی تکمیل ضروری نہیں۔ قرآن کریم کے بہت سے مقامات ایسے ہیں کہ ایک جملہ کئی آیات کے بعد مکمل ہوتا ہے اور ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک ہی آیت میں کئی مکمل جملے آجاتے ہیں۔ ایک آیت ''ہ'' میں کئی وقف (ج، م، ط) وغیرہ ہو سکتے ہیں۔ لیکن ایک وقف میں کئی آیات نہیں ہو سکتیں۔ قرآن پاک کے ایک رکوع میں کئی آیات ہوتی ہیں۔ قرآن پاک میں ایک رکوع ایک آیت کا بھی ہے لیکن اس میں کئی وقف ہیں وہ رکوع پارہ '۲۹' سورۃ المزمل کا آخری رکوع ہے۔

م : .... لفظ لازم کا مختصر ہے جس لفظ کے بعد یہ رمز لکھی گئی ہو اس لفظ پر ٹھہرنا لازمی ہے ورنہ مطلب کچھ کا کچھ ہو جاتا ہے، بعض مقامات پر عبارت کا مفہوم کہنے والے کی مراد کے خلاف ہو جاتا ہے۔ اس کی مثال اُردو میں یوں سمجھنی چاہیے کہ مثلاً کسی کو یہ کہنا ہو کہ اُٹھو۔ مت بیٹھو...... جس میں اُٹھنے کا امر اور بیٹھنے کی نہی ہے، تو اُٹھو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پر ٹھہرنا لازم ہے۔ اگر ٹھہرا نہ جائے تو اُٹھو مت بیٹھو ہو جائے گا۔ جس میں اُٹھنے کی نہی اور بیٹھنے کے امر کا احتمال ہے اور یہ کہنے والے کے مطلب کے خلاف ہو جائے گا۔ قرآن پاک میں وقف لازم کے بعض کے قول پر ۸۲ (بیاسی) اور بعض کی رائے پر ۸۵ (پچاسی) ہے۔ مثلاً: وَمَا هُم بِمُؤْمِنِينَ ۝ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ............۲/۹

ط:...... یہ لفظ ''مطلق'' کا مخفف ہے اس رمز سے مراد ہے کہ اس مقام پر جملہ مکمل ہو گیا ہے لیکن ابھی مضمون مکمل نہیں ہوا۔ کہنے والا ابھی کچھ اور کہنا چاہتا ہے۔ یہ وقف اس موقع پر ہوتا ہے جس سے پہلے کلام کے بالکل ختم وہ جانے کے سبب ''ط'' کے بعد عبارت سے ابتداء کرنا بہتر ہو۔ جیسے وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ط یہاں بعد والا جملہ پہلے سے بالکل جدا ہے اس لیے یہاں ٹھہرنا چاہیے۔ وقفِ مطلق قرآن پاک میں ۳۵۱۰ (تین ہزار پانچ سودس) ہیں۔

ج:...... یہ وقفِ جائز کی رمز ہے۔ یہاں وقف کرنا اور نہ کرنا دونوں برابر ہیں۔ یہ وقف پورے قرآن پاک میں ایک ہزار پانچ سو اُٹھتر (۱۵۷۸) ہیں۔ مثلاً: يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ج وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ [۲/۹]

ز:...... یہ وَقْفِ مُجَوَّزْ کی علامت ہے۔ یہاں ٹھہر جانے کی وجہ بھی ہوتی ہے۔ نہ ٹھہرنے کی بھی۔ لیکن وصل کی جہت زیادہ نمایاں اور قوی تر ہوتی ہے۔ یہاں نہ ٹھہرنا بہتر ہے یہاں سے تجاوز کرتے جانا، یعنی گزر جانا، آگے بڑھ جانا چاہیے، وَقْفِ مُجَوَّزْ پورے قرآن پاک میں ایک سو اکانوے (۱۹۱) ہیں۔ مثلاً: غِشَاوَةٌ ز وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

ص:...... لفظ مُرَخَّصْ کا مختصر ہے۔ یہ رمز وقف ایسی دو باتوں کے درمیان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آتی ہے جن کا باہمی تعلق ہو۔ اگرچہ معنوں کے لحاظ سے ہر بات مستقل حیثیت رکھتی ہو "ص" کے ماقبل کو "ص" کے مابعد کے ساتھ ملا کر پڑھنا چاہیے لیکن اگر سانس ختم ہو جائے یا کسی اگلے ایسے کلمے پر سانس ٹوٹ جانے کا خدشہ ہو جس پر ٹھہرنا مناسب نہیں تو پھر "ص" کی رمزِ وقف پر ٹھہر جانے کی رخصت ہے۔ ٹھہر جانے کی صورت میں بعض قاریوں کے نزدیک اِعادہ کرنا اَولیٰ ہے کیونکہ وقف مُرَخَّص میں جہت وقف ضعیف ہوتی ہے واضح رہے کہ وقف مجوَّز کی بہ نسبت وقف مُرَخَّص میں وصل کو زیادہ ترجیح ہے۔ وقف مُرَخَّص پورے قرآن میں تراسی (۸۳) ہیں۔ مثلاً:

فَأْتُوْ بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ص وَادْعُوْا شُهَدَآءَ كُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ O [۲/۲۳]

ق:...... قَدْ قِيْلَ (کہا گیا ہے) یا قِيْلَ عَلَيْهِ الْوُقُوْفُ (کہا گیا ہے کہ اس مقام پر وقف ہے) کی علامت ہے ق سے مراد یہ ہے کہ بعض علماء نے اس جگہ وقف کرنے کو کہا ہے لیکن یہ علامت ضعف وقف پر دلالت کرتی ہے اور راجح قول یہی ہے کہ اس مقام پر نہ ٹھہرا جائے۔ مثلاً: اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ق وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۵/۲ (البقرة)

س:...... (سَكْتَةٌ) سَكْتَةٌ کی علامت ہے۔ اور کبھی لفظ "سَكْتَةٌ" لکھ دیا جاتا ہے۔ سَكْتَةٌ کے معنی ہیں، سانس لیے بغیر تھوڑا سا ٹھہرنا، پڑھنے والا یہاں کسی قدر ٹھہر جائے سانس نہ توڑے۔ مثلاً: رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا سکتة وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا ۲۳

وَقْفَةٌ:...... یہ لمبے سکتے کی علامت ہے۔ یہاں سکتے کی بہ نسبت کچھ زیادہ ٹھہرنا چاہیے یعنی جتنی دیر میں سانس لیتے ہیں، پڑھنے والا اس سے کم ٹھہرے۔ مثلا: وَاعْفُ عَنَّا وقفة

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا أَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۲/۲۸۶ (البقرة)

''سکتے'' اور وقفے میں یہ فرق ہے کہ ''سکتے میں کم ٹھہرنا ہوتا ہے'' وقفے میں زیادہ یعنی سَکْتَۃٌ وصل سے قریب تر ہوتا ہے اور وَقْفَۃٌ وَقف سے اَقْرَبُ.

وقف:......اس جگہ وقف کرنا درست ہے اگر نہ کرے تو نقصان نہیں۔

صل:...... یہ قَدْ یُوْصَلُ (کبھی کبھی ملا کر پڑھا جاتا ہے) کی علامت، یعنی پڑھنے والا اس مقام پر کبھی نہیں ٹھہرتا، کبھی ٹھہر جاتا ہے، یہاں ترکِ وصل، یعنی وقف کرنا احسن ہے، گو بعض علماء نے وصل کی اجازت بھی دے رکھی ہے۔

صلے:......اَلْوَصْلُ اَوْلٰی (ملا کر پڑھنا بہتر ہے) کا اختصار ہے۔ یہاں ملا کر پڑھنا بہتر ہے۔ رہا وقف سورہ بھی درست ہے۔

∴ ∴ کسی عبارت سے پہلے اور پیچھے تین تین نقطے ہوں، پڑھنے والے کو اختیار ہے کہ اگر پہلے تین لفظوں میں وصل کرے تو دوسرے تین نقطوں پر وقف کرے یا اگر پہلے تین نقطوں پر وقف کر لے تو دوسرے تین نقطوں پر وصل کرے۔ اس قسم کی عبارت کو مُعَانَقَۃٌ کہتے ہیں۔ جس کا مُخَفَّف مع ہے۔ بعض اسے مُرَاقَبَۃٌ کہتے ہیں۔

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ ۲/۲ (البقرة)

لا:...... یہ لَا وَقْفَ عَلَيْهِ (اس مقام پر کسی قسم کا وقف نہیں) کی رمز ہے۔ یہاں وقف نہیں کرنا چاہیے۔ اگر آیت کے درمیان کسی لفظ پر لا درج ہو اور سانس ٹوٹ جانے پر وہاں وقف کرنا پڑ جائے تو ''لا'' سے پہلے کسی موزوں مقام سے اِعَادَہ کر لینا چاہیے۔

مثلاً:...... (i) سورہ آل عمران آیت ۳۰، (ii) سورہ بقرہ آیت ۱۹۵،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(iii) قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ (البقرۃ ۲/۱۴)

اگر ''لا'' آیت کی علامت یعنی دائرے پر ہو تو وقف کرنا درست ہے۔ مثلاً:

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

۵:...... یہ آیت کی علامت ہے لیکن یہ غیر کوفی آیت ہے اور وقف ہے۔

وَقْفُ النَّبِیْ:...... یہ وقف کرنا اتباع رسول مقبول ﷺ ہے۔ یہ وقف کوئی علیحدہ وقف نہیں ہوتا بلکہ وقف کی علامتیں جو بیان کی گئی ہیں ان میں سے کسی وقف پر یہ (ــ) نشان ہوتا ہے۔ اور حاشیے میں (وقف النبی ﷺ) لکھا ہوتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جب حضور نبی کریم ﷺ تلاوت فرمایا کرتے تھے اس مقام پر ضرور ٹھہرتے تھے۔ (سورۃ البقرہ آیت ۱۹۷) خَيْرٍ يَّعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ وَتَزَوَّدُوْا

وَقْفِ غُفْرَان:...... یہاں وقف کرنا بہت اچھا ہے، بلکہ اُمید بخشش کی ہے۔ اس پر وقف کرنے سے معنی خوب ظاہر ہو جاتے ہیں اور سننے والے کے دل میں خوشی بھی پیدا ہوتی ہے بشرطیکہ وہ قرآن پاک کے مطالب کو سمجھتا ہو۔ یہ وقف بھی کوئی علیحدہ وقف نہیں ہوتا بلکہ وقف کی علامتیں جو بیان کی گئی ہیں ان میں سے کسی وقف پر یہ (ــ) نشان ہوتا ہے اور حاشیے میں (وَقْفِ غُفْرَان) لکھا ہوتا ہے، یہ وقف پورے قرآن پاک میں دس (۱۰) ہیں۔ صٰٓفّٰتٍ وَّيَقْبِضْنَ ؁ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ (۶۷/۱۹)

وَقْفِ مَنْزِل، وَقْفِ جِبْرَآئِيْل:...... یہ دونوں ایک وقف کے نام ہیں۔ یعنی وہ موقع جس پر جبرائیل علیہ السلام نے وحی سناتے وقت وقف کیا ہے اور ان کی پیروی میں نبی کریم ﷺ نے بھی کیا۔ یہ وقف بھی کوئی علیحدہ وقف نہیں ہوتا بلکہ وقف کی علامتیں جو بیان کی گئی ہیں ان میں سے کسی وقف پر یہ (ــ) نشان ہوتا ہے اور حاشیے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں وقفِ منزل یا وقف جبرائیل لکھا ہوتا ہے۔ وقف جبرائیل پورے قرآن میں ایک سورۂ آل عمران آیت نمبر ۹۴، ۹۵ میں ہے اور وقف منزل مختلف مقامات پر گیارہ (۱۱) ہیں۔ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظّٰلِمُونَ ٥ قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۗ

قِفْ:...... یہ یُوْقَفُ عَلَیْهِ (یہاں ٹھہرا جاتا ہے) یا یَقِفُ عَلَیْهِ الْوُقُوْفُ (ٹھہرنے والا مقام پر ٹھہر جاتا ہے) کا مختصر ہے۔ یہاں سانس روک کر وقف کرنا چاہیے لیکن اگر ٹھہرا نہ جائے تو مطلب نہیں بگڑتا، جہاں گمان ہو کہ پڑھنے والا وصل (ملا) کرے گا وہاں قِف کی علامت لکھ دی جاتی ہے۔

كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۗ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۗ ۲ / ۲۸۵

قلا:...... قِیْلَ لَا وَقْفَ عَلَیْهِ سے ہے۔ یعنی بعض علماء کے قول پر یہاں وقف نہیں ہے پس یہاں وصل ہی بہتر ہے اور جو وقف بتاتے ہیں ان کے قول پر اعادہ کی حاجت نہ ہوگی۔

نوٹ: (۱) جہاں ایک سے زیادہ علامتیں نیچے اوپر لکھی ہوں وہاں اوپر کی علامت کا اعتبار ہوگا۔

(۲) اگر ایک سے زائد علامتیں برابر برابر لکھی ہوں تو وَقف و وصل کے لیے دائیں طرف والی علامت کا اعتبار ہوگا۔

ساکن حروف قلقلہ: قْ ۔ طْ ۔ بْ ۔ جْ ۔ دْ ان حروف کو یاد رکھنے کے لیے ایک ہی مرکب یاد کر لیں۔ قُطْبُ جَدٍّ مثلاً هَبْ ۔ يَجْمَعُ ۔ قَدْ ۔ نَطْبَعُ ۔ اَقْرَبُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تلاوت کا طریقہ معروف و مجہول

ایک زبان کو دوسری زبان کے لہجے میں پڑھنا مجہول کہلاتا ہے۔ ہمارے ہاں عموماً قرآن مجید اُردو لہجے میں پڑھا جاتا ہے۔ لاعلمی کی بنیاد پر یا دیہاتوں میں عورتوں سے پڑھے ہوئے قرآن مجید میں غلطی کا امکان بھی ہوتا ہے۔

اس لیے پیش (ـُـ) کی آواز کو انگریزی کے U اور زبر (ـَـ) کی آواز کو اردو میں (اَ) اور زیر (ـِـ) کی آواز کو انگریزی کے E کی آواز کے مطابق پڑھنا چاہیے۔ یہی معروف آوازیں ہیں۔

چونکہ عربی کے حروف تہجی میں (ے) نہیں ہوتی اس لئے اگر زیر (ـِ) کی آواز کو انگریزی کی E کی بجائے A کی آواز کے مطابق پڑھ لیا جائے تو اردو کے حروف (سے، دے، کے) بولے جاتے ہیں

اسی طرح اگر پیش (ـُ) کی آواز کو انگریزی کے O کی آواز کے مطابق بولا جائے تو اردو میں (لو، سو، دو) کی آواز آتی ہے جو کہ اردو ہے

اس لئے معانی کے تبدیل ہونے کا احتمال ہوتا ہے اور یہ آوازیں مجہول کہلاتی ہیں۔

آدھی اور پوری آواز کا فرق: پوری آواز کو ادا کرنے کا آسان سا طریقہ یہ ہے کہ درمیانی رفتار سے کھلی ہوئی اُنگلی بند کر لی جائے یا بند اُنگلی کھول لی جائے۔ تو اس وقفے میں ادا ہونے والی آواز پوری کہلائے گی۔ بالفاظ دیگر وہ آواز جو عام گفتگو میں قدرتی طور پر بغیر کم کیے یا بڑھائے ہمارے منہ سے نکلتی ہے پوری آواز کہلاتی ہے۔ مثلاً ہم اُردو زبان میں بولتے ہیں: ”کاکا“۔ ”نانا“۔ ”دادا“ وغیرہ یہی الف کی پوری آوازیں ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بیان مخارج

مخرج کے معنی

مَخْرج کے لغوی معنی ہیں ، نکلنے کی جگہ اور اہل تجوید کی اصطلاح میں جس عضو سے کسی حرف کا تَلَفُّظْ ادا ہوتا ہو۔ وہ عضو اس حرف کا مخرج کہلاتا ہے حلق ، کوا، زبان ، دانت ، مسوڑھے ، ہونٹ وغیرہ مختلف حروف کے مخارج کا کام دیتے ہیں۔

مخرج معلوم کرنے کے آسان طریقے

پہلا طریقہ

جس حرف کا مخرج معلوم کرنا ہو، اس حرف پر زبر (ـَـ) لگاؤ، اور اس کے بعد ..... (ہ) .... (بہ) .... (ھا) ساکن لگاؤ، جیسے اَہ ، بَہْ ، تَہْ ، لَہْ ، مَہْ۔ بلکہ کوئی بھی ساکن حرف لگاؤ، ان الفاظ کو ادا کرتے وقت حرف کی آواز جس جگہ سے اٹھے گی ، اس حرف کا وہی مَخْرَج ہوگا۔

دوسرا طریقہ

جس حرف کا مَخْرَج معلوم کرنا ہو، اس حرف پر شد (ـّـ) لگاؤ، اور اس سے پہلے زبر والا ہمزہ بشکل اَلِف (اَ) لگاؤ جیسے، اَبَّ ، اَلَّ ، اَتَّ ، اَشَّ ، اَقَّ ، اَمَّ۔ ان الفاظ کو ادا کرتے وقت جہاں آواز رُک جائے گی ، وہی اس حرف کا مَخْرَج ہو گا۔ اب اس گُر کو ذہن نشین کر لیا جائے ، جو بھی دو حروف ہوں پہلے پر زبر (ـَـ) دوسرے پر شد (ـّـ) جہاں سے آواز اٹھے گی وہ زبر والے کا مَخْرَج ہوگا ، اور جہاں آواز رک جائے گی وہ شد والے حرف کا مَخْرَج ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اعضاءِ صَوت



ک	کوّا	ا ح	(زبان کا) اگلا حصّہ
س ت	سخت تالو	پ ح	(زبان کا) پچھلا حصّہ
ن ت	نرم تالو	ج	(زبان کی) جڑ
د	دانت	خ ن	خوراک کی نالی
ہ	ہونٹ	ا و	آواز کے وتر
ن	(زبان کی) نوک	ہ ن	ہوا کی نالی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بالائی جبڑا



بایاں نصف جبڑا



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مخارج حروف

حلقی حروف چھ حروف کی آوازیں حلق سے نکلتی ہیں۔

ء ۔ ہ ۔ ع ۔ ح ۔ غ ۔ خ

ء: اَقْصٰی حَلْقٍ (حلق کے بعید ترین حصے) سے جو سینے کے قریب ہے۔ (هَمْزَة) کا تلفظ ادا ہوتا ہے۔

ہ: (هَا) کا تلفظ بھی اَقْصٰی حَلْقٍ (حلق کے بعید ترین حصے) سے ادا ہوتا ہے۔

ع، ح: وسط حلق (حلق کے درمیانی حصے) سے ح (حَا) اور ع (عَیْن) کی آوازیں نکلتی ہیں۔

غ، خ: زبان جانب سے حلق کے قریب ترین حصے (اَدْنٰی حَلْقٍ) سے خ اور غ کا تلفظ ادا ہوتا ہے۔

چونکہ ان چھ حروف کا تلفظ حلق کے مختلف حصوں سے ادا ہوتا ہے۔

اس لئے انہیں حُرُوفُ الْحَلْقِ یا اَلْحُرُوفُ الْحَلْقِيَّة کہتے ہیں۔

ہونٹوں کے حروف چار حروف کی آوازیں ہونٹوں سے نکلتی ہیں۔

ب ۔ م ۔ ف ۔ و

ب: دونوں ہونٹوں کے اندرونی تر حصوں کے آپس میں ملنے سے ب (بَا) کا تلفظ ادا ہوتا ہے۔ اس لئے اس حرف کو بَحْرِیٌّ کہتے ہیں۔

م: ہونٹوں کے بند ہونے پر جو خشک حصے نظر آتے ہیں اُن کو بیرونی خشک حصوں کے آپس میں ملنے سے م (میم) کا تَلَفُّظ ادا ہوتا ہے اس لئے اس حرف کو بری کہتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ف: نچلے ہونٹ کے اندرونی حصے سے اوپر کے سامنے والے دانتوں کے کنارے لگیں تو ف (فا) کی آواز نکلتی ہے۔

و: دونوں ہونٹ آگے کو اس طرح نکلیں کہ باچھیں ملی رہیں اور ہونٹوں کے درمیانی حصوں سے ایک سوراخ بن جائے تو و (واؤ) کا تَلَفُّظ ادا ہوتا ہے۔

ب: م اور و کے تلفظ میں دونوں ہونٹوں کا اور "ف" کے تلفظ میں ایک ہونٹ کا دخل ہوتا ہے۔ اس لئے ان چاروں کو اَلْحُرُوْفُ الشَّفْوِيَّةُ یا اَلْحُرُوْفُ الشَّفْهِيَّةُ کہتے ہیں۔

کھُردرے تالو کے حروف تین حروف کی آوازیں کھُردرے تالو سے نکلتی ہیں۔

ت ـ ط ـ د

نوک زبان اور اوپر والے سامنے کے دانتوں کی جڑ سے ت (تَا) ط (طَا) اور د (دال) کی آوازیں نکلتی ہیں۔ یہ بات خوب ذہن نشین کر لینی چاہئے کہ ت (تَا) کی آواز باریک ہوتی ہے، لیکن ط (طَا) کی آواز پُر ہوتی ہے، باریک نہیں کیونکہ ان حروف کے تلفظ میں تالو کے کھُردرے حصے (نِطْعٌ یا نَطَعٌ) کا دخل ہوتا ہے اس لئے انہیں اَلْحُرُوْفُ النِّطْعِيَّةُ کہتے ہیں۔

مسوڑھوں کے حروف تین حروف کی آوازیں مسوڑھوں سے نکلتی ہیں۔

ث ـ ذ ـ ظ

نوکِ زبان اور اوپر والے سامنے کے دانتوں کے ان کناروں سے جو مسوڑھوں سے ملے ہوئے ہیں ث (ثَا) ذ (ذال) اور ظ (ظَا) کی آوازیں نکلتی ہیں۔ یہ بات خوب ذہن نشین کر لینی چاہئے کہ ذ (ذال) کی آواز باریک ہوتی ہے۔ لیکن ظ (ظَا)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی آواز پُر ہوتی ہے، باریک نہیں، کیونکہ ان حروف کے تلفظ میں مسوڑھے (لِثّةٌ) کو دخل ہوتا ہے، اس لئے ان حروف کو اَلْحُرُوْفُ اللِّثَوِيَّةُ کہتے ہیں۔

خلاء دہن کے حروف تین حروف کی آوازیں خلاء دہن سے نکلتی ہیں۔

ج ۔ ش ۔ ی

زبان کا درمیانی حصہ (وَسَطُ لِسَانٍ) تالو کے درمیانی حصے (وَسَطُ الْحَنَكِ الْاَعْلٰی) سے ٹکرائے تو ج (جِیْم) ش (شِيْنٌ) اور ی (یَا) کی آوازیں نکلتی ہیں۔ چونکہ ان حروف کے تلفظ میں آواز زبان کے سرے اور تالو کے کھردرے حصے کے درمیانی خلاء (شَجْرٌ) میں سے نکلتی ہے۔ ان حروف کو اس مَحِل تَلَفُّظْ (شَجْرٌ) کی طرف منسوب کر کے اَلْحُرُوْفُ الشَّجْرِيَّةُ کہتے ہیں۔

نوکِ زباں کے حروف تین حروف کی آوازیں نوکِ زبان سے نکلتی ہیں۔

س ۔ ص ۔ ز

نوکِ زبان، نیچے اور اوپر والے سامنے کے چاروں دانتوں کے کناروں کے کچھ آپس میں ملنے سے س (سِیْنٌ) ص (صَادٌ) اور ز (زا) کی آوازیں پیدا ہوتی ہیں۔ ان حرفوں کے تَلَفُّظْ میں نوک زبان اوپر اور نیچے کے سامنے والے دانتوں کے درمیان آجاتی ہے۔ لیکن نہ تو اوپر کے دانتوں سے لگتی ہے نہ نیچے کے دانتوں سے نوک زبان (اَسَلَةٌ) کے اعتبار سے ان حروف کو اَلْحُرُوْفُ الْاَسَلِيَّةُ کہتے ہیں۔ چونکہ ان حروف کا تلفظ ادا کرتے وقت سیٹی (صَفِيْرٌ) کی سی آواز نکلتی ہے، اس لئے انہیں اَلْحُرُوْفُ الصَّفِيْرِيَّةُ بھی کہتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پہلوئے زبان کے حروف ایک حرف کی آواز پہلوئے زبان سے نکلتی ہے۔

ض

زبان کی کروٹ (حَافَةُ لِسَان) کو بالائی داڑھوں کی جڑوں سے دائیں یا بائیں یا دونوں طرف لگائیں تو ض (ضَاد) کا تَلَفُّظ ادا ہوتا ہے۔ چونکہ ض (ضَادُ) کے تَلَفُّظ میں حَافَةُ لِسَانِ کو دخل ہے اس لئے ض (ضَاد) کو اَلْحَرْفُ الْحَافِيُ کہتے ہیں۔

کوے کے حروف دو حروف کی آوازیں کوّے سے نکلتی ہیں۔

ق ـ ك

زبان کی جڑ یعنی ہونٹوں کی جانب سے زبان کا آخری حصے (اَقْصٰی لِسَان) جب کوے سے مُتصِلُ تالو کی جڑ یعنی تالو کے آخری حصے اَقْصٰی اَلْحَنَكِ الْاَعْلٰی) سے ٹکر کھائے تو ق (قَافُ) کی آواز پیدا ہوتی ہے لیکن جب زبان کا وہ حصہ جو جڑ سے مُتَّصِلُ ہے ذرا منہ کی جانب ہٹ کر ہے تالو کے مقابل حصے سے ٹکرائے تو ک (كَافُ) کا تلفظ ادا ہوتا ہے۔ چونکہ ق (قَافُ) اور ک (كَاف) کے تَلَفُّظ میں زبان کا کوئی مخصوص حصہ کَوّے (لَهَاةٌ) سے مُتَّصِلُ یا قریب ہی تالو کے آخری حصے سے ٹکراتا ہے۔ اس لئے مَحَلّ کے اعتبار سے ق (قَافُ) اور ک (كَافُ) اَلْحَرْفَانِ اللَّهْوِيَّانِ کوے کے حروف کہلاتے ہیں۔

زبان کی نوک اور کروٹ کے حروف

تین حروف کی آوازیں زبان کی نوک اور کروٹ سے نکلتی ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ل ـ ن ـ ر

ل: زبان اپنی نوک اور کروٹ کے کچھ اگلے حصے سمیت ذرا تالو کی جانب مائل ہو کر جب اوپر والے درمیانی، دائیں یا بائیں طرف چاروں دانتوں کے مسوڑھوں سے ٹکر کھائے تو ل (لَامْ) کی آواز پیدا ہوتی ہے۔

ن: زبان کی اپنی نوک اور کروٹ کے کچھ اگلے حصے سمیت ذرا تالو کی جانب مائل ہو کر جب اوپر والے درمیانی، دائیں یا بائیں طرف، تین دانتوں کے مسوڑھوں سے ٹکر کھائے تو ن (نُوْنْ) کی آواز نکلتی ہے۔

ر: نوکِ زبان اپنی پشت کے سرے سمیت جب اوپر والے درمیانی یا بائیں طرف دو دانتوں کے مسوڑھوں سے ٹکر کھائے تو (رَا) کا تلفظ ادا ہوتا ہے یہ بات خوب ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ ر (رَا) کے تلفظ میں پشتِ زبان کا سرا کام کرتا ہے چونکہ یہ تینوں حروف کنارہ زبان یعنی (ذَلْقْ یا ذَوْلَقْ) سے ادا ہوتے ہیں، اس لئے انہیں اَلْحُرُوْفُ الذَّالِقِيَّة یا اَلْحُرُوْفُ الذَّوْلَقِيَّة کہتے ہیں۔

مشق نمبر 1 مخارج حروف

حروف حلقی کے سامنے (ح)	ا		ط		د	
ہونٹوں کے سامنے (ف)	ذ		ش		ی	
کھردرے کے سامنے (ت)	ص		غ		ر	
مسوڑوں کے سامنے (ت)	ق		ل		ز	
خلاء دہن کے سامنے (ج)	ء		ح		خ	
نوک زبان کے سامنے (س)	ب		م		و	
کوے حروف کے سامنے (ك)	ہ		ع		ض	
کروٹ حروف کے سامنے (ن)	ظ		ش		و	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مخرج کے ادل بدل ہونے سے مطلب تبدیل ہو جاتا ہے

جس حرف کا جو مخرج لکھا گیا ہے، اگر وہ حرف وہیں سے ادا ہو تو ترجمہ اور مطلب صحیح ہو گا ورنہ غلط مثلاً قَلْبٌ (دل) کَلْبٌ (کُتّا) یعنی اگر دو نقطے والے (قَافْ) سے کہا جائے تو اس کا مطلب (دل) ہے۔ اگر دوسرے (کاف) سے کہا جائے تو اس کا مطلب کُتّا ہے۔ ضَلَالٌ (ضَاد) کے ساتھ ہو تو اس کے معنی گمراہی و ہلاکت کے ہیں اور اگر ضَلَالٌ (ظَا) کے ساتھ ہو ظِلَالٌ تو سایہ دار چیزوں کو کہتے ہیں۔ ضَرْبٌ اگر (ضَاد) کے ساتھ ہو تو مارنا، اور اگر (زَا) کے ساتھ زَدْبٌ ہو تو تیزی اور مویشیوں کو باڑے میں بند کرنے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ اسی طرح وَثِقَ اگر (ثا) کے ساتھ ہو تو بھروسہ کرنا اور (سِین) کے ساتھ وَسْقٌ ہو تو ایک معروف پیمانے کے معنی ہو جاتے ہیں۔ اس قسم کے سینکڑوں الفاظ ایسے ہیں جن کے تلفظ بدلنے سے معنی ہو جاتے ہیں۔ چند مزید مثالیں ملاحظہ فرمائیں۔

تا(ت) اور طا(ط) کی مثالیں				ثا(ث)، س(سین) اور ص(صاد) کی مثالیں			
تِيْنٌ	انجیر	طِيْنٌ	مٹی	ثَمَنٌ	قیمت	سَمَنٌ	گھی
اِثْمٌ	گناہ	اِسْمٌ	نام	سَيْفٌ	تلوار	صَيْفٌ	موسم گرما

قاف(ق) اور کاف(ك) کی مثالیں

قَصْرٌ	محل	كَسْرٌ	توڑنا	قُرْبٌ	قریب ہوا
كَرْبٌ	تکلیف میں پڑا	قُلْ	تو کہہ	كُلْ	تو کھا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حا(ح) اور ھا (ہ) کی مثالیں				ہمزہ (أ) اور عین (ع) کی مثالیں			
چھوڑنا	هَجْرٌ	پتھر	حَجَرٌ	رہائش پذیر	عَمِيْنٌ	امانتدار	اَمِيْنٌ
کوشش کی	جَهَدَ	انکار کیا	جَحَدَ	جاننے والا	عَلِيْمٌ	دردناک	اَلِيْمٌ

اس لئے قرآن پاک کی تلاوت کرتے وقت مخارج کا خاص خیال رکھیں کیونکہ غلط ادائیگی سے ثواب کی بجائے گناہ ہونے کا احتمال ہے۔

اسی طرح قرآن مجید میں معانی کے اعتبار سے دو حروف الگ الگ لکھے جاتے ہیں اور ان کے معانی بھی جدا جدا ہوتے ہیں لیکن لکھنے میں دونوں ایک ساتھ ہوتے ہیں ایسے الفاظ کو بھی پڑھتے وقت احتیاط برتنی چاہئے ورنہ معانی غلط ہو سکتے ہیں مثلاً اَلَآ اِنَّهُمْ یہاں اس آیت میں اَلَآ کے معانی سن رکھو، خبردار، ہوشیار کے ہیں اور دوسرے مقام پر اَلَا یَظُنُّ کے معنی سوالیہ ہونے کی وجہ سے کیا وہ نہیں گمان کرتے

قرآنی مثالیں (لام) کو بھی ادا کرتے وقت خاص خیال رکھیں کہ آدھی آواز کو پوری آواز میں ادا کرنے سے بھی معنی تبدیل ہو جاتے ہیں۔ مثلاً اٰیَةٌ سے اٰیَاتٌ

لِ	حرف جار	لِلّٰهِ	اللہ کے لئے، واسطے
لَ	تاکید	وَلَئِنْ	اور اگر لَلْحَقُّ البتہ حق ہے
لَ	لائے نہی	وَلَا تَقُوْلُوْا	نہ تم کہو
لِ	لام کی ناصبہ	لِیُهْلِكَ	کہ وہ ہلاک کرے
لَ	لائے نفی	لَا تَعْلَمُوْنَ	تم نہیں جانتے
لْ	لام امر جازمہ	وَلْیُهْلِكْ	اور اسے چاہیے کہ وہ ہلاک کرے
لا	نفی جنس	لَآ اِكْرَاهَ، لَآ اِلٰهَ	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بیان، حروف اظہار اقلاب اَدغام اور اخفاء

یاد رہے کہ دو (۲) زبر ـً دو (۲) زیر ـٍ اور دو (۲) پیش ـٌ کو تنوین کہتے ہیں اور یہ بھی آپ کو معلوم ہے کہ تنوین کی آواز ساکن نون کی آواز میں کوئی فرق نہیں۔ دونوں کی آواز ایک ہی طرح کی ہوتی ہے۔ اً۔ اَنْ۔ بً۔ بَنْ۔ اٌ۔ اُنْ۔ بٌ۔ بُنْ لیکن تنوین اور ساکن نون میں بولنے والا (نون) کبھی پورا بولتا ہے، کبھی غنہ یعنی ناک میں، کبھی بولتا ہی نہیں۔ کبھی لکھا نون ہوتا اور آواز میم کی ہوتی ہے اس لیے اٹھائیس حروف میں سے جب کوئی حرف تنوین یا ساکن نون کے بعد آتا ہے تو تنوین اور ساکن نون کی ان مختلف آوازوں کو مدنظر رکھتے ہوئے حروفِ تہجی، حروف اظہار، اقلاب، ادغام اور اخفاٗ کہلاتے ہیں۔

اظہار

اظہار کے لغوی معنی اَلْبَیَانُ یعنی خوب ظاہر کرنے کے ہیں۔ اصطلاح تجوید میں حرف کو اس کے مخرج سے بغیر کسی تَغَیّر اور غُنَّہ کے ادا کرنے کو کہتے ہیں۔ چھ حروف حروفِ اظہار کہلاتے ہیں۔

اُ۔ ءُ یہ دونوں شکلیں ہمزہ کی ہیں۔ بغیر کسی حرکت کے "ا" اَلِفْ کہلاتا ہے۔

ء۔ ہ۔ ع۔ ح۔ غ۔ خ

یہ حروف حلقی بھی کہلاتے ہیں اور حُرُوْفُ الْاِظْهَارِ بھی، ان میں سے کوئی بھی حرفِ ساکن نون یا تنوین کے بعد آجائے تو نون خوب ظاہر ہو کر بولتا ہے اس کو اظہار حلقی بھی کہتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ساکن نون کی مثالیں

	اِنْ اَجْرِیَ ۳۴/۴۷	یَنْئَوْنَ ۶/۲۶	مَنْ هُوَ ۳۷/۱۶۳	اَنْعَمْتَ ۱/۶
اردو میں پڑھائی	اِنْ اَجْ رِیَ	یَنْ ئَوْنَ	مَنْ ہُوَ	اَنْ عَمْ تَ
	مِنْ حَقٍّ ۱۱/۷۹	مِنْ غَیْرِہٖ ۷/۸۵	مِنْ خَوْفٍ ۴/۱۰۶	اِنْ هَدَانَا
اردو میں پڑھائی	مِنْ حَقْ قِنْ	مِنْ غَیْ رِہٖ	مِنْ خَوْفٍ	اِنْ ہَدَانَا

تنوین کی مثالیں

	اِذًا اَبَدًا ۱۸/۵۷	شَیْءٍ هَالِكٌ ۲۸/۸۸	لَا خَوْفٌ عَلَیْكُمْ ۲/۲۷۴
اردو میں پڑھائی	اِذًا اَبَ دًا	شَیْءٍ هَالِكٌ	لَا خَوْفٌ عَ لَیْ كُمْ
	عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ۳۱/۲۷	عَزِیْزٌ غَفُوْرٌ ۳۵/۲۸	یَوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ۲/۸۸
اردو میں پڑھائی	عَ زِیْ زٌ حَ كِیْ مٌ	عَ زِیْ زٌ غَ فُوْرٌ	یَوْ مَ ءِ ذِنْ خَاشِ عَةٌ

اقلاب یا ابدال

اقلاب کے لغوی معنی ، کسی چیز کو اس کی حقیقت سے پھیر دینے کے ہیں۔

اصطلاح تجوید میں ایک حرف کو دوسرے حرف سے بدل دینے کا نام اقلاب ہے۔

اقلاب کا حرف ایک ہی ہے وہ ....ب......... "با" ہے۔

جب ساکن نون یا تنوین کے بعد ....ب......... "با" آ جائے تو ساکن نون یا نون تنوین کو میم سے بدل کر غُنّہ اور اخفاء سے پڑھیں گے۔ اس عمل کو اِقْلَابْ یا قَلْبْ کہتے ہیں۔ تمام قرآن پاک میں جہاں جہاں بھی ساکن نون یا تنوین کے بعد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حروف .... ب .... ''با'' آیا ہے۔ وہاں ایک چھوٹا سا ...... م ...... ''میم''
لکھا ہوگا۔ تاکہ میم کی آواز نکالنے میں آسانی ہو۔

ساکن نون کی مثالیں

	مِنۡ بَعۡدِهِمۡ ۴۰/۵	اَنۡۢبِئۡهُمۡ	كَمَنۡۢ بَآءَ ۳/۱۶۲
اردو میں پڑھائی	مِمۡ بَعۡ دِهِمۡ	اَمۡبِءۡهُمۡ	كَمَمۡ بَآءَ
	تُنۡۢبِتُ ۳۶/۳۶	مِنَ الۡاَنۡۢبَآءِ ۵۴/۴	يُؤۡمِنۡۢ بِاللّٰهِ ۶۵/۱۱
اردو میں پڑھائی	تُمۡ بِتُ	مِ نَلۡ اَمۡ بَآءِ	يُؤۡ مِمۡ بِلۡ لَ هِ

تنوین کی مثالیں

	سَمِيۡعٌۢ بَصِيۡرٌ ۳۱/۲۸	صُمٌّۢ بُكۡمٌ ۶/۳۹	اَبَدًاۢ بِمَا ۲/۹۵
اردو میں پڑھائی	سَ مِ ىۡ عُمۡ بَ صِىۡ رٌ	صُمۡ مُمۡ بُكۡ مٌ	اَ بَ دَمۡ بِ مَا
	كَافِرٍۢ بِهٖ ۲/۴۱	كُفۡرٌۢ بِهٖ	حِكۡمَةٌۢ بَالِغَةٌ ۵۴/۵
اردو میں پڑھائی	كَا فِ رِمۡ بِهٖ	كُفۡ رُمۡ بِهٖ	حِكۡ مَ تُمۡ بَا لِ غَ هۡ

اس سلسلے میں یہ بات ذہن نشین کرلینی چاہیے کہ ساکن میم (مۡ) کے بعد ''ب'' ''با'' آجائے تو ساکن مِیم (مۡ) کا تلفُّظ بھی غنے اور اِخۡفآء سے کیا جاتا ہے جیسے اَمۡ بِهٖ

ادغام

ادغام کے لغوی معنی، ایک چیز کو دوسری چیز میں داخل کرنے کے ہیں۔ اصطلاح تجوید میں ایک ساکن کو دوسرے متحرک میں اس طرح ملا دینا کہ دونوں مل کر ایک مشدد حرف ہو جائیں، اور دونوں کی ادائیگی کے وقت عضو ایک ہی بار کام کرے یعنی دونوں ایک ہی مخرج سے بلا فصل ادا ہوں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چھ حروف، حروفِ ادغام کہلاتے ہیں:

ی - ر - ل - م - و - ن

ان چھ حروف کو غور سے دیکھیں تو خود بخود ہی ان حروف کا ایک لفظ بن جاتا ہے جو بہت مشہور ہے............ یَرْمَلُوْنَ

ادغام کو اچھی طرح سمجھنے کے لیے اس ایک لفظ کے دو لفظ بنائے جاتے ہیں۔

یعنی............ لَرْ............ اور............ یَمُوْنَ............

کیونکہ ادغام کی دو قسمیں ہیں:

(i) ادغام تام (ii) ادغام ناقص

(i) لَ "لَام" یا "رَ" رَا سے پہلے اگر ساکن نون یا تنوین آ جائے تو ساکن نون یا تنوین پڑھا نہیں جائے گا۔ اس کو ادغامِ تام کہتے ہیں۔

ساکن نون کی مثالیں

	۲/۵ مِنْ رَّبِّهِمْ	۴/۴۰ مِنْ لَّدُنْهُ	۱۰/۵۹ وَلَا كِنْ لَّا
اردو میں پڑھائی	مِرْ رَبْ بِ هِمْ	مِلْ لَ دُنْ هُ	وَلَا كِلْ لَا
	اِنْ لَّمْ	مِنْ رِّزْقٍ	۱۰/۱۰۸ مِنْ رَّبِّكَ
اردو میں پڑھائی	اِلْ لَمْ	مِرْ رِزْقٍ	مِرْ رَبْ بِ كَ

تنوین کی مثالیں

	۳۶/۵۸ رَبٍّ رَّحِيْمٍ	۲/۲۵ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا	۴۸/۲۹ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ
اردو میں پڑھائی	رَبْ بِرْ رَحِيْ مِنْ	ثَ مَ رَ تِرْ رِزْقً	مُ حَمْ مَ دُرْ رَسُوْ لُلْ لَ هِ
	۵۰/۱۱ رِزْقًا لِّلْعِبَادِ	۶۲/۹ خَيْرٌ لَّكُمْ	۲/۲ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ
اردو میں پڑھائی	رِزْ قَلْ لِلْ عِ بَادِ	خَيْ رُلْ لَ كُمْ	هُ دَلْ لِلْ مُتْ تَ قِيْ نَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲۔ ''ی'' یا ''م'' ''میم'' و ''واؤ'' ''ن'' نون سے پہلے اگر ساکن نون یا تنوین آجائے تو ادغام کرتے وقت اس کا غُنَّہ کیا جاتا ہے۔ اس کو ادغام ناقص کہتے ہیں۔

ساکن نون کی مثالیں

	مَنۡ یَّقُوۡلُ ۲/۸	مِنۡ نَّکِیۡرٍ ۴۲/۴۷	مِنۡ مَّالٍ ۲۳/۵۵
اردو میں پڑھائی	مَنۡیۡ یَ قُوۡلُ	مِنۡ نَ کِیۡ رٍ	مِمۡ مَالٍ
	مَنۡ وُّجِدَ ۱۲/۷۵	یَوۡمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ۷۹/۸	عَیۡنًا یَّشۡرَبُ بِهَا ۷۶/۶
اردو میں پڑھائی	مَوۡ وُجِدَ	یَوۡمَءِذِوۡ وَاجِفَةٌ	عَیۡ نَیۡ یَ شۡ رَبُ بِهَا

تنوین کی مثالیں

	بَرۡقٌ یَّجۡعَلُوۡنَ ۲/۱۹	صَیۡحَةً وَّاحِدَةً ۳۶/۲۹	کَثِیۡرًا مِّنۡ
اردو میں پڑھائی	بَرۡقُیۡ یَ جۡ عَلُوۡنَ	صَیۡ حَ تَنۡوۡ وَاحِ دَةً	کَ ثِیۡ رَمۡ مِنۡ
	رَجُلٌ یَّسۡعٰی ۳۶/۲۰	رَعۡدٌ وَّبَرۡقٌ ۲/۱۹	سُلۡطٰنًا نَّصِیۡرًا ۱۷/۸۰
اردو میں پڑھائی	رَجُلُنۡ یَ سۡ عٰ	رَعۡ دُنۡوۡ وَبَرۡقٌ	سُلۡ طَانَنۡ نَ صِیۡ رًا

نوٹ ا۔ ی، ر، م، ل، و، ن سے پہلے اگر ساکن نون یا تنوین ہو تو یہ حروف مشدد ہوتے ہیں۔

۲۔ قِنۡوَانٌ، صِنۡوَانٌ، بُنۡیَانٌ، دُنۡیَا۔ ان چاروں لفظوں میں ساکن نون کا ''و'' واؤ اور ''ی'' یا میں ادغام نہیں ہوتا بلکہ نون خوب صاف پڑھا جاتا ہے۔

اِخفاء

اخفاء کے لغوی معنی چھپانے کے ہیں۔ اصطلاح تجوید میں کسی حرفِ ساکن کو اظہار اور ادغام کی درمیانی کیفیت پر اس میں صفتِ غنہ کو باقی رکھ کر بغیر تشدید کے ادا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرنا۔ پندرہ حروف اخفائے کے ہیں:

ت . ث . ج . د . ذ . ز . س . ش . ص . ض . ط . ظ . ف . ق . ك

ان پندرہ حروف سے پہلے ساکن نون یا تنوین آ جائے تو ساکن نون یا تنوین خفیہ یعنی ناک میں بولتا ہے۔ سنگ، جنگ، بند، جند، کی طرح۔

اخفاء کی صحیح صحیح ادائیگی کے لیے اس طریق کو ذہن نشین کر لیں۔ زبان کے سرے کو تالو سے ہلکا سا لگاتے ہوئے ساکن نون (ن) کی آواز کو ناک میں چھپا کر ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھا جائے خواہ ان پندرہ حروف الاخفاء میں سے کوئی حرف اخفاء ساکن نون (نْ) کے بعد اس لفظ میں ہو یا اگلے لفظ کے شروع میں کیونکہ ساکن نون لفظ کے درمیان میں بھی آ سکتا ہے اور شروع میں بھی مگر تنوین کا نون ہمیشہ لفظ کے آخر میں ہوگا۔

مثلاً: ......ساکن نون کی مثالیں: اَنْ تُقْبَلَ . مِنْ ثَمَرَةٍ . اُنْزِلَ

تنوین کی مثالیں

ذَلُوْلٌ تُثِيْرُ　　قَوْلًا ثَقِيْلًا　　عَيْنٌ جَارِيَةٌ

قَوْلًا سَدِيْدًا　　غَفُوْرًا شَكُوْرٌ　　عَمَلًا صَالِحًا

وقف کی تعریف لغت میں وقف کے معنی روکنے کے ہیں اور اصطلاح میں وقف کی تعریف یہ ہے کہ کلمہ کے آخری حرف پر سانس اور آواز دونوں کا توڑ دینا بغیر سانس توڑے وقف کرنا جائز نہیں۔

مد کی اقسام: مد کی چار قسمیں ہیں: (۱) مد متصل (واجب) (۲) مد منفصل (جائز)

(۳) مد لازم　　(۴) مد عارض

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۱) حرف مد کے بعد جب ہمزہ عین کی شکل آ جائے تو مد متصل ہوگا جیسے: جَآءَ جِیْٓءَ ، سُوْٓءٍ. اس کو دو الف سے لے کر چار الف کے برابر تک لمبا کریں۔

(۲) حرف مد کے بعد جب ہمزہ الف کی شکل کا آ جائے تو مد منفصل ہوگا جیسے: قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ، فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ مَآ اُنْزِلَ اس کو ایک الف سے لے کر چار الف کے برابر تک لمبا کریں۔

(۳) حرف مد یا حرف لین کے بعد جب لازمی ساکن آ جائے تو مد لازم ہوگا جیسے: آلْئٰنَ. جُوْٓنِّیْ. عٓیْنٓ اس کو بھی دو الف سے لے کر چار الف کے برابر تک لمبا کریں۔

(۴) حرف مد یا حرف لین کے بعد جب عارضی ساکن آ جائے تو مد عارض ہوگا جیسے: یَعْلَمُوْنَ . خَوْفٍ اس کو ایک الف سے لے کر تین الف کے برابر تک لمبا کریں۔

(۱) **لازمی ساکن** جس حرف مد یا حرف لین کے بعد والے حرف پر خود جزم یا شد موجود ہو اسے لازمی ساکن کہتے ہیں۔

(۲) **عارضی ساکن** جس حرف مد یا حرف لین کے بعد والے حروف پر حرکات موجود ہوں مگر وقف کی وجہ سے ساکن کرنا پڑے۔

مشق نمبر 2 قرآنی آیات کے سامنے اظہار، اقلاب، ادغام اور اخفاء کی نشاندہی کریں

وَمَا یَنْۢبَغِیْ لَھُمْ	۲۶/۲۱۱	حُسْنًۢا بَعْدَ سُوْٓءٍ	۲۷/۱۱
سُجَّدًا وَّ قِیَامًا	۲۵/۶۴	قَبْضًا یَّسِیْرًا	۲۵/۴۶
مَا لَا یَنْفَعُھُمْ	۵۵/۲۵	یَوْمٍ عَظِیْمٍ	۱۹/۳۷
غُلٰمًا زَکِیًّا	۱۹/۱۹	مَکَانًا شَرْقِیًّا	۱۹/۱۶
وَلَنْ تَجِدَ	۳۳/۶۲	فَوْزًا عَظِیْمًا	۳۳/۷۱

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عربی اصطلاحات

ہر زبان کی کچھ مخصوص اصطلاحات ہوتی ہیں۔عربی زبان کی اصطلاحات درج ذیل ہیں۔جس طرح اُردو زبان کی حرکات زبر (ـَـ) زیر (ـِـ) اور پیش (ـُـ) ہوتی ہے، اسی طرح عربی زبان میں بھی یہ علامات ہوتی ہیں اور ان میں سے ہر ایک کو حرکت کہا جاتا ہے۔ان علامتوں کے عربی نام اُردو ناموں سے مختلف ہیں۔

فَتحَةٌ:.....عربی زبان میں زبر کو فتحہ کہتے ہیں۔(ـَـ) یہ علامت ہمیشہ اوپر لکھی جاتی ہے۔

کَسْرَةٌ:.....زیر کو کَسْرَةٌ کہا جاتا ہے۔(ـِـ) یہ علامت ہمیشہ نیچے لکھی جاتی ہے۔

ضَمَّةٌ:..........پیش کو ضَمَّہ کہتے ہیں (ـُـ) یہ علامت ہمیشہ اوپر لکھی جاتی ہے۔

ان تینوں حرکتوں کو حرکات ثلاثہ کہا جاتا ہے۔

مُتَحَرِّك :.......... جس حرف پر کوئی حرکت حرکات ثلاثہ میں سے ہو اِسے **مُتحرِّك** کہا جاتا ہے جیسے فِعْلٌ میں ف۔

مَفْتُوحٌ :..........جس حرف پر فتحہ ہو اُسے مفتوح کہا جاتا ہے جیسے رَجُلٌ میں (رَ)۔

مَکْسُورٌ :..........جس حرف کے نیچے کَسْرَہ ہو اُسے مَکْسُورٌ کہتے ہیں جیسے کِتَابٌ میں (كِ)۔

مَضْمُوم :.....جس حرف پر ضمہ ہو اُسے مَضمُوْمٌ کہا جاتا ہے جیسے خُبْزٌ میں (خُ)۔

تَنوِین:.....مذکورہ بالا حرکات کے علاوہ عربی میں دو زبر (ـًـ) دو زیر (ـٍـ)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور دو پیش (ـٌـ) بھی آتے ہیں اور یہ تنوین کہلاتے ہیں۔تنوین والے لفظ کے بولنے میں (جیم) و (نون) کی (غنہ) آواز پیدا ہوتی ہے اُسے نونِ تنوین کہا جاتا ہے۔

سَکُوْن:............کسی حرکت (زبر۔زیر۔پیش) کے نہ ہونے کوسکون کہا جاتا ہے۔

اسے **جَزْم** (ـْـ) بھی کہتے ہیں۔

سَاکِنْ:............جس حرف پرسکون ہواُسے ساکن بولتے ہیں جیسے **فِعْلٌ** میں (ع)۔

تَشْدِیْد:............اس علامت (ـّـ) کوتشدید بولتے ہیں۔اُردو میں عام طور پر شد کہتے ہیں۔

مُشَدَّد:............جہاں ایک ہی قسم کے دوحروف ایک ساتھ ملا کر پڑھتے وقت ایک حرف کوزور سے پڑھا جاتا ہوتو ایسے حروف کومتشدد کہتے ہیں جیسے **مُقَدَّمٌ** میں دال حرف مشدد ہے کیونکہ یہ اصل میں **مُقَدْدَمٌ** دونوں دالوں کو ملا کر ایک دال کوزور سے پڑھا جاتا ہے۔

تَنْکِیْر:............کسی اسم کا نکرہ (عام) ہونا یاکسی اسم کا نکرہ بنانا **تَنْکِیْر** کہلاتا ہے۔

تَعْرِیْف:......کسی اسم کا معرفہ(خاص)ہونا یاکسی اسم کومعرفہ بنانا **تَعْرِیْف** کہلاتا ہے۔

لَام تَعْرِیْف:............کسی اسم نکرہ کومعرفہ بناتے وقت جو اَلْ اس کے آغاز میں بڑھایا جاتا ہے وہ لام تعریف کہلاتا ہے جیسے **اَلْوَلَدُ** کا اَلْ۔

مُعَرَّف بِاللّام:............وہ معرفہ ہے جو لام تعریف کے ذریعے سے معرفہ بناتا ہے۔جیسے **اَلْوَلَدُ** یانکرہ سے معرفہ بنانے والے اس قاعدے کو مُعَرَّف باللّام کہا جاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حَرُوْفِ تھجی: Words حروفِ ابجد کو حروفِ تہجی کہا جاتا ہے۔ یعنی الف سے یاء تک کے تمام حروف تہجی (جو بلحاظ آواز 28 ہیں) مندرجہ ذیل ہیں:

أ ۔ب ۔ت ۔ ث ۔ ج ۔ ح ۔ خ ۔ د ۔ ذ ۔ ر ۔ ز ۔ س ۔ ش ۔ ص ۔
ض ۔ ط ۔ ظ ۔ ع ۔ غ ۔ ف ۔ ق ۔ ك ۔ ل ۔ م ۔ ن ۔و ۔ ہ ۔ ی ۔

حُرُوْفِ عِلّت: Vowel (و، ا، ی) میں سے ہر ایک کو حرفِ علّت کہا جاتا ہے اور تینوں کو حروفِ علّت ۔ (ان تینوں حروف سے ہی تین علامتیں نکالی گئیں جن کو حرکات کہتے ہیں۔)

حُرُوْفِ صَحِیْحَه:.......... حروفِ علّت کے علاوہ باقی تمام حروفِ تہجی کو حروفِ صَحِیْحَه کہتے ہیں۔

تَذْکِیر: کسی اسم کا مذکر (مرد) ہونا یا اسے مذکر بنانا تَذْکِیر کہلاتا ہے۔

تَانِیث: کسی اسم کا مؤنث (عورت) ہونا یا اُسے مؤنث بنانا تانیث کہلاتا ہے۔

وَاحِد: جس لفظ سے ایک چیز ظاہر ہو اُسے واحد یا مفرد کہتے ہیں۔ جیسے رَجُلٌ (ایک آدمی)

تَثْنِیَه: جس لفظ سے دو چیزیں ظاہر ہوں اُسے تثنیہ کہا جاتا ہے۔ جیسے رَجُلَانِ (دو آدمی)

جَمع:...... جس لفظ سے دو سے زیادہ چیزیں ظاہر ہوں اُسے جمع کہا جاتا ہے جیسے اَشْجَارٌ (بہت سے درخت) جمع ہے شَجَرَۃٌ کی۔ جیسے رَجُلٌ سے رِجَالٌ

هَمْزَة:.......... عربی اصطلاح میں ہمزہ وہ الف ہے جو متحرک یا ساکن ہو لیکن اس کے ادا کرتے وقت زبان کو جھٹکا سا لگے جیسے أَکَلَ میں پہلا حرف۔ سَأَلَ میں دوسرا حرف۔ قَرَأَ میں تیسرا حرف۔ یا رَأْسٌ اور بِئْرٌ میں دوسرا حرف اور جو ساکن زبان کو جھٹکا لگے بغیر ادا ہو اُسے اَلف کہتے ہیں جیسے قَالَ میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوسرا حرف ''الف'' ہے۔ ہمزہ کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔

هَمزَةُ الْقَطْعِ:.......... وہ ہمزہ جو کلام کے درمیان میں آ جائے تب بھی اسے گرایا نہ جائے۔ ہمزہ قطعی کہلاتا ہے۔ مثلاً وَاَقْبَلَ

هَمزَةُ الْوَصْل:.......... وہ ہمزہ ہے جو کلام کے درمیان واقع ہونے کی صورت میں بولنے میں ساقط ہو جائے جیسے یَآٰدَمُ اسْكُنْ میں میم اور سین کے درمیان کا ہمزہ جو اصل میں مَضْمُوْم ہے اگر یہ درمیان کلام میں نہ آتا اور صرف اُسْكُنْ ہی پڑھنا ہوتا تو ہمزہ مضمومہ ضرور پڑھتے۔ مثلاً وَانْصَرَفَ

ہمزہ اور الف میں فرق: الف ہمیشہ ساکن رہتا ہے اور اُس سے پہلے ہمیشہ زبر آتی ہے۔ ہمزہ ساکن اور متحرک بھی ہو سکتا ہے۔ تینوں حرکات (ـَ ـِ ـُ) آ سکتی ہیں۔

مدّہ:.......... جب کوئی حرف علّت ساکن ہو اور اس کے مقابل حرف کی حرکت اس کے موافق ہو تو اس حرفِ علّت کو مدہ کہتے ہیں اگر واؤ ماقبل مضموم ہو تو (ـُ) واؤ مدہ اور اگر یاء ماقبل مکسور ہو تو (ـِ) یائے مدّہ اور اَلف ماقبل مفتوح ہو تو (ـَ) الف مدہ کہلاتا ہے جیسا کہ نُوْرٌ میں واؤ، عِیْرٌ میں یاء اور دَارٌ میں الف ہے۔ اگر ماقبل کی حرکت موافق نہ ہو تو اسے لِیْن کہتے ہیں۔ جیسے ثَوْرٌ۔ سِیْرٌ الف ہمیشہ مدہ ہی ہوتا ہے اس کے ماقبل پر ضمہ یا کسرہ آ ہی نہیں سکتا۔ نوٹ: مدہ سے مراد (ایک الف) لمبا کرنا ہے۔

اِسْمِ جَمع:.......... وہ اسم ہے جو بظاہر مفرد ہو لیکن ایک گروہ یا جماعت کے لیے بولا جائے جیسے قَوْمٌ (لوگ) عَسْكَرٌ (لشکر) جَمَاعَةٌ (گروہ) انگریزی میں اسے (COLLECTIVE NOUN) کہتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حصہ دوم

حرکت اور اعراب

سبق نمبر 1

- ہر زبان کو پڑھنے کے لیے حروفِ تہجی کی ضرورت ہوتی ہے۔ مثلاً انگریزی میں ABC-XYZ وغیرہ اور اُردو میں اب پ ت .... ی ے وغیرہ۔
- اسی طرح عربی زبان پڑھنے، لکھنے، بولنے اور سیکھنے کے لیے حروفِ تہجی اور حرکات کی ضرورت ہوتی ہے۔
- عربی زبان میں حروفِ تہجی کے ساتھ کسی بھی صورت حرکات کی ضرورت کو کم نہیں کیا جاسکتا۔
- اُردو زبان میں اعراب کا لفظ عموماً حرکات کے لیے بولا جاتا ہے لیکن عربی میں حرکات اور اعراب میں خاصا فرق ہے۔

حرکات حرکات کے بغیر ہم کسی لفظ کو پڑھ نہیں سکتے، کیونکہ حرکات سے ہی آوازیں نکلتی ہیں۔ مثلاً زبر کی آواز "آ"، زیر کی آواز "ای" اور پیش کی آواز "اُو" ہے۔

حرکات یہ ہیں: ـٌ ـً ـٍ ـَ ـُ ـِ ـْ ـٰ ـٖ ـٓ ـّ وغیرہ

اعراب کسی لفظ کے آخری حرف پر جو بھی حرکت آ جائے وہ حرکت اعراب کہلائے گی۔ مثلاً اِبْرٰهِيْمُ صَالِحٌ میں (ـُ ـٌ) اعراب ہیں۔

علم النّحو: وہ قاعدے جن کا تعلق لفظ کے آخری حصے (اعراب) سے ہو وہ علم "نحو" کہلاتا ہے۔

اور "علم النّحو" سے اسم کے بارے میں معلومات حاصل ہوتی ہیں

علم الصّرف وہ قاعدے جن کا تعلق لفظ کے ہر حرف اور لفظ کی تمام حرکات سے ہوا سے "علم الصرف" کہتے ہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علم الصرف سے فعل کے بارے میں معلومات حاصل ہوتی ہیں
کسی بھی اسم کے اعراب سے اس کی حیثیت معلوم کی جاتی ہے یعنی فاعلی، مفعولی اور اضافی حالت جنہیں عربی میں (رفعی، نصبی اور جری حالت) کہتے ہیں

فاعلی (رفعی) حالت Nominative Case

فاعل کسی کام کرنے والے کو کہتے ہیں مثلاً حامد نے محمود کو مارا، اس جملے میں حامد کام کرنے والا ہے اس لیے وہ فاعل ہے اور اس کو اُردو میں ''نے'' سے پہچانتے ہیں لیکن عربی میں کسی اسم کے آخری حرف پر ـٌ یا ـُ کے آنے سے فاعل پہچانا جاتا ہے۔
اس مثال میں حامد فاعل ہے

مفعولی (نصبی) حالت Accusative Case

جس پر کام واقع ہو مذکورہ جملے میں محمود مفعول ہے۔ مفعول کو اُردو میں عموماً ''کو'' سے، پر، میں، کی، سے پہچانا جاتا ہے لیکن عربی میں کسی اسم کے آخری حرف پر ـًا یا ـَ کے آنے سے مفعول پہچانا جاتا ہے۔ ضَرَبَ حَامِدٌ مَحْمُوْدًا اس مثال میں محمود مفعول ہے

اضافی (جری) حالت Genitive Case

کسی اسم کے آخری حرف پر ـٍ یا ـِ آجائے تو وہ اس کی اضافی حالت ہوگی۔
اضافی حالت کے بارے میں پوری معلومات مرکب جاری اور مرکب اضافی کے اسباق میں پڑھائی جائیں گی

نوٹ:.......... کسی اسم کی اضافی (جری) حالت صرف دو طرح ممکن ہے۔

(i) مرکب جاری میں حرف جار کے شروع میں آنے کی صورت میں۔

(ii) مرکب اضافی میں مضاف الیہ ہونے کی صورت میں۔

یہ اسم کی تین حالتیں ہیں اس کے علاوہ چوتھی حالت کوئی نہیں ہوتی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Date:............

مشق نمبر 1 درج ذیل الفاظ میں سے فاعلی کے سامنے (ف) مفعولی کے سامنے (م) اور اضافی کے سامنے (ض) لگائیں۔

حَسَنَةٌ ۳۳/۲۱	بھلائی		صَعِیْدًا ۴/۴۳	مٹی		مُتَشَابِهٍ ۶/۹۹	ملتے جلتے	
یَسِیْرًا ۳۳/۱۴	آسان		طَیِّبًا ۲/۱۶۸	پاک		سَلَامٌ ۵/۹۷	سلامتی	
فِسْقٌ ۵/۳	نافرمانی		خَرْدَلٍ ۳۱/۱۶	رائی کا دانہ		عَجَبًا ۱۰/۲	عجیب	
سَیِّئَةٌ ۳/۱۲۰	برائی		بَعُوْضَةً ۲/۲۶	مچھر		فِطْرَةٌ ۳۰/۳۰	فطرت	
عَذَابٌ ۲/۷	عذاب		کَاتِبًا ۲/۲۸۳	لکھنے والا		اِنْسَانٌ ۱۴/۱۵	انسان	
عَظِیْمٌ ۲/۷	بڑا		جَمِیْعًا ۲/۲۹	سب کے لیے		نَفْسٍ ۳۲/۱۳	جان	
رَحْمَةٌ ۳/۱۵۷	مہلت		ثَمَنًا ۲/۱۷۴	تھوڑا		مَرَّةٍ ۳۶/۷۹	بار	
طَرَفًا ۳/۱۲۷	کنارہ		رَسُوْلٌ ۴۳/۲۹	رسول		اَذِلَّةٍ ۵۴/۵	نرم خو	
قَتَرٌ ۱۰/۲۶	سیاہی		مِهٰدًا ۷۸/۶	بچھونا		اَعِزَّةٍ ۵۴/۵	سخت خو	
ذِلَّةٌ ۳/۱۲۳	رسوائی		اَوْتَادًا ۷۸/۷	میخ		شَیْءٍ ۳۰/۴۰	چیز	
عَزِیْزٌ ۳۱/۲۷	زبردست		اَزْوَاجًا ۳۰/۲۱	بیویاں		یَوْمٍ ۳۲/۵	دن	
بَارِزَةً ۱۸/۴۷	ظاہر		شِفَآءٌ ۱۰/۵۷	آرام		مَالٌ ۲۶/۸۸	مال	
ذَهَبًا ۳/۹۱	سونا		مَآءً ۳۰/۴۲	پانی		حَاجَةً ۱۲/۶۸	ضرورت (دلیل)	
عَدُوٌّ ۳۶/۶۰	دشمن		مُؤَذِّنٌ ۷/۴۴	اذان دینے والا		خَیْرٌ ۳۰/۳۸	بھلائی	
بَغْیًا ۳/۱۹	بغاوت		حَاضِرًا ۱۸/۴۹	حاضر		فَرِیْقًا ۳۴/۲۰	مُدت	
سِدْرٌ ۳۴/۱۶	بیری		خَمْطٍ ۱۶/۳۴	کڑوا		اُکُلٍ ۱۶/۳۴	پھل	
عَاصِمٍ ۴۰/۳۳	بچانے والا		مَقْتًا ۳۵/۴۰	بیزاری		مَوْجٌ ۳۲/۳۱	لہر	
اَرْحَامٌ ۶/۱۴۳	رحم		غَدًا ۳۴/۳۱	آنے والا کل		طَاعَةٌ ۵۳/۲۴	اطاعت	
صَیْحَةً ۱۱/۹۴	چیخ		مُقْتَصِدٌ ۳۲/۳۱	درمیانی راہ		اَطْفَالٌ ۵۹/۲۴	لڑکے	

دستخط مہتمم ....

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق نمبر 2

اسم کی تعریف اور اس کی اقسام

اسم Noun:

Date:............

تعریف:۔ کسی چیز، شخص اور جگہ کے نام کو اسم کہا جاتا ہے لیکن عربی میں خصوصاً ذاتی نام اور صفاتی نام بھی اسم کہلاتے ہیں۔ مثلاً ذاتی نام کِتَابٌ، قَلَمٌ اور صفاتی نام صَالِحٌ، عَابِدٌ وغیرہ ہیں۔

پہچان:۔ ابتدائی طور پر کسی بھی اسم کا اعراب تنوین (دو زبر، دو زیر، دو پیش) ہوگا۔ (ـًا ـٍ ـٌ)

ذاتی نام سے مراد کوئی شکل تصویر، نقشہ، ڈھانچہ ہمارے ذہن میں آجائے مثلاً کُرْسِیٌّ، بَیْتُ اللّٰہِ

صفاتی نام سے مراد کسی چیز کی صفت سے اس کے اصل نام تک رسائی حاصل کی جائے۔ مثلاً اللہ کی پہچان اس کے صفاتی ناموں سے ہو جائے مثلاً اَلرَّحْمٰنُ، اَلرَّحِیْمُ، اَلْمَلِكُ، اَلسَّلَامُ

ذاتی و صفاتی اسما کی قرآنی مثالیں:

ذاتی	معانی	صفاتی	معانی	ذاتی	معانی	صفاتی	معانی
اَلْبَقَرَةُ ۶۹/۲	گائے	قَدِیْرٌ ۲/۲۰	قادر	سَمْعٌ ۲/۱۸۱	کان	اَلْمُتَّقِیْنَ ۳۸/۲۸	پرہیزگار
اَلْاٰخِرَةِ ۳۰/۱۶	آخرت	اَبْصَارٌ ۱۰/۳۳	آنکھیں	قُلُوْبٌ ۷/۱۷۹	دل	مُهْتَدِیْنَ ۲/۱۶	ہدایت یافتہ

مشق نمبر 2 درج ذیل الفاظ میں سے ذاتی کے سامنے (ذ) اور صفاتی کے سامنے (ص) لگائیں۔

اَلصَّوَاعِقَ ۱۳/۱۳	کڑک		اَلْعٰلَمِیْنَ ۱/۱	تمام جہان		اَبْنَآءٌ ۴۹/۲	بیٹے	
اَلْخٰشِعِیْنَ ۳۳/۳۵	ڈرنے والے		عَظِیْمٌ ۲/۴۹	بہت بڑا		اَلْحَقُّ ۲/۲۶	حق	
مُوْسٰی ۹۲/۲	موسیٰ		اَسْمَآءٌ ۵۳/۲۳	نام		کَبِیْرَةٌ ۲/۴۵	بڑا	
خٰلِدُوْنَ ۴۳/۷۱	ہمیشہ رہنے والے		اَلصَّلٰوةَ ۳۰/۳۱	نماز		مُحْسِنِیْنَ ۵۱/۱۶	نیکی کرنے والے	
رٰجِعُوْنَ ۲/۴۶	لوٹنے والے		وَاحِدٌ ۳۷/۱۹	ایک		بَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ ۴۴/۳۰	بنی اسرائیل	
طَعَامٌ ۱۲/۳۷	کھانا		عَمَلًا ۴۶/۱۱	عمل		بَعْضٍ ۱۴۵/۲	بعض	
ظٰلِمِیْنَ ۷/۵	ظالم		اَلْخَوْفُ ۳۳/۱۹	خوف		اَلصّٰبِرِیْنَ ۲/۱۵۳	صابر	
اَلْفٰسِقِیْنَ ۵/۲۵	گناہگار		عَهْدٌ ۹/۷	وعدہ		اَلْحَجَرُ ۹۲/۲	پتھر	
اَلرّٰکِعِیْنَ ۲/۴۳	رکوع کرنے والے		نَفْسٌ ۳۱/۳۴	جان		صَالِحًا ۳۰/۴۴	نیک	

دستخط مہتمم ....

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق نمبر 3 — شمسی وقمری حروف

Date:............

شمسی حروف Sun Letters : شمسی حروف وہ حروف جب کسی لفظ کے شروع میں آئیں تو "ال" کالام خاموش ہوجائے ان کی وجہ سے الفاظ کے شروع میں تشدید آتی ہے۔ مثلاً وَالشَّمْسُ ت،ث،د،ذ،ر،ز،س،ش،ص،ض،ط،ظ،ل،ن،شمسی حروف ہیں۔

قمری حروف Moon Letters: جن الفاظ کے شروع میں آنے سے "ال" متحرک ہو (حرکت میں آجائے) قمری حروف کہلاتے ہیں۔ أ،ب،ج،ح،خ،ع،غ،ف،ك،ق،م،و،ہ،ی،

آواز کے اعتبار سے عربی کے حروف تہجی 28 ہیں جن میں 14 شمسی اور 14 قمری حروف ہیں۔

نوٹ: 28 حروف میں صرف "ل" کسی لفظ کے شروع میں آئے تو اس کے شروع میں الف نہیں لکھا جائے گا مثلاً لِلّٰهِ۔ لِلْمُتَّقِيْنَ۔ (ء) اور (الف) دونوں حرفوں کی آواز ایک ہی ہوتی ہے

مشق نمبر 3 درج ذیل الفاظ میں سے شمسی حروف کے سامنے (ش) اور قمری حروف کے سامنے (ق) لگائیں۔

اَلْجَرَادُ ١٣٣/٧	ٹڈی		اَلضَّفَادِعُ ١٣٣/٧	مینڈک		اَلشَّجَرَةَ ٣٥/٢	درخت		اَلْوَرَقَةُ ٢٢/٧	پتے	
اَلْمَشْرِقُ ١١٥/٢	مشرق		اَلدَّلِيْلُ	دلیل		اَلزِّيَادَةُ ٧٩/٣	زیادہ		اَلشَّمْسُ ٣٨/٣٦	سورج	
اَلْمَغْرِبُ ١١٥/٢	مغرب		اَلْقَمَرُ ٣٧/٤١	چاند		اَلْمَسْكَنَةُ ٦١/٢	مسکینی		اَلرَّاشِدُوْنَ	ہدایت یافتہ	
اَلصَّبُوْرُ	بہت صابر		اَلْحُجَّةُ ١٤٩/٦	دلیل		اَلْاُمَّةُ	امت		اَلذَّآئِقَةُ	چکھنے والی	
اَلْجَلِيْلُ	صاحب جلال		اَلْكَرِيْمُ ٤٩/٤٤	عزت والا		اَلضَّرَرُ ٩٥/٤	نقصان		اَلرَّحْمٰنُ ١٥/٣٦	بہت مہربان	
اَلْمَنُّ	احسان		اَلْمَسْجِدُ ١٧/٧	مسجد		اَلْاِحْسَانِ ٦٠/٥٥	نیکی		اَلصِّدْقُ	سچائی	
اَلطَّاهِرُ	پاک		اَلضِّيَآءُ	روشنی		اَلْحَمِيْمُ ١٩/٢٢	دوست		اَلْعَيْنُ ١٣/٣	چشمہ	

دستخط مہتمم ....

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق نمبر 4 — اسم کی مندرجہ ذیل چار اقسام

Date:............

(i) اسم بلحاظ حالت (ii) اسم بلحاظ وسعت (iii) اسم بلحاظ عدد (iv) اسم بلحاظ جنس

(i) اسم بلحاظ حالت حالت کے اعتبار سے کسی بھی اسم کے تین جزو ہیں۔ یعنی (فاعلی، مفعولی، اضافی)

	فاعلی (رفعی)	مفعولی (نصبی)	اضافی (جری)
ذاتی نام	كِتَابٌ	كِتَابًا	كِتَابٍ
صفاتی نام	صَالِحٌ	صَالِحًا	صَالِحٍ

یاد رہے: اسم کی مفعولی حالت کا اعراب ـًا ہوتا ہے اور ـًا کے ساتھ ہمیشہ ایک الف کا اضافہ کیا جاتا ہے مثلاً ثَمَنًا قَلِيْلًا اور ایسے الفاظ جن کے آخر میں ۃ، وء، آء یہ تین علامات آئیں تو ان کی مفعولی حالت الف نہیں لگتا مثلاً مَرَّةً ، سُوْءً ، سَمَاءً

مشق نمبر 4 (i) درج ذیل الفاظ کی دی گئی مثال کے مطابق تین حالتیں بنائیں۔

لفظ		معانی	فاعلی حالت	مفعولی حالت	اضافی حالت
كِتَابٌ	۱۳/۸۳	کتاب	كِتَابٌ	كِتَابًا	كِتَابٍ
مُنَزِّلٌ	۶/۱۴۱	اتارنے والا			
مَغْفِرَةٌ	۳۴/۴	بخشنے والا			
كَافِرٌ	۶۴/۲	انکار کرنے والا			
ظَالِمٌ	۳۵/۲۳	ظلم کرنے والا			
مُفْلِحٌ	۲/۵	فلاح پانے والا			
عَالِمٌ	۳۰/۲۲	جاننے والا			
عَالَمٌ	۱/۱	جہان			

دستخط مہتمم..............................

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(ii)اسم بلحاظ وسعت

Date:...........

وسعت کے اعتبار سے اسم کے دو جزو ہیں (i) نکرہ (ii) معرفہ

(i) نکرہ کی پہچان Common Noun: اُردو میں نکرہ (عام) چیز کو کہا جاتا ہے۔ کسی بھی اسم کے آخری حرف پر تنوین (ٌ ً ٍ) ہو تو وہ عام طور پر نکرہ کہلائے گا اور وہی اس لفظ کا اعراب ہوگا۔

(ii) معرفہ کی پہچان Proper Noun: اُردو میں معرفہ (خاص) چیز کو کہا جاتا ہے۔ کسی نکرہ کو معرفہ بنانے کے لیے شروع میں ''ال'' لگا کر آخر میں تنوین ختم کر دیں۔

مثلاً: کِتَابٌ سے اَلْکِتَابُ (خاص کتاب) نکرہ سے معرفہ بنانے والے قاعدے کو مُعَرَّف بِاللَّام کہا جاتا ہے۔

مشق نمبر 4(ii) درج ذیل الفاظ میں سے معرفہ کے سامنے (م) اور نکرہ کے سامنے (ن) لگائیں

لفظ		معانی	لفظ		معانی	لفظ		معانی
ظِلٌّ ۵۶/۳۰		سایہ	طَرَفًا ۱۲۷/۳		طرف	اَلْاَنَامِلَ ۱۱۹/۳		انگلیاں
خَآئِبِیْنَ ۳/۱۲۷		نامراد	اَلْکٰظِمِیْنَ ۱۳۴/۳		پینے والے	اَلْعَافِیْنَ ۱۳۴/۳		معاف کرنے والے
ثَمَنًا ۲/۴۱		تھوڑا	خَوْفٌ ۴۳/۶۸		ڈر	شَهَادَةً ۶/۱۹		گواہی
قَرْحٌ ۳/۱۴۰		زخم	مُّؤَجَّلًا ۱۴۵/۳		مقرر کیا ہوا	اَلْاُمُوْرُ ۱۸۶/۳		کام
اَلْاَوَّلَ ۲/۴۱		پہلے	وَعْدٌ ۱۱/۶۵		وعدہ	اَلْبِلَادِ ۱۹۶/۳		شہر
نَارٌ ۲۴/۳۵		آگ	اَلْقِسْمَةَ ۸/۴		تقسیم	سَدِيْدًا ۴/۹		سیدھی
جَنَّةٌ ۲۵/۸		باغ	كَنْزٌ ۲۵/۸		خزانہ	اَلشَّهَوٰتِ ۲۶/۴		خواہشات
ضُعَفَآءُ ۲/۲۶۶		کمزور	اَلْاِیْمَانَ ۴۲/۵۲		یقین	اَلْمَضَاجِعِ ۳۲/۱۶		قتل کی جگہ
اَسْمَآءُ ۵۳/۲۳		نام	اِثْمٌ ۲/۲۱۹		گناہ	غِشَاوَةٌ ۷/۲		پردہ

دستخط مہتمم ....

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسم معرفہ کی اقسام اور مثالیں

اسم معرفہ کی سات اقسام ہیں: 1۔اسم علم/ ذات 2۔معرف باللّام 3۔اسماء ضمیر 4۔اسماء اشارہ 5۔اسماء موصولہ 6۔اسماء منادیٰ 7۔مضاف

مثالیں: **1**۔اسم علم/ ذات: حَامِدٌ، خَالِدٌ وغیرہ۔**2**۔معرف باللّام: (کِتَابٌ سے اَلْکِتَابُ)

3۔اسم ضمیر کسی اسم کی جگہ استعمال ہونے والے حرف کو ضمیر کہتے ہیں جسے انگریزی میں (Pronoun) کہتے ہیں مثلاً حامد کراچی گیا اور وہ واپس آ گیا اس مثال میں ''وہ'' اسم ضمیر ہے

ضمیریں دو قسم کی ہوتی ہیں (i) **ضمائر متصلہ مجرورہ** (جڑ کر آنے والی)

		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	هٗ (اس ایک مرد کا)	هُمَا (ان دو مردوں کا)	هُمْ (ان سب مردوں کا)
	مؤنث	هَا (اُس ایک عورت کا)	هُمَا (اُن دو عورتوں کا)	هُنَّ (اُن سب عورتوں کا)
حاضر	مذکر	كَ (تو ایک مرد کا)	كُمَا (تم دو مردوں کا)	كُمْ (تم سب مردوں کا)
	مؤنث	كِ (تو ایک عورت کا)	كُمَا (تم دو عورتوں کا)	كُنَّ (تم سب عورتوں کا)
متکلم	مذکر/مؤنث	ی (مجھ، میرا، میرا اپنا)	نَا (ہمیں، ہمارا، ہمارا اپنا)	نَا (ہمیں، ہمارا، ہمارا اپنا)

(ii) **ضمائر منفصلہ مرفوعہ** (علیحدہ آنے والی)

		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	هُوَ (وہ ایک مرد)	هُمَا (وہ دو مرد)	هُمْ (وہ سب مرد)
	مؤنث	هِيَ (وہ ایک عورت)	هُمَا (وہ دو عورتیں)	هُنَّ (وہ سب عورتیں)
حاضر	مذکر	اَنْتَ (تو ایک مرد)	اَنْتُمَا (تم دو مرد)	اَنْتُمْ (تم سب مرد)
	مؤنث	اَنْتِ (تو ایک عورت)	اَنْتُمَا (تم دو عورتیں)	اَنْتُنَّ (تم سب عورتیں)
متکلم	مذکر/مؤنث	اَنَا (میں)	نَحْنُ (ہم)	نَحْنُ (ہم)

ضمائر کے اس گراف سے ہم آوازیں، معانی، اور نام سیکھ چکے ہیں مثلاً: **هٗ** کا نام **واحد مذکر غائب** ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسم معرفہ چوتھی قسم

4۔اسماء اشارہ وہ لفظ جس سے کسی چیز کی طرف اشارہ کیا جائے وہ اسم اشارہ ہے۔

اسماء اشارہ کی دو قسمیں ہیں: اسم اشارہ قریب مثلاً هٰذَا الْكِتٰبُ اسم اشارہ بعید ذٰلِكَ الْكِتٰبُ

Near Demonstrative Pronoun اسماء اشارہ قریب

	فاعلی (رفعی)	مفعولی (نصبی)	اضافی (جری)	
واحد	هٰذَا	هٰذَا	هٰذَا	مذکر
واحد	هٰذِهٖ	هٰذِهٖ	هٰذِهٖ	مؤنث
تثنیہ	هٰذَانِ	هٰذَيْنِ	هٰذَيْنِ	مذکر
تثنیہ	هَاتَانِ	هَاتَيْنِ	هَاتَيْنِ	مؤنث
جمع	هٰٓؤُلَآءِ	هٰٓؤُلَآءِ	هٰٓؤُلَآءِ	مذکر/مؤنث

Distant Demonstrative Pronoun اسماء اشارہ بعید

	فاعلی (رفعی)	مفعولی (نصبی)	اضافی (جری)	
واحد	ذَالِكَ	ذَالِكَ	ذَالِكَ	مذکر
واحد	تِلْكَ	تِلْكَ	تِلْكَ	مؤنث
تثنیہ	ذَانِكَ	ذَيْنِكَ	ذَيْنِكَ	مذکر
تثنیہ	تَانِكَ	تَيْنِكَ	تَيْنِكَ	مؤنث
جمع	اُولٰٓئِكَ	اُولٰٓئِكَ	اُولٰٓئِكَ	مذکر/مؤنث

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسم معرفہ پانچویں قسم

نمبر 5۔اسم موصولہ ایسا اسم جس کے بعد ایک جملہ آ کر مقصود کو متعین کر دے اسم موصولہ کہلاتا ہے۔ یہ معرفہ ہوتا ہے جس جملے سے اس کے معنی واضح ہوتے ہیں اسے اس کا صلہ کہتے ہیں۔ جیسے: اَلَّذِیْ خَلَقَکُمْ میں اَلَّذِیْ موصولہ اور خَلَقَکُمْ اس کا صلہ ہے۔ اسماء اشارہ اسماء ضمیر اور اسم موصولہ مبنی ہوتے ہیں۔

اسماء موصولہ Relative Pronoun اَلَّذِیْ۔ اَلَّذِیْنَ وغیرہ

	فاعلی (رفعی)	مفعولی (نصبی)	اضافی (جری)	
واحد	اَلَّذِیْ	اَلَّذِیْ	اَلَّذِیْ	مذکر
واحد	اَلَّتِیْ	اَلَّتِیْ	اَلَّتِیْ	مؤنث
تثنیہ	اَلَّذَانِ	اَلَّذَیْنِ	اَلَّذَیْنِ	مذکر
تثنیہ	اَلَّتَانِ	اَلَّتَیْنِ	اَلَّتَیْنِ	مؤنث
جمع	اَلَّذِیْنَ	اَلَّذِیْنَ	اَلَّذِیْنَ	مذکر/مؤنث

6۔اسماء منادیٰ Vocative Noun "یا" "یَااَیُّهَا۔ یَااَیَّتُهَا وغیرہ

ایسے حروف جن سے کسی کو پکارا جائے اُن کو (حرف ندا) کہتے ہیں۔ اور جس کو پکارا جائے وہ منادیٰ کہلاتا ہے۔ جب منادیٰ کوئی مفرد لفظ ہو تو اس کے شروع "یا" آتا ہے مثلاً: یَارَجُلُ اور اگر منادیٰ معرف باللام ہو تو یَااَیُّهَا مذکر کے لیے مثلاً: یَااَیُّهَا الَّذِیْنَ اور یَااَیَّتُهَا مؤنث کے لیے مثلاً: یَااَیَّتُهَا النَّفْسُ لاتے ہیں۔

نوٹ: جب منادیٰ مرکب اضافی ہو تو مضاف کو نصب دیتا ہے، مثلاً: یَاعَبْدَ الرَّحْمٰنِ اس مثال میں عَبْدُ مضاف ہے۔ جس کو حرف ندا کی وجہ سے حالت فاعلی سے مفعولی میں لایا گیا ہے۔

7 مضاف: معرفہ کی ساتویں قسم اسم کے استعمال کے مضمون میں پڑھا دی جائے گی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Date:.............

مشق نمبر 4 (iii) اسم کی پہچان بتائیں 2۔ اسم معرفہ کی اقسام کے نام لکھیں

هٰذَا ٣/١٦٥		تِلْكَ ٣١/٢		يَآيَّتُهَا النَّفْس		اُولٰٓئِكَ	
مَكَّةُ ٤٨/٢٤		اَلَّذِيْ ٢/٢٥		اَلْقَلْبُ ٣/١٥٩		ىْ	
اَلَّتِيْ ٣٠/٣٠		اَلسَّرَآئِرُ		مِصْرُ ٤٣/٥١		فِرْعَوْنَ ٤٣/٤٦	
يٰقَوْمِ ٣٦/٢٠		ذَالِكَ		هٰٓؤُلَآءِ ٣٤/٣٠		اِبْنِ اٰدَمَ	
اَلْبَلَدُ ٧/٥٨		هٰذَانِ		اَلْاِنْسَانُ ٣٣/٧٢		اَللَّذَانِ	
ذَانِكَ		هُنَّ ٣٣/٥٠		اَنْتُنَّ ٣١/١٥		يٰنِسَآءُ ٣٣/٣٠	
رَجْعِهٖ ٨٦/٨		يَآيُّهَا النَّاسُ		اَنَا		نَا	

ضمائر متصلہ — مشق نمبر 4 (iv) ضمائر کا گراف پر کریں۔ — ضمائر منفصلہ

ضمائر متصلہ

		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	ہٗ		هُمْ
	مؤنث	هَا	هُمَا	
حاضر	مذکر		كُمَا	كُمْ
	مؤنث	كِ		كُنَّ
متکلم	مذکر/مؤنث		نَا	

ضمائر منفصلہ

		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	هُوَ		هُمْ
	مؤنث		هُمَا	هُنَّ
حاضر	مذکر	اَنْتَ		
	مؤنث	اَنْتِ		اَنْتُنَّ
متکلم	مذکر/مؤنث		نَحْنُ	

مشق نمبر 4 (v) ضمیر کا نام اور معنی لکھیں — نام سے ضمیر اور معنی بتائیں

ضمیر	نام	معانی	نام	ضمیر	معانی
هُنَّ			جمع مذکر غائب		
كُمْ			واحد متکلم مذکر/مؤنث		
كِ			تثنیہ مؤنث غائب		

دستخط مہتمم ....

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(iii) اسم بلحاظ عدد Number

عدد کے اعتبار سے کسی بھی اسم کے تین جزو ہیں: واحد...... تثنیہ...... جمع

واحد ایک چیز کو کہتے ہیں۔ مثلاً کِتَابٌ (ایک کتاب)

تثنیہ (Dual) عربی زبان میں دو چیزوں کو کہتے ہیں۔ مثلاً "کِتَابَانِ" کسی مفرد لفظ کے آخر میں ـَـانِ، ـَـیْنِ، ـَـیْنِ بڑھا دینے سے تثنیہ بن جاتا ہے۔

فائدہ: اُردو میں تثنیہ کا کوئی قاعدہ موجود نہیں۔ لیکن عربی میں تثنیہ اس لیے ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ساری کائنات جوڑا جوڑا بنائی ہے۔ تاکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہمیں کسی جوڑے کے بارے میں احکامات سمجھنے میں دشواری نہ ہو۔

جمع Plural جمع کی دو قسمیں ہیں: (i) جمع مکسر (ii) جمع سالم

نوٹ: ......عربی میں جمع تین یا تین سے زیادہ چیزوں کے بارے میں ہوتی ہے جب کہ اُردو میں جمع دو سے شروع ہو جاتی ہے

(i) جمع مکسر Broken Plural

وہ جمع ہے جس کا واحد ٹوٹ جائے اور کمی یا زیادتی سے نیا لفظ بن جائے مثلاً رَجُلٌ سے رِجَالٌ جمع مکسر بنانے کا کوئی خاص قاعدہ نہیں بلکہ اس کے چند اوزان ہوتے ہیں۔ یہ جمع عام طور پر ذاتی ناموں سے آتی ہے۔ چند مشہور اوزان قرآنی مثالوں کے ساتھ درج ذیل ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۱) اَفْعَالٌ کے وزن پر.....مَالٌ سے اَمْوَالٌ ، وَلَدٌ سے اَوْلَادٌ ، قَلَمٌ سے اَقْلَامٌ ، اِبْنٌ سے اَبْنَاءٌ ، صَنَمٌ سے اَصْنَامٌ وغیرہ

(۲) فُعُوْلٌ کے وزن پر.....قَلْبٌ سے قُلُوْبٌ ، نَجْمٌ سے نُجُوْمٌ ، قَبْرٌ سے قُبُوْرٌ ، صَدْرٌ سے صُدُوْرٌ ، عَيْنٌ سے عُيُوْنٌ ، وَجْهٌ سے وُجُوْهٌ وغیرہ

(۳) فِعَالٌ کے وزن پر.....جَبَلٌ سے جِبَالٌ، عَظْمٌ سے عِظَامٌ ، بَلَدٌ سے بِلَادٌ ، بَحْرٌ سے بِحَارٌ وغیرہ

(۴) اَفْعُلٌ کے وزن پر.....عَيْنٌ سے اَعْيُنٌ ، رِجْلٌ سے اَرْجُلٌ ، نَفْسٌ سے اَنْفُسٌ ، بَحْرٌ سے اَبْحُرٌ وغیرہ

(۵) فُعُلٌ کے وزن پر.....سَبِيْلٌ سے سُبُلٌ ، رَسُوْلٌ سے رُسُلٌ ، زَبُوْرٌ سے زُبُرٌ ، صَحِيْفَةٌ سے صُحُفٌ ، حِمَارٌ سے حُمُرٌ وغیرہ

(٦) فُعْلٌ کے وزن پر.....اَحْمَرُ سے حُمْرٌ ، اَعْمٰى سے عُمْىٌ وغیرہ

(۷) فِعَلٌ کے وزن پر.....فِرْقَةٌ سے فِرَقٌ وغیرہ

(۸) فَعَلَةٌ کے وزن پر.....طَالِبٌ سے طَلَبَةٌ ، كَافِرٌ سے كَفَرَةٌ ، فَاجِرٌ سے فَجَرَةٌ وغیرہ یہ جمع مکسر عموماً مؤنث ہوتی ہیں۔

(۹) فِعَلَةٌ کے وزن پر.....قِرْدٌ سے قِرَدَةٌ وغیرہ (مؤنث)

(۱۰) فُعَّلٌ کے وزن پر.....نَائِمٌ سے نُوَّمٌ ، رَاكِعٌ سے رُكَّعٌ وغیرہ

(۱۱) فُعَّالٌ کے وزن پر.....جَاهِلٌ سے جُهَّالٌ ، كَافِرٌ سے كُفَّارٌ وغیرہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۱۲) فُعْلَانٌ کے وزن پر......رَاهِبٌ سے رُهْبَانٌ وغیرہ

(۱۳) اَفْعِلَةٌ کے وزن پر......جَنَاحٌ سے اَجْنِحَةٌ وغیرہ (جانور کا پر۔ مؤنث)

(۱۴) فُعَلٌ کے وزن پر......ظِلٌّ سے ظُلَلٌ وغیرہ

(۱۵) فِعَالٌ کے وزن پر......ظِلٌّ سے ظِلَالٌ وغیرہ

(۱۶) فَعَائِلُ کے وزن پر......قَبِيْلَةٌ سے قَبَآئِلُ وغیرہ

(۱۷) مَفَاعِلُ کے وزن پر......كَوْكَبٌ سے كَوَاكِبُ وغیرہ

(۱۸) فَاعِلَةٌ کے وزن پر......خَآئِنٌ سے خَآئِنَةٌ وغیرہ

(۱۹) مَفَاعِيْلُ کے وزن پر......مِفْتَاحٌ سے مَفَاتِيْحُ وغیرہ

(۲۰) مَفَآئِلَةُ کے وزن پر......مَلَكٌ سے مَلَآئِكَةُ وغیرہ (مذکر)

(۲۱) فُعَلَآءُ کے وزن پر......فَقِيْرٌ سے فُقَرَآءُ، عَالِمٌ سے عُلَمَآءُ وغیرہ (مؤنث)

(۲۲) اَفْعِلَآءُ کے وزن پر......غَنِيٌّ سے اَغْنِيَآءُ وغیرہ

(۲۳) اَفَاعِيْلَ کے وزن پر اَسْطُوْرَةٌ سے اَسَاطِيْرٌ

نوٹ: آخری چھ اوزان جمع مکسر میں غیر منصرف ہو جاتے ہیں اور مرکب جاری میں (جر) بھی قبول کر لیتے ہیں۔ مثلاً فِي الْمَسَاجِدِ بعض اسماء کی جمع ایک سے زیادہ اوزان پر آتی ہے جیسے: بَحْرٌ سے بِحَارٌ، اَبْحَارٌ، كَافِرٌ سے كُفَّارٌ، كَفَرَةٌ

متفرقات: اِبْنٌ سے بُنُوْنٌ، بِنْتٌ سے بَنَاتٌ، اُخْتٌ سے اَخَوَاتٌ، اُمٌّ سے اُمَّهَاتٌ، اُذُنٌ سے اٰذَانٌ، دَآبَّةٌ سے دَوَابُّ، اَسِيْرٌ سے اُسَرٰى

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Date:...........

مشق نمبر4 (vi) واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھیں۔

اَمْوَالٌ ۲۶۵/۲	مال		رَسُوْلٌ ۲/۸۷	رسول		نَبِیٌّ ۳۳/۶	نبی	
اَشْهُرٌ ۲/۱۹۷	مہینے		وَلِیٌّ ٦٨/٣	دوست		عَدُوًّا ۹۸/۲	دشمن	
رُءُوْسٌ ۲/۲۹٦	سر		قُلُوْبٌ ۷/۲	دل		صَاحِبٌ ۱۷/۲	دوست	
اَعْنَابٌ ۲٦٦/۲	انگور		ذُنُوْبٌ ۱۱/۳	گناہ		اَنْبَآءُ ۲/۷۸	خبریں	
فُقَرَآءُ ۲۷۱/۲	محتاج		اَلشُّهَدَآءُ ۲۸۲/۲	گواہ		مَوْتٌ ۲/۱٦۴	موت	
زَوْجًا ۲/۲۳۰	جوڑا		لَحْمٌ ۲/۱۷۳	گوشت		اَلْمَلٰٓئِکَةُ ۹۸/۲	فرشتے	
مَثَلٌ ۲٦۵/۲	مثال		اَلْاَنْهٰرُ ۲٦٦/۲	نہریں		بُطُوْنِهِمْ ۲/۱۷۴	پیٹ	
اَلْعِظَامُ ۲۵۹/۲	ہڈیاں		اَلسُّفَهَآءُ ۱۴۲/۲	بیوقوف		اَلْاُمُوْرُ ۲۱۰/۲	کام	

(ii) جمع سالم Sound Masculine Plural

وہ جمع ہے جس میں واحد کے آخر میں کچھ اضافہ اس طرح کیا جائے کہ واحد لفظ برقرار رہے، عام طور پر یہ جمع صفاتی نام سے بنتی ہے۔ چند قرآنی مثالیں درج ذیل ہیں:

مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ، مُؤْمِنٌ سے مُؤْمِنُوْنَ ، صَالِحٌ سے صَالِحُوْنَ وغیرہ

واحد، تثنیہ اور جمع کی تعریف اور اس کی مثالیں پڑھنے کے بعد اب ہم اسم بلحاظ حالت اور اسم بلحاظ عدد کی مدد سے گراف بنائیں گے جس کے ذریعے کسی بھی اسم کی ۹ (نو شکلیں اور اسے پڑھنے کی آوازیں، نام اور اس کا ترجمہ سیکھیں گے

نوٹ: ابتدائی طور پر ہم نے اعراب کی تعریف حرف حرکات کے لحاظ سے یاد کروائی تھی اور اب جمع مذکر سالم اور تثنیہ پڑھنے کے بعد اعراب کی دو قسمیں ہوگئی ہیں

(1) اعراب بالحرکت (2) اعراب بالحروف

دستخط مہتمم......................

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Date:..................

اسم بلحاظ عدد ↓	فاعلی (رفعی)	مفعولی (نصبی)	اضافی (جری)	اسم بلحاظ حالت ←
واحد	صَالِحٌ کوئی نیک مرد	صَالِحًا کسی نیک مرد کو	صَالِحٍ	صفاتی نام
تثنیہ	صَالِحَانِ کوئی دو نیک مرد	صَالِحَيْنِ کسی دو نیک مردوں کو	صَالِحَيْنِ	صفاتی نام
جمع مذکر سالم	صَالِحُوْنَ بہت سے نیک مرد	صَالِحِيْنَ بہت سے نیک مردوں کو	صَالِحِيْنَ	صفاتی نام
واحد	يَوْمٌ کوئی دن	يَوْمًا کسی دن میں	يَوْمٍ	ذاتی نام
تثنیہ	يَوْمَانِ کوئی دو دن	يَوْمَيْنِ کسی دو دنوں میں	يَوْمَيْنِ	ذاتی نام
جمع مکسر	اَيَّامٌ بہت سے دن	اَيَّامًا بہت سے دنوں میں	اَيَّامٍ	ذاتی نام

نوٹ: وہ الفاظ جن میں جمع کا مفہوم ہو اسم جمع کہلاتے ہیں: مثلاً **قَوْمٌ، فُلْكٌ** وغیرہ

مشق نمبر 4(vii) درج ذیل الفاظ میں سے جمع مکسر کے سامنے (م) اور جمع سالم کے سامنے (س) لگائیں

اَوْلِيَآءُ ٣٢/٤١	دوست		رِجَالٌ ٢٨٣/٢	مرد		اَنْبِيَآءُ ٦١/٢	نبی	
فٰسِقُوْنَ ٢٦/٢	نافرمانی کرنے والا		رُسُلٌ ٢٥٣/٢	پیغمبر		مُسْلِمُوْنَ ١٠٢/٣	فرمانبردار	
اَسْبَابٌ ١٦٦/٢	اُمیدیں		اَلْبَحْرُ ١٦٤/٢	دریا		كُفَّارٌ ٩١/٣	چھپانے والا	
اَعْدَآءٌ ١٠٣/٣	دشمن		اَنْدَادًا ١٦٥/٢	ہمسر		بُعُوْلَةٌ ٣١/٢٤	شوہر	
اَلْبُرُوْجُ ١/٨٥	برج		قَوْمٌ ٥٤/٢	قوم		اُنَاسٌ ٦٠/٢	قبیلہ	
اَمْوَالٌ ١٠/٣	مال		اَلْفَقْرُ ٢٦٨/٢	محتاج		صٰغِرُوْنَ ٢٩/٩	چھوٹے	
اَثِيْمٌ ٢٧٦/٢	گناہ گار		اَسْبَاطٌ ١٤٠/٢	آل اولاد		وُجُوْهٌ ١٤٤/٢	چہرے	

دستخط مہتمم ....

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Date:............

مشق نمبر4(viii) درج ذیل الفاظ کی دیے گئے گراف کی مدد سے 9 حالتیں لکھیں۔

فَاسِقٌ، صَابِرٌ، عَالِمٌ، عَالَمٌ

اسم کے گراف میں خالی خانے پر کریں:

عابد	فاعلی حالت	مفعولی حالت	اضافی حالت
واحد	عَابِدٌ		عَابِدٍ
تثنیہ		عَابِدَيْنِ	
جمع	عٰبِدُوْنَ		عٰبِدِيْنَ

سَاجِدٌ	فاعلی حالت	مفعولی حالت	اضافی حالت
واحد		سَاجِدًا	
تثنیہ	سَاجِدَانِ		سَاجِدَيْنِ
جمع		سَاجِدِيْنَ	

اسم کے گراف میں خالی خانے پر کریں:

حول	فاعلی حالت	مفعولی حالت	اضافی حالت
واحد		حَوْلًا	
تثنیہ	حَوْلَانِ		حَوْلَيْنِ
جمع	اَحْوَالٌ	اَحْوَالًا	

قَلْبٌ	فاعلی حالت	مفعولی حالت	اضافی حالت
واحد	قَلْبٌ		قَلْبٍ
تثنیہ		قَلْبَيْنِ	
جمع	قُلُوْبٌ		قُلُوْبٍ

دستخط مہتمم ....

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(iv) اسم بلحاظ جنس Gender



قیاسی مؤنث Sound Feminine Plural عام طور پر مذکر اسم نکرہ کے آخر میں ''ۃ'' (تائے مربوطہ) لگانے سے وہ مؤنث ہو جاتا ہے۔ یہ اسماء زیادہ تر صفاتی ناموں سے آتے ہیں۔

(i) (ۃ) تائے مربوط مثلاً مُسْلِمٌ سے مُسْلِمَةٌ وغیرہ

بعض اسموں کے آخر میں الف مقصورہ (یٰ) یا الف ممدودہ (ـَآ ء) ان کے مؤنث ہونے کی نشانی ہوتی ہے۔ جیسے: کُبْرٰی اور بَیْضَآءُ

(ii) (ـٰ ی) الف مقصورہ: کُبْرٰی۔ صُغْرٰی وغیرہ

(iii) (ـَآ ء) الف ممدودہ: حَمْرَآءُ۔ اَسْمَآءُ۔ تَآءُ وغیرہ

سماعی مؤنث بعض اسماء ایسے ہیں کہ ان میں مذکورہ بالا تینوں علامتوں میں سے کوئی بھی علامت نہیں ہوتی لیکن اس کے باوجود انہیں مؤنث تسلیم کیا جاتا ہے اس قسم کی مؤنث کو مؤنث سماعی کہا جاتا ہے۔ مثلاً اَرْضٌ ، نَارٌ وغیرہ۔

ملکوں، شہروں، قبیلوں، جسم کے ان اعضاء کے نام جو جوڑا جوڑا ہیں۔ شراب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے تمام نام، ہوا کے تمام نام، دوزخ کے تمام نام، ان کے علاوہ قرآن مجید میں ضمیروں کے استعمال سے بھی سماعی مؤنث پہچانی جاسکتی ہے۔

﴿ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ج هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ ﴾

اس آیت میں ھَا مؤنث کی ضمیر ہے جوکہ نار (آگ) کی طرف راجع ہے۔

﴿ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ط كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ ﴾ [سورۃ البقرہ: ۷۳]

ترجمہ: ''پس ہم نے کہا مارو اُس مردے کو، گائے کے گوشت کا ایک ٹکڑا......''

اس مثال میں ہُ کی ضمیر مردہ کی طرف راجع ہے اور ھَا کی ضمیر اس گائے کی طرف راجع ہے جسے ذبح کرنے کو کہا گیا ہے۔

اسم کے چار پہلو (i) حالت (ii) عدد (iii) وسعت (iv) جنس کا مطالعہ کرنے کے بعد اب ہم کسی بھی اسم کی 18 شکلیں بلحاظ آواز بنانے کے قابل ہو گئے ہیں۔ جو مندرجہ ذیل ہیں:

		فاعلی (رفعی)	مفعولی (نصبی)	اضافی (جری)	معرف باللّام
مذکر (صفاتی)	واحد	مُسْلِمٌ	مُسْلِمًا	مُسْلِمٍ	اَلْمُسْلِمُ
	تثنیہ	مُسْلِمَانِ	مُسْلِمَيْنِ	مُسْلِمَيْنِ	اَلْمُسْلِمَانِ
	جمع سالم	مُسْلِمُوْنَ	مُسْلِمِيْنَ	مُسْلِمِيْنَ	اَلْمُسْلِمُوْنَ
مؤنث (صفاتی)	واحد	مُسْلِمَةٌ	مُسْلِمَةً	مُسْلِمَةٍ	اَلْمُسْلِمَةُ
	تثنیہ	مُسْلِمَتَانِ	مُسْلِمَتَيْنِ	مُسْلِمَتَيْنِ	اَلْمُسْلِمَتَانِ
	جمع سالم	مُسْلِمَاتٌ	مُسْلِمَاتٍ	مُسْلِمَاتٍ	اَلْمُسْلِمَاتِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مؤنث قیاسی کی قرآنی مثالیں

Date:..............

لفظ	معانی	لفظ	معانی	لفظ	معانی
۷۳/۴ مُوَدَّةٌ	دوستی	۸۵/۲ اُسٰرٰی	قیدی	۷۵/۴ قَرْيَةٌ	بستی
۱۲/۴ شُرَكَآءُ	شریک	۱۴/۵ نَصٰرٰی	نصری	۸۵/۴ حَسَنَةٌ	نیکی
۸۷/۴ قِيٰمَةٌ	کھڑی ہونے والی	۷۲/۵ مَاْوٰی	ٹھکانا	۱۱۵/۴ الْهُدٰی	ہدایت
۹۲/۴ تَوْبَةٌ	توبہ	۹۶/۴ دَرَجَةٌ	مرتبے	صَفْرَآءُ	زرد
۱۰۲/۴ وَاحِدَةٌ	ایک	۱۰۹/۴ حَيٰوةٌ	زندگی	۱۱۳/۴ حِكْمَةٌ	دانائی
۵/۶ مَآءُ	پانی	۸۶/۴ تَحِيَّةٌ	سلامتی	۷۳/۲ الْمَوْتٰی	مردہ

مشق نمبر4 (ix) مؤنث کی قسموں کے نام لکھیں

لفظ	معانی		لفظ	معانی		لفظ	معانی	
۱۲۴/۴ جَنَّةٌ	باغ		۷۸/۴ مُّشَيَّدَةٌ	لکڑیاں		۱۵۳/۴ جَهْرَةٌ	چیز	
۱۷۶/۷ هَوٰی	خواہش		۱۷۵/۴ رَحْمَةٌ	مہربانی		۸۴/۵ اَهْوَآءُ	خواہشات	
۳۸/۴ رِئَآءَ	دکھلاوا		۱۷۵/۴ نِعْمَةٌ	نعمت		۳۲/۴ لِلنِّسَآءِ	عورتوں کیلیے	
۴۷/۴ هٰۤؤُلَآءِ	یہ سب		۷/۵ مُعَلَّقَةٌ	لٹکی ہوئی		۴۵/۴ بِاَعْدَآءِ	دشمنوں کے ساتھ	
۷۶/۴ اَوْلِيَآءَ	دوست		۲/۶ سَوَآءً	برابر		۹۳/۴ فَجَزَآءُ	بدلہ	
۷۸/۴ سَيِّئَةٌ	برائی		۱۱۴/۴ نَّجْوٰی	سرگوشی		۹۲/۴ مُّؤْمِنَةٌ	مومنہ عورت	
۱۴۲/۲ سُفَهَآءُ	بیوقوف		۱۰۲/۴ مَّيْلَةٌ	جھکاؤ		۹۸/۴ حِيْلَةٌ	بہانا	
۹۱/۴ فِتْنَةٌ	آزمائش		۷۷/۴ خَشْيَةٌ	ڈر		۸۱/۴ طَآئِفَةٌ	گروہ	
۳۴/۵ دُنْيَا	دنیا		۴۶/۵ مَوْعِظَةٌ	واعظ		۷۶/۴ اِخْوَةٌ	بھائی	

دستخط مہتمم ....

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Date:.............

مشق نمبر 4(x) مندرجہ ذیل خانوں میں اسم کی 18 حالتیں پُر کریں

لفظ	معانی	مذکر	فاعلی حالت	مفعولی حالت	اضافی حالت
ظَالِمٌ	ظلم کرنے والے	واحد	ظَالِمٌ		ظَالِمٍ
		تثنیہ		ظَالِمَیْنِ	
		جمع	ظَالِمُوْنَ		ظَالِمِیْنَ

لفظ	معانی	مؤنث	فاعلی حالت	مفعولی حالت	اضافی حالت
ظَالِمَةٌ	ظلم کرنے والی	واحد		ظَالِمَةً	
		تثنیہ	ظَالِمَتَانِ		ظَالِمَتَیْنِ
		جمع		ظَالِمَاتٍ	

مشق نمبر 4(xi) مندرجہ ذیل خالی خانوں میں اسم کی 18 حالتیں پُر کریں

لفظ	معانی	مذکر	فاعلی حالت	مفعولی حالت	اضافی حالت
کَافِرٌ	انکار کرنے والا	واحد	کَافِرٌ		کَافِرٍ
		تثنیہ		کَافِرَیْنِ	
		جمع	کَافِرُوْنَ		کَافِرِیْنَ

لفظ	معانی	مؤنث	فاعلی حالت	مفعولی حالت	اضافی حالت
کَافِرَةٌ	انکار کرنے والی	واحد		کَافِرَةً	
		تثنیہ	کَافِرَتَانِ		کَافِرَتَیْنِ
		جمع		کَافِرَاتٍ	

دستخط مہتمم ....

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مذکر (حقیقی)	واحد	وَلَدٌ	وَلَدًا	وَلَدٍ	اَلْوَلَدُ
	تثنیہ	وَلَدَانِ	وَلَدَيْنِ	وَلَدَيْنِ	اَلْوَلَدَانِ
	جمع مکسر	اَوْلَادٌ	اَوْلَادًا	اَوْلَادٍ	اَلْاَوْلَادُ
مؤنث (حقیقی)	واحد	بِنْتٌ	بِنْتًا	بِنْتٍ	اَلْبِنْتُ
	تثنیہ	بِنْتَانِ	بِنْتَيْنِ	بِنْتَيْنِ	اَلْبِنْتَانِ
	جمع سالم	بَنَاتٌ	بَنَاتٍ	بَنَاتٍ	اَلْبَنَاتُ
مذکر (غیر حقیقی)	واحد	كِتَابٌ	كِتَابًا	كِتَابٍ	اَلْكِتَابُ
	تثنیہ	كِتَابَانِ	كِتَابَيْنِ	كِتَابَيْنِ	اَلْكِتَابَانِ
	جمع مکسر	كُتُبٌ	كُتُبًا	كُتُبٍ	اَلْكُتُبُ
مؤنث (غیر حقیقی)	واحد	جَنَّةٌ	جَنَّةً	جَنَّةٍ	اَلْجَنَّةُ
	تثنیہ	جَنَّتَانِ	جَنَّتَيْنِ	جَنَّتَيْنِ	اَلْجَنَّتَانِ
	جمع سالم	جَنَّاتٌ	جَنَّاتٍ	جَنَّاتٍ	اَلْجَنَّاتُ

اعراب بالحرکت

ـٌ	ـًا	ـٍ	واحد۔ نکرہ ۔معرب ۔جمع مکسر
ـُ	ـَ	ـَ	واحد۔غیر منصرف۔جمع مکسر

اعراب بالحروف

تمام قسموں کے اسماء انہی صورتوں میں آتے ہیں۔

ـَانِ	ـَيْنِ	ـَيْنِ	تثنیہ
ـُوْنَ	ـِيْنَ	ـِيْنَ	جمع سالم مذکر
اٰتٌ	اٰتٍ	اٰتٍ	جمع مؤنث سالم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Date:.................

مشق نمبر 4(xii)

جنس کے اعتبار سے	عدد کے اعتبار سے	وسعت کے اعتبار سے	حالت کے اعتبار سے	
مذکر ہے	واحد ہے	نکرہ ہے	فاعلی ہے	(جس طرح) كِتَابٌ
مذکر ہے	واحد ہے	نکرہ ہے	فاعلی ہے	(جس طرح) مُسْلِمٌ

(جس طرح) فَاسِقٌ: فاعلی، نکرہ، واحد، مذکر ہے۔

اوپر دی گئی مثال کے مطابق اسم کے چاروں پہلوؤں کو مدنظر رکھتے ہوئے خالی جگہ پر مطلوبہ لفظ لکھیں۔

فَاسِقٌ کو مفعولی، معرفہ، تثنیہ، مؤنث [ ]

يَوْمٌ کو مفعولی، نکرہ، جمع، مذکر [ ]

عَابِدٌ کو فاعلی، معرفہ، تثنیہ، مؤنث [ ]

ان سوالات کو حل کرنے کے لیے آپ صفحہ 79 پر لکھے گئے گراف سے مدد لے سکتے ہیں۔

مشق نمبر 4(xiii) مندرجہ ذیل الفاظ کے اعراب اور نام لکھیں

اعراب	لفظ	اعراب	لفظ	اعراب	لفظ
	حَوْلَيْنِ		مُؤْمِنِيْنَ		نَادِمِيْنَ
	مُسْلِمِيْنَ		يَدٌ		مُتَّقِيْنَ
	كَامِلَيْنِ		نَارًا		فَسِقُوْنَ
	رِبِّيُّوْنَ		فَسَادًا		رٰكِعُوْنَ

دستخط مہتمم ....

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق نمبر 5 لفظوں کی پہچان (اعراب کے حوالے سے)

تمام اسماء کا احاطہ کرنے (تمام اسماء کو پڑھنے) کے لیے دو گروپوں میں تقسیم کیا جاتا ہے:

ا۔ معرب — منصرف، غیر منصرف

۲۔ مبنی

منصرف Declinable

ایسے اسماء جن کے اعراب فاعلی (رفعی) مفعولی (نصبی) اضافی (جری) تینوں حالتوں میں تبدیل ہو جائیں معرب کہلاتے ہیں: جیسے مُسْلِمٌ، مُسْلِمًا، مُسْلِمٍ۔ یہ الفاظ اکثر اوقات صفاتی ناموں سے آتے ہیں۔ اور ان کا اعراب زیادہ تر تنوین ہوتا ہے۔

غیر منصرف

ایسے اسماء جن کے اعراب فاعلی سے مفعولی میں تبدیل ہو جائیں مگر مفعولی اور اضافی میں ایک جیسے رہیں یہ زیادہ تر ذاتی ناموں سے آتے ہیں اور ان کی پہچان تنوین نہیں ہوتی۔ مثلاً اِبْرَاهِيْمُ کسی اسم کے غیر منصرف ہونے کے اسباب نو(۹) ہیں ان میں سے کوئی دو سبب بھی کسی اسم میں پائے جائیں تو وہ غیر منصرف ہو جاتا ہے۔

یعنی نام ہونا کسی شخص، قوم، جگہ یا چیز کا، بشرطیکہ:

(i) عجمیت عجمی یعنی عربی کے سوا کسی غیر زبان کا ہو مثلاً ابراہیم، اسماعیل، اسحاق، ثمود، مصر، شیراز، لاہور نیز خواتین کے ناموں کی اکثریت بھی غیر منصرف ہوتی ہے۔

(ii) تانیث (مونث قیاسی) اس کے آخر میں "ة" ہو مثلاً: حمزةُ، طلحةُ، عبيدةُ، معاويةُ، عائشةُ، فاطمةُ یا مؤنث سماعی ہو بغیر (ة کے) مثلاً زَيْنَبُ، سُعَادُ، سَقَرُ، جَهَنَّمُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(iii) الف ونون کی زیادتی اس کے آخر میں الف ونون زائد ہوں مثلاً مَرْوَانُ ، عثمانُ ، غطفانُ ، عفانُ ، سحبانُ ، سفیانُ، عمرانُ ، قحطانُ، عدنانُ

(iv) فِعل کا وزن وہ دراصل فعل کا وزن ہو بشرطیکہ اس کے آخر میں ۃ نہ آتی ہو مثلاً شَمَّرُ ، یَشْکُرُ، یَزِیْدُ ، تَغْلِبُ ، تَدْمُرُ

(v) ترکیب دو ایسے اسموں سے مرکب ہو جن میں کوئی اضافی یا وصفی ربط نہ ہو (ترکیب امتزاجی) مثلاً: حَضَرَ مَوْتُ ، مَعْدِیْ کَرِبُ ، بَعْلَبَكّ ، بُزُرْجَمِهُر،

(vi) وصفیت (صفت) یعنی صفت ہونا بشرطیکہ:

ا اس کا وزن فَعْلانُ اور اس کا مؤنث فَعْلیٰ ہو مثلاً عطشانُ، جوعانُ، سکرانُ، شَبْعانُ

ب اس کا وزن أفْعَلُ ہو اور اس کے مؤنث کے آخر میں ۃ نہ آتی ہو مثلاً: أحْمَدُ، أسْوَدُ ،أبْيَضُ، أفْضَلُ، اَضْرَبُ، أشْرَفُ مگر اَرْبَعٌ غیر منصرف نہیں ہے کیونکہ اس سے مؤنث اَرْبَعَةٌ آتی ہے۔

(vii) جمع جمع مکسر جو پانچ یا چھ حرفوں کی ہو۔

1- فَعَالِلُ یا فَعَالِیْلُ کے وزن پر بشرطیکہ آخر میں ۃ نہ ہو مثلاً مساجدُ، مَدَارِسُ، عَساکِرُ، مَنابِرُ، حَوَآئِضُ، مَفَاتِیحُ، مَصَابِیحُ، مَکَاتِیبُ، قَوَارِیرُ، قَنَادِیلُ، عَصَافِیرُ، اَکَابِرُ، فَوَاحِشُ، ذَلَاذِلُ

2- اسم کے آخر میں الف زائد بغرض تانیث یا جمع ہونا

مثلاً: صَحْرَآءُ ، حَمْرَآءُ ، بَیْضَآءُ، حَسْنَآءُ، کِبْرِیَآءُ، نَافِقَآءُ ، دَعْجَآءُ ، کَحْلَآءُ ، عُلَمَآءُ ، أصْدِقَآءُ ، اغْنِیَآءُ ، حُبْلٰی ، قُصْوٰی، دُنْیَا، دَعْوٰی۔

تمام ظروف زمان، ظرفیت کی بنا پر نصب قبول کرتے ہیں چاہے وہ
1) مختص/معیّن ہوں 2) معدود ہوں 3) مبہم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(1) مختص سے مراد وہ اسم ظرف ہے جو متی کے جواب میں آئے جیسے: یوم الخمیس
(2) معدود سے مراد وہ اسم ظرف ہے جو کَم کے جواب کے طور پر واقع ہو جیسے: الاسبوع، الشهر، الحَول
(3) مبہم سے مراد وہ اسم ظرف ہے جو مَتیٰ یا کَم کے جواب کے طور پر نہ واقع ہو جیسے: اَلْحِیْنُ، اَلْوَقْتُ، الدهر، عمر.

چند ظروفِ زمان: لَيْلًا، نِهَارًا، سَاعَةً، سَنَةً، شَهْرًا، دقيقةً، صَبَاحًا، مَسَاءً، فَجْرًا، ضُحًى، غُدْوَةً، عَشِيَّةً، بُكْرَةً، أَصِيْلًا، ظُهْرًا، عِشَاءً، عَصْرًا، ظَهِيْرَةً، أَمْسِ، غَدًا، بُرْهَةً، هُنَيْهَةً، زَمَنًا، حِيْنًا، حَوْلًا، عَامًا، دَهْرًا، أَبَدًا، دَائِمًا، قَطُّ (ماضی کے لیے) عَوْضُ (مستقبل کے لیے) أَوَّلًا، قَبْلُ، بَعْدُ

رہے ظروفِ مکان تو وہ صرف مبہم ہونے کی صورت میں ظرفیت کی بناء پر نصب قبول کرتے ہیں۔ ظرفِ مکان مبہم وہ ہے جس کی کوئی شکل وصورت اور حدود یا چاردیواری نہیں ہوتی اور ان کی دو قسمیں ہیں:

(ا) أسماء الجِهَات: ...... اور وہ یہ ہیں:

فَوْقَ، تَحْتَ، أعْلَى، أسْفَلُ، يَمِيْنٌ، شِمَالٌ، ذَاتَ اليَمِيْنِ، ذَاتَ الشِّمَالِ، وَرَآءَ، أمَامَ، (عِنْدَ، لَدَى، مُلحِقٌ باسماء الجِهَات) تِلْقَآءَ، تجاهَ، إزاءَ.

(ب) أسمَاء مقادير المساحات: .... فرسَخ، مِيْل، بريد.

بعض الفاظ میں الف موجود ہوتا ہے لیکن وہ زائد نہیں ہوتا بلکہ اس کا تعلق لفظ کے مادے سے ہوتا ہے ایسے الفاظ غیر منصرف نہ ہوں گے مثلاً عَطَآءٌ، إِيْمَآءٌ

(viii) معرفہ وہ فُعَل کے وزن پر ہو مثلاً: عُمَرُ، زُفَرُ، قُثَمُ، زُحَلُ، هُبَلُ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(ix) معدول ہونا Chainge

بعض الفاظ کثرتِ استعمال کی وجہ سے اپنی اصلی وضع پر باقی نہیں رہتے یہ معدول کہلاتے ہیں یہ گنتی کے چند الفاظ ہیں مثلاً: أُخَرُ (یہ دراصل اٰخَرُ مِنْ تھا) سَحَرُ (اصل میں اَلسَّحُرُ تھا) أُحادُ یا مَوْحِدُ (یہ اصل میں وَاحِدٌ وَاحِدٌ تھے۔) ثُنَآءُ یا مَثْنٰی (دراصل اِثنان تھا) علی ھٰذا القیاس یہ الفاظ دس (۱۰) تک ہیں اور سب کے یہی دونوں وزن آتے ہیں۔ مثلاً عُشَارُ ، مَعْشَرُ

غیر منصرف منصرف ہو جاتا ہے جب مندرجہ ذیل میں سے کوئی شرط پائی جائے:

۱۔ جب اس پر لام تعریف آ جائے: رَبُّ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِب ، فِي الْمَسٰجِدِ

۲۔ جب یہ مضاف ہو: فِيْ عُلَمَاءِ الْهِنْدِ اس مثال میں علماءِ مضاف بھی ہے۔

۳۔ یہ تینوں حرفوں کا اسم ہو جن کا درمیانی حرف ساکن ہو مگر عَجْمِيَّت اور تانیث دونوں باتیں اس میں جمع نہ ہوگئی ہوں مثلاً: نُوحٌ ، لُوطٌ ، وَعْدٌ ، هِنْدٌ

۴۔ جب کوئی اسم بطور نکرہ استعمال کیا گیا ہو مثلاً: فِي الْبَيْتِ طَلْحَةٌ اٰخَرُ

۵۔ ضرورت شعری یا قافیے کے لحاظ سے کچھ تبدیلی ضروری ہو مثلاً:

وَكَأْسٍ قَدْ شَرِبْتُ بِبَعْلَبَكٍّ

مبنی

ایسے الفاظ جو تینوں حالتوں میں ایک جیسے رہیں اور تبدیل نہ ہوں مثلاً: عِيْسٰى ، مُوْسٰى ، هٰذَا ، ذٰلِكَ وغیرہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Date:.................

مشق نمبر 5 (i) مندرجہ ذیل الفاظ میں سے منصرف، غیر منصرف اور مبنی جدا جدا کریں۔

لفظ	معانی		لفظ	معانی		لفظ	معانی	
اَلْعُلَمَآءُ ۲۸/۳۵	علماء		اَلْاَبْیَضُ ۱۸۷/۲	سفید		اَلْمَسْجِدُ ۱۸۷/۲	مسجدیں	
اَلْاَسْوَدُ ۱۸۷/۲	کالا		فَوْقَ ۹۳/۲	اوپر		عُدْوَان ۱۹۳/۲	زیادتی	
جَهَنَّمُ ۳۶/۳۵	دوزخ		اَسَاوِرَ ۳۳/۳۵	کنگن		مُقْتَصِدٌ ۳۲/۳۵	میانہ روی	
اَلْوَان ۲۷/۳۵	رنگ		زُبُرٌ ۲۵/۳۵	صحیفے		مُنِیْرٌ ۲۵/۳۵	روشن	
غَرَابِیْبُ ۲۷/۳۵	گہرا		نَصَبٌ ۳۵/۳۵	محنت		مُسَمًّی ۴۵/۳۵	مقرر	
هُدًی ۷/۲	ہدایت		دُنْیَا ۱۱۴/۲	دنیا		نَصٰرٰی ۱۱۳/۲	عیسائی	

مشق نمبر 5 (ii) مندرجہ ذیل الفاظ کے نمونہ کے مطابق حالت، وسعت، عدد، جنس منصرف، غیر منصرف اور مبنی کے اعتبار سے مناسب جگہ پر ✓ کا نشان لگائیں۔

	حالت			وسعت		عدد			جنس		منصرف	غیر منصرف	مبنی
	فاعلی	مفعولی	اضافی	نکرہ	معرفہ	واحد	تثنیہ	جمع	مذکر	مؤنث			
اَلْكٰفِرُوْنَ													
اَلْاَرْحَامُ													
مُؤْمِنِیْنَ													
اَسْوَدُ													
اَزْوَاجٌ													

دستخط مہتمم ....

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق نمبر 6 ضمائر کا بیان Personal Pronouns

جو لفظ کسی اسم کی جگہ پر بولا جاتا ہے اُسے ضمیر کہتے ہیں۔ مثلاً ھُوَ ، اَنْتَ وغیرہ۔ تمام ضمیریں مبنی ہوتی ہیں، اس لیے ان کا اعراب نہیں بدلتا۔ اس کی دو قسمیں ہیں: (1) ضمائر مُنْفَصِلَہ (2) ضمائر مُتَّصِلَہ

نوٹ: چونکہ اسم کے استعمال کے دو گروپ بنتے ہیں: (i) مرکب ناقص۔ (ii) مرکب تام۔
اس لیے اسم کی جگہ پر استعمال ہونے والی ضمیر کے بھی دو ہی گروپ بنتے ہیں:
(i) علیحدہ۔ (ii) جڑ کر آنے والی ضمیریں۔



1۔ ضمائر مُنْفَصِلَہ:

جو ضمیریں ہمیشہ علیٰحدہ آئیں وہ منفصلہ کہلاتی ہیں۔
علیٰحدہ آنے والی ضمیروں کی دو قسمیں ہیں:
(i) ضمائر مرفوعہ مُنْفَصِلَہ (ii) ضمائر منصوبہ مُنْفَصِلَہ

(i) ضمائر مرفوعہ منفصلہ: یہ وہ ضمیریں ہیں جو جملہ اسمیہ میں مبتداء کے طور پر آتی ہیں ہمیشہ حالت رفع اور معرفہ بھی ہوتی ہیں۔ مثلاً ھُوَ صَالِحٌ وہ ایک نیک مرد ہے۔ قرآنی مثالیں

	مذکر غائب	مؤنث غائب	مذکر حاضر	مؤنث حاضر	متکلم
واحد	ھُوَ شَاعِرٌ	ھِیَ ظَالِمَةٌ	اَنْتَ یُوْسُفُ	اَنْتِ صَالِحَةٌ	اَنَا بَشَرٌ
تثنیہ	ھُمَا صَالِحَانِ	ھُمَا صَالِحَتَانِ	اَنْتُمَا صَالِحَانِ	اَنْتُمَا صَالِحَتَانِ	نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ
جمع	ھُمْ مُؤْمِنُوْنَ	ھُنَّ لِبَاسٌ	اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ	اَنْتُنَّ صٰلِحٰتٌ	نَحْنُ عٰبِدُوْنَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(ii) ضمائر منصوبہ منفصلہ...... اگر فعل کے ساتھ مفعول بہ کی تخصیص میں حصر کرنا مقصود ہو تو مفعول بہ کو فعل سے پہلے لاتے ہیں (حالت نصب والی ضمیر اگر کسی مصلحت سے نہیں چپکے گی تو اس کے پہلے ضرور اِیَّا بڑھا ہوا ہوگا) قرآنی مثالیں

۞ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ (الفاتحہ)
(خالص تیری ہم عبادت کرتے ہیں اور خالص تجھ ہی سے ہم مدد مانگتے ہیں۔)

۞ وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ [البقرۃ:۱۷۲]
(اور شکر کرو اللہ کا اگر تم خالص اُسی کی عبادت کرتے ہو۔)

۞ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ (ہم تمہیں بھی رزق دیتے ہیں اور خالص اُن کو بھی۔)[الانعام:۱۵۱]

۞ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ [بنی اسرائیل:۳۱]
(ہم ہی رزق دیتے ہیں ان کو اور خالص تم کو بھی)

۞ فَاِيَّایَ فَاعْبُدُوْنِ (پس خالص میری ہی عبادت کرو۔)[العنکبوت:۵۶]

۞ مَا كُنْتُمْ اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ (تم خالص ہماری عبادت نہیں کرتے تھے۔)[یونس:۲۸]

2۔ ضمائر مُتّصلہ جو ضمیریں ہمیشہ کسی اسم یا فعل کے ساتھ جڑ کر آئیں وہ متصلہ کہلاتی ہیں۔ یہ ضمیریں تین قسم کی ہوتی ہیں۔ (i) ضمائر منصوبہ متصلہ (ii) ضمائر مجرورہ متصلہ (iii) ضمائر مرفوعہ متصلہ

(i) ضمائر منصوبہ متصلہ

یہ ضمیریں فعل کے ساتھ لگ کر آتی ہیں اور مفعول ہوتی ہیں جیسے ضَرَبَهٗ میں ہٗ ضمیر مفعول متصل ہے۔ پوری گردان یوں آئے گی: مذکر غائب ضَرَبَهٗ، ضَرَبَهُمَا، ضَرَبَهُمْ، مؤنث غائب ضَرَبَهَا، ضَرَبَهُمَا، ضَرَبَهُنَّ مذکر حاضر ضَرَبَكَ، ضَرَبَكُمَا، ضَرَبَكُمْ، مؤنث حاضر ضَرَبَكِ، ضَرَبَكُمَا، ضَرَبَكُنَّ متکلم ضَرَبَنِیْ، ضَرَبَنَا، ضَرَبَنَا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(ii) ضمائر مجرورہ متصلہ

		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	هٗ اس ایک مرد کا	هُمَا اُن دو مردوں کا	هُمْ اُن سب مردوں کا
	مؤنث	هَا اُس ایک عورت کا	هُمَا اُن دو عورتوں کا	هُنَّ اُن سب عورتوں کا
حاضر	مذکر	كَ تو ایک مرد کا	كُمَا تم دو مردوں کا	كُمْ تم سب مردوں کا
	مؤنث	كِ تو ایک عورت کا	كُمَا تم دو عورتوں کا	كُنَّ تم سب عورتوں کا
متکلم	مذکر/مونث	یْ میرا	نَا ہمارا	نَا ہمارا

مندرجہ بالا ضمیریں اسم اور حرف کے ساتھ مل کر آتی ہیں۔ اسم ان کے لیے مضاف اور یہ ضمیریں مضاف الیہ ہوتی ہیں۔ گردان حرف کے ساتھ یوں آئے گی:

مذکر غائب لَهٗ ، لَهُمَا ، لَهُمْ مؤنث غائب لَهَا ، لَهُمَا ، لَهُنَّ

مذکر حاضر لَكَ ، لَكُمَا ، لَكُمْ مؤنث حاضر لَكِ ، لَكُمَا ، لَكُنَّ متکلم لِیْ ، لَنَا ، لَنَا

اسم کے ساتھ گردان حسب ذیل طریق پر ہوگی:

مذکر غائب غُلَامُهٗ ، غُلَامُهُمَا ، غُلَامُهُمْ مؤنث غائب غُلَامُهَا ، غُلَامُهُمَا ، غُلَامُهُنَّ

مذکر حاضر غُلَامُكَ ، غُلَامُكُمَا ، غُلَامُكُمْ مؤنث حاضر غُلَامُكِ ، غُلَامُكُمَا ، غُلَامُكُنَّ

متکلم غُلَامِیْ ، غُلَامُنَا ، غُلَامُنَا۔

(iii) ضمائر مرفوعہ متصلہ

یہ ضمیریں ہمیشہ فعل کے ۱۴ صیغوں میں پائی جاتی ہیں۔ یہ ضمیریں دو قسم کی ہوتی ہیں: (i) بَارِزْ (ii) مُسْتَتِرْ

(i) بَارِزْ یعنی جو ظاہر ہوتی ہے۔ یہ ضمیریں ماضی کے صیغوں میں پائی جاتی ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ا ۔ وْا ۔ تَا ۔ نَ ۔ تَ ۔ تُ ۔ تُمَا ۔ تُنَّ ۔ نَا ۔ تُمْ ۔ تِ ۔

(ii) مُسْتَتِرْ یعنی جو پوشیدہ اور ظاہر نہ ہو۔ یہ لفظوں میں ظاہر نہیں ہوتی البتہ عقلی طور پر معلوم ہوتی ہے۔ یہ کل سات صیغوں میں پائی جاتی ہے ماضی کے صرف دو صیغوں میں ہوتی ہے جیسے: ضَرَبَ میں ھُوَ اور ضَرَبَتْ میں ھِیَ ہے۔ اور مضارع کے پانچ صیغوں میں پائی جاتی ہے جیسے: یَضْرِبُ میں ھُوَ۔ تَضْرِبُ میں ھِیَ۔ تَضْرِبُ میں اَنْتَ۔ اَضْرِبُ میں اَنَا اور نَضْرِبُ میں نَحْنُ۔

✵ ایک اور ضمیر ہوتی ہے جسے ضَمِیرِ بِالشَّانْ کہا جاتا ہے۔ یہ ضمیر جملہ کے ابتداء میں آتی ہے اور اس سے پہلے چونکہ کوئی اسم نہیں ہوتا جس کی طرف یہ راجع ہو اس لیے اس کو تمام جملہ یا اس کے مفہوم کی طرف راجع سمجھا جاتا ہے اور اس کا ترجمہ ''بات یہ ہے'' یا ''مطلب یہ ہے'' سے کیا جاتا ہے اور اس کے بعد عام طور پر لام تاکید لایا جاتا ہے جیسے: اِنَّہٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ کَرِیْمٌ (بات یہ ہے کہ یہ قول فیصلہ کن اور شریفانہ ہے) یا جیسے اِنَّہٗ الْحَقُّ مُرٌّ (بات یہ ہے کہ سچ کڑوا ہوتا ہے) یا جیسے اِنَّہٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ (یہ یقینی ہے کہ ظالم فلاح نہیں پائیں گے۔)

✵ نونِ وقایہ (بچاؤ کا نون): یائے متکلّم (ضمیر متکلّم کی ی) سے پہلے بعض اوقات ایک نون بڑھایا جاتا ہے جو لفظ یا صیغے کے آخر کو تغیّر سے بچالیتا ہے اسے نونِ وِقایہ کہتے ہیں۔ ماضی، مضارع اور امر کے کسی صیغے کے آخر میں جب یائے متکلم آئے تو وہاں یہ نون لگایا جاتا ہے جیسے: عَلَّمَنِیْ اور جَعَلَنِیْ. بعض حروف کے ساتھ بھی نونِ وِقایہ آتا ہے جیسے: مِنِّیْ (مِنْ نِیْ) لَیْتَنِیْ ، اِنَّنِیْ (اِنَّ نِیْ) جسے اکثر اِنِّیْ کہا جاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضمائر

- منفصلہ (علیحدہ آنے والی)
  - فاعلی (مرفوعہ)
  - مفعولی (منصوبہ)
- متصلہ (جڑ کر آنے والی)
  - مفعولی (منصوبہ)
  - اضافی (مجرورہ)

	منفصلہ مرفوعہ (فاعلی)			متصلہ منصوبہ (مفعولی)			متصلہ مجرورہ (اضافی)		
	ضمائر	مثالیں	ترجمہ	ضمائر	مثالیں	ترجمہ	ضمائر	مثالیں	ترجمہ
مذکر غائب	واحد۔هُوَ	هُوَ صَالِحٌ	وہ نیک مرد ہے	هٗ	ضَرَبَهٗ	اُس ایک مرد نے اُس ایک مرد کو مارا	هٗ	كِتَابُهٗ	اُس ایک مرد کی کتاب
	تثنیہ۔هُمَا	هُمَا صَالِحَانِ	وہ دو نیک مرد ہیں	هُمَا	ضَرَبَهُمَا	اُس ایک مرد نے اُن دو مردوں کو مارا	هُمَا	كِتَابُهُمَا	اُن دو مردوں کی کتاب
	جمع۔هُمْ	هُمْ صَالِحُوْنَ	وہ سب نیک مرد ہیں	هُمْ	ضَرَبَهُمْ	اُس ایک مرد نے اُن سب مردوں کو مارا	هُمْ	كِتَابُهُمْ	اُن سب مردوں کی کتاب
مؤنث غائب	واحد۔هِيَ	هِيَ صَالِحَةٌ	وہ نیک عورت ہے	هَا	ضَرَبَهَا	اُس ایک مرد نے اُس ایک عورت کو مارا	هَا	كِتَابُهَا	اُس ایک عورت کی کتاب
	تثنیہ۔هُمَا	هُمَا صَالِحَتَانِ	وہ دو نیک عورتیں ہیں	هُمَا	ضَرَبَهُمَا	اُس ایک مرد نے اُن دو عورتوں کو مارا	هُمَا	كِتَابُهُمَا	اُن دو عورتوں کی کتاب
	جمع۔هُنَّ	هُنَّ صَالِحَاتٌ	وہ سب نیک عورتیں ہیں	هُنَّ	ضَرَبَهُنَّ	اُس ایک مرد نے اُن سب عورتوں کو مارا	هُنَّ	كِتَابُهُنَّ	اُن سب عورتوں کی کتاب
مذکر حاضر	واحد۔اَنْتَ	اَنْتَ صَالِحٌ	تو نیک مرد ہے	كَ	ضَرَبَكَ	اُس ایک مرد نے تو ایک مرد (تجھ) کو مارا	كَ	كِتَابُكَ	تیری کتاب (تجھ/مذکر)
	تثنیہ۔اَنْتُمَا	اَنْتُمَا صَالِحَانِ	تم دو نیک مرد ہو	كُمَا	ضَرَبَكُمَا	اُس ایک مرد نے تم دو مردوں کو مارا	كُمَا	كِتَابُكُمَا	تم دو مردوں کی کتاب
	جمع۔اَنْتُمْ	اَنْتُمْ صَالِحُوْنَ	تم سب نیک مرد ہو	كُمْ	ضَرَبَكُمْ	اُس ایک مرد نے تم سب مردوں کو مارا	كُمْ	كِتَابُكُمْ	تم سب مردوں کی کتاب
مؤنث حاضر	واحد۔اَنْتِ	اَنْتِ صَالِحَةٌ	تو نیک عورت ہے	كِ	ضَرَبَكِ	اُس ایک مرد نے تو ایک عورت (تجھ) کو مارا	كِ	كِتَابُكِ	تیری کتاب (تجھ/مؤنث)
	تثنیہ۔اَنْتُمَا	اَنْتُمَا صَالِحَتَانِ	تم دو نیک عورتیں ہو	كُمَا	ضَرَبَكُمَا	اُس ایک مرد نے تم دو عورتوں کو مارا	كُمَا	كِتَابُكُمَا	تم دو عورتوں کی کتاب
	جمع۔اَنْتُنَّ	اَنْتُنَّ صَالِحَاتٌ	تم سب نیک عورتیں ہو	كُنَّ	ضَرَبَكُنَّ	اُس ایک مرد نے تم سب عورتوں کو مارا	كُنَّ	كِتَابُكُنَّ	تم سب عورتوں کی کتاب
مذکر/مؤنث متکلم	واحد۔اَنَا	اَنَا صَالِحٌ/صَالِحَةٌ	میں نیک ہوں	يْ	ضَرَبَنِيْ	اُس ایک مرد نے مجھے مارا (مرد/عورت)	يْ	كِتَابِيْ	میری کتاب
	جمع۔نَحْنُ	نَحْنُ صَالِحُوْنَ / صَالِحَاتٌ	ہم نیک ہیں	نَا	ضَرَبَنَا	اُس ایک مرد نے ہمیں مارا (مرد/عورت)	نَا	كِتَابُنَا	ہماری کتاب

یہ ضمیریں جملہ اسمیہ میں مبتدا کے طور پر آتی ہیں۔

نوٹ: یہ ضمیریں تین معانی دیتی ہیں مثلاً (كَ) تو، تجھ، تیرا، (يْ) میں، مجھ، میرا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبق نمبر 7

مرکب Compound

مفرد Singular کسی بھی اکیلے لفظ کو مفرد لفظ کہا جاتا ہے مثلاً کِتَابٌ ، قَلَمٌ

مرکب دو یا دو سے زیادہ مفرد الفاظ کو ملانے سے مرکب بنتا ہے اور اُن کو ملانے کے لیے کچھ حرف آتے ہیں اُن کو ''حرفِ عطف'' کہتے ہیں۔ اُن کے پہلے کو ''معطوف علیہ'' اور پچھلے کو ''معطوف'' کہتے ہیں۔ ان دونوں کا اعراب ایک جیسا ہوتا ہے یعنی دونوں ایک ہی حالت میں سمجھے جاتے ہیں اور دونوں کا تعلق کہی ہوئی بات سے ہوتا ہے۔ اردو اور عربی کے حروفِ عطف درج ذیل ہیں:

''وَ'' اور۔ **''فَ''** پس، فوراً، پیچھے۔ **''ثُمَّ''** پھر، کچھ دیر پیچھے۔ **''حَتّٰی''** یہاں تک کہ۔ **''اَوْ''** یا۔ **''اَمْ''** یا۔ **''لَا''** نہ کہ۔ **''بَلْ''** بلکہ۔ **''لٰکِنْ''** لیکن۔ **قرآنی مثالیں:**

''وَ'' صرف ''اور'' کے معنی میں ہوتا، مثلاً: يَرْفَعُ اِبْرَاهِيمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَ اِسْمَاعِيلُ

(يَرْفَعُ: فعل مضارع معروف — اِبْرَاهِيمُ: معطوف علیہ، فاعل نمبرا — الْقَوَاعِدَ: مفعول بہ — مِنَ: حرف جار — الْبَيْتِ: مجرور — وَ: حرف عطف — اِسْمَاعِيلُ: معطوف، فاعل نمبرا)

''فَ'' حرف عطف اس وقت بولا جاتا ہے جب پہلے کے بعد فوراً پیچھے والا پایا جائے: ضَرَبَ الْكَلْبَ مَحْمُودٌ فَمَقْبُولٌ

(ضَرَبَ: فعل ماضی معروف — الْكَلْبَ: مفعول بہ — مَحْمُودٌ: معطوف علیہ — فَ: حرفِ عطف — مَقْبُولٌ: معطوف)

''ثُمَّ'' اُس وقت بولا جاتا ہے جب پہلے کے کچھ دیر بعد پچھلا پایا جائے۔ مثلاً خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ

(خَلَقْنٰكُمْ: فعل ماضی معروف، با فاعل، مفعول بہ — معطوف علیہ — ثُمَّ: حرف عطف — صَوَّرْنٰكُمْ: فعل ماضی معروف، با فاعل، مفعول بہ — معطوف)

''حَتّٰی'' حرفِ عطف اُس وقت ہوتا ہے جب پچھلی عبارت پہلی میں شامل ہو۔ مثلاً مَاتَ النَّاسُ حَتَّى الْأَنْبِيَاءُ

(مَاتَ: فعل ماضی معروف — النَّاسُ: معطوف علیہ — حَتَّى: حرف عطف — الْأَنْبِيَاءُ: معطوف — فاعل)

لوگ مرے یہاں تک کہ انبیاء بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"اَوْ" کبھی جملہ خبریہ میں اور کبھی فعل امر کے بعد بولا جاتا ہے۔ جملہ خبریہ میں خود بولنے والے کو یا تو شک ہوتا ہے یا وہ بناوٹی شک کو ظاہر کرتا ہے۔ فعل امر کے بعد کبھی دو میں سے کسی ایک کو اختیار کر لینے، اور کبھی دونوں کو اختیار کر لینے کو بتاتا ہے۔

لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ○ اَهْلِيْكُمْ اَوْ كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ۵/۸۹ ○

(فعل ماضی معروف، معطوف علیہ، حرف عطف، مضاف، مضاف الیہ — مضاف، مضاف الیہ، حرف عطف، مضاف، مضاف الیہ، حرف عطف، مضاف، مضاف الیہ، معطوف)

"اَمْ" دو میں سے کسی ایک کو متعین کرانے کے لیے بولا جاتا ہے۔ اس کے بولنے میں دو باتیں ضروری ہیں: (۱) اس سے پہلے " أ " (کیا) بولا جائے۔ (۲) جن دو میں سے ایک کو متعین کرانا ہے اس کو " أ " سے ملا کر دوسرے کو " اَمْ " سے ملا دیں۔ مثلاً:

أَ اَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ (البقرہ ۵:۶)

(کلمہ استفہام، فعل ماضی معروف، بافاعل، مفعول بہ، حرف عطف، فعل مضارع جازمہ، مفعول بہ، لائے نفی، فعل مضارع)

کبھی سوالیہ اور کبھی بغیر سوالیہ "اَمْ" بولا جاتا ہے۔ دونوں میں سے ایک کو متعین کرانا مقصود نہیں ہوتا۔ تو وہ "اَمْ" بمعنی "بَلْ" سمجھا جاتا ہے۔ اِنَّهٗ مَحْمُوْدٌ اَمْ خَالِدٌ

ترجمہ: "بے شک وہ محمود ہے بلکہ خالد ہے۔"

(حرف مشبہ فعل، اسم اِنَّ، معطوف علیہ، حرف عطف بمعنی بَلْ، معطوف خبر اِنَّ)

"بَلْ" جب نفی کے بعد آتا ہے تو اپنے مابعد کے لیے ثباتی حکم بتاتا ہے اور اپنے ماقبل کی نفی کو قائم رکھتا ہے۔ مَا جَآءَنِیْ زَیْدٌ بَلْ خَالِدٌ "میرے پاس زید نہیں آیا بلکہ خالد آیا۔"

جب "بَلْ" جب اثباتی جملے کے بعد بولا جاتا ہے تو اس کے مابعد کا اثبات ہو جاتا ہے اور اس کے ماقبل کا اثبات قائم نہیں رہتا۔ اور اس کا اثبات سمجھا جاتا ہے اور نہ اس کی نفی سمجھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جاتی ہے یعنی اس کا علم نہیں ہے، جیسے: جَآءَ نِیْ زَیْدٌ بَلْ خَالِدٌ ''خالد آیا ہے زید کے آنے نہ آنے کا علم نہیں۔''

''لٰکِنْ'' ایسا حرف عطف ہے جو ہمیشہ منفی جملے کے بعد بولا جاتا ہے اور اپنے ماقبل کی نفی کو قائم رکھ کر اپنے مابعد کے لیے اثبات کرتا ہے۔ مَا جَآءَ نِیْ زَیْدٌ لٰکِنْ عَمْرٌوْ ''زید نہیں آیا لیکن عمرو آیا ہے۔''

''لَا'' ایسا حرف عطف ہے جو اثباتی جملے کے بعد بولا جاتا ہے اور اپنے ماقبل کے لیے اثبات کو ثابت کر کے اپنے مابعد سے اس بات کی نفی کرتا ہے۔ جیسے:

ذَبَحَ مَقْبُوْلٌ تَیْسَهٗ لَا مَحْمُوْدٌ ''مقبول نے اپنے بکرے کو ذبح کیا محمود نے نہیں کیا۔''

نوٹ:...... جب غَیْرَ کے بعد لَا بولا جائے تو حرفِ عطف نہیں ہوتا۔ صرف نفی کی تاکید کے لیے ہوتا ہے۔ مثلاً غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ''غضب کیے گئے اور گمراہوں کے علاوہ''

مرکب کی اقسام اسم کے استعمال کے لیے اس کے دو گروپ بنائے جاتے ہیں۔

مرکب کی دو قسمیں ہیں: 1- مرکب ناقص 2- مرکب تام (جملہ)

1- مرکب ناقص ایسا مرکب جس کے معنی ادھورے ہوں (بات نامکمل ہو) مثلاً وَلَدٌ صَالِحٌ (نیک لڑکا)

مرکب ناقص کی چار قسمیں ہیں:

(i) مرکب جاری (ii) مرکب اضافی (iii) مرکب توصیفی

(iv) مرکب اشاری (v) مرکب عددی

اضافی حالت کے بارے میں اب پوری معلومات پڑھائی جائیں گی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۱) مرکب جاری Preposition

○ جس مرکب میں کوئی حرف جرّ کسی اسم سے متصل ہو اُسے مرکب جاری کہتے ہیں۔
مرکب جاری میں پہلا جز حرف جار اور دوسرا مجرور کہلاتا ہے۔ مثلاً عَلَى السَّقْفِ (چھت پر) میں عَلٰی حرف جار ہے اور السَّقْفِ مجرور یعنی (اضافی حالت) ہے۔

○ حروفِ جارہ سترہ ہیں جو درج ذیل ہیں:

بَاؤ (ب)، تَاؤ (ت)، کَاف (ک)، لَام (ل)، وَاؤ (و)، مُنْذُ، مُذْ، خَلَا
رُبَّ، حَاشَا، مِنْ، عَدَا، حَتّٰی، اِلٰی، فِیْ، عَنْ، عَلٰی

○ حروفِ جارہ کے معانی اور قرآنی مثالیں درج ذیل ہیں:

حرفِ جار	ترجمہ	قرآنی مثالیں
لِ	For (لیے، کیلئے، کی قسم، کی وجہ سے)	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (مبتدا / خبر: حرف جار، مجرور، مضاف، مضاف الیہ)
مِنْ	From (سے) مِنَ اللهِ ۳۰/۴۳ (اللہ کی طرف سے)	
عَلٰی	On (اوپر)	كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ (فعل ماضی مجہول، حرف جار، مجرور، نائب الفاعل، حرف جار، مجرور، فعل ماضی مجہول، حرف جار، مجرور، حرف جار، مضاف، مضاف الیہ)
كَ	Like (جیسا کہ، مانند)	اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ ۲/۱۹ (یا آسمان سے موسلا دھار بارش کی مانند)
عَنْ	(تک، سے)	عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ (حرف جار، مجرور، مضاف، مضاف الیہ)
فِیْ	In (میں)	وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ (حرف جار، مجرور، حرف جار، مجرور)
حَتّٰی	(یہاں تک کہ)	لَيَسْجُنُنَّهٗ حَتّٰى حِيْنٍ (لام تاکید، فعل مضارع، نون ثقیلہ، ضمیر متصل، حرف جار، مجرور) (البتہ ہم ضرور بہ ضرور اُس کو ایک مدت تک جیل میں ڈال دیں گے)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اِلٰی To (تک، طرف، کی طرف) اِلٰی غَسَقِ الَّیْلِ وَ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ
حرف جار مجرور، مضاف مضاف الیہ عاطفہ مضاف مضاف الیہ

وَ (کی قسم، کچھ) وَ الْعَصْرِ (قسم ہے زمانے کی) وَ اللّٰهِ (اللہ کی قسم)
حرف جار مجرور حرف جار مجرور

بِ With (ساتھ، سے، کی قسم، کے ذریعے) اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ
فعل امر حرف جار مجرور مضاف مضاف الیہ موصولہ فعل ماضی معروف

تَ (اللہ کی قسم) قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا
فعل ماضی حرف جار مجرور ماضی قریب موصولہ فعل ماضی ضمیر متصلہ

مُذْ (سے) اَلرَّجُلُ سَقِیْمٌ مُذْ یَوْمِ الْخَمِیْسِ (آدمی پچاس دنوں سے بیاسا ہے)
مبتدا خبر حرف جار مجرور/مضاف مضاف الیہ

مُنْذُ (سے) هُوَ غَآئِبٌ مُنْذُ اَرْبَعَةِ اَیَّامٍ (وہ چار دنوں سے غائب ہے)
مبتدا خبر حرف جار مجرور/مضاف مضاف الیہ

خَلَا (علاوہ، سوائے) جَآءَ النَّاسُ خَلَا حَامِدٍ (حامد کے علاوہ لوگ آئے)
فعل ماضی فاعل ظاہر حرف جار مجرور

رُبَّ (بہت سے) رُبَّ رُوْبِیَةٍ اِكْتَسَبْتُهَا (اُس نے بہت سے روپے کمائے)
حرف جار مجرور فعل ماضی مفعول بہ مفعول ثانی

حَاشَ (سوائے) ذَهَبَ التَّلَامِیْذُ حَاشَا حَامِدٍ (حامد کے علاوہ شاگرد آئے)
فعل ماضی فاعل ظاہر حرف جار مجرور

عَدَا (سوائے) خَرَجَ التَّلَامِیْذُ عَدَا زَیْدٍ (زید کے علاوہ شاگرد نکلے)
فعل ماضی فاعل ظاہر حرف جار مجرور

نوٹ: کسی بھی لفظ کی اضافی حالت صرف دو صورتوں میں ممکن ہے

1۔ لفظ کے شروع میں مضاف کے آنے سے

www.KitaboSunnat.com

2۔ لفظ کے شروع میں حرف جار کے آنے سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مرکب جاری کی قرآنی مثالیں

Date:..............

لفظ	معانی	لفظ	معانی	لفظ	معانی
لِلنَّاسِ ۱۵۹/۲	واسطے لوگوں کے	مِنْ بَحِيْرَةٍ ۵/۱۰۳	اونٹنی	بِالصَّبْرِ ۱۵۳/۲	ساتھ صبر کے
بِخٰرِجِيْنَ ۱۶۷/۲	نکلنے والے	عَلَى اللهِ ۱۶/۹	اللہ کے لئے	بِالشَّهَادَةِ ۵/۱۰۸	ساتھ گواہی کے
فِي الْمَهْدِ ۴۶/۳	گود میں	فِي مَوَاطِنَ ۲۵/۹	موقعوں	بِرُوْحٍ ۲/۸۷	روح کے ساتھ
كَالْأُنْثٰى ۳۶/۳	مانند لڑکی کے	فِي السَّمٰوٰتِ ۳۰/۱۸	آسمانوں میں	مِنَ الطِّيْنِ ۳/۴۹	مٹی سے
فِي قِرْطَاسٍ ۶/۷	ورق میں	مِنْ غِلٍّ ۴۳/۷	کدورت سے	كَهَيْئَةِ ۴۹/۳	مانند شکل کے

مشق نمبر 7 (i) مندرجہ ذیل مرکب جاری پر اعراب لگائیں اور اس کے معنی لکھیں

فی النہار.............من تراب.............بالبینت.............الی اللہ.............

فی الالواح.............تااللہ.............کمثل.............للمتقین.............

واللہ.............من بعد.............فی الاصفاد.............بالسوف.............کالفجار.............

(ii) مرکب اضافی Relative Compound

اس مرکب کے بھی دو جزو ہوتے ہیں ◉ پہلا جزو مضاف اور دوسرا مضاف الیہ کہلاتا ہے ◉ اس میں ایک کا دوسرے سے تعلق ظاہر ہوتا ہے ◉ مضاف ہمیشہ ال اور تنوین کے بغیر آتا ہے اور مضاف الیہ ہمیشہ جری حالت میں آتا ہے مثلاً كِتَابُ الْوَلَدِ.

اس مثال میں کتابُ مضاف اور اَلْوَلَدِ مضاف الیہ ہے۔

◉ بعض اوقات ایک ہی مرکب میں دو یا دو سے زیادہ مضاف الیہ ہوتے ہیں مثلاً بَابُ بَيْتِ طَبِيْبِ الْمَلِكِ بادشاہ کے حکیم کے گھر کا دروازہ چونکہ مضاف اور مضاف الیہ کا آپس میں تعلق ہوتا ہے اس لیے ان کا ایک دوسرے سے متصل رہنا ضروری ہے ان کو علیحدہ نہیں کیا جا سکتا اور ان کے درمیان کوئی لفظ نہیں آ سکتا (سوائے اسم اشارہ کے)

دستخط مہتمم.....................

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Date:............

مشق نمبر 7 (ii) مرکب اضافی میں مضاف اور مضاف الیہ کی نشاندہی کریں۔

مرکب اضافی	معانی	مضاف	مرکب اضافی	معانی	مضاف الیہ
صَيْدُ الْبَحْرِ ۹۶/۵	دریائی شکار		مُصِيبَةُ الْمَوْتِ ۱۰۶/۵	موت کی مصیبت	
صَيْدُ الْبَرِّ ۹۶/۵	خشکی کا شکار		عَلَّامُ الْغُيُوبِ ۱۰۹/۵	غیب کا جاننے والا	
سِقَايَةَ الْحَاجِّ ۹/۱۹	حاجیوں کا پانی پلانا		كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ ۱۱۰/۵	پرندے کی شکل کی مانند	
شَدِيدُ الْعِقَابِ ۹۸/۵	سخت بدلہ		خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۱۱۴/۵	بہترین رازق	
بِجَنَاحَيْهِ ۳۶/۶	اپنے پروں کے ساتھ		دَابِرُ الْقَوْمِ ۴۵/۶	قوم کی جڑ	

قرآنی مثالیں: خَزَآئِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ ، مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ، دَعْوَةَ الدَّاعِ ۱۸۶/۲

مضاف، مضاف الیہ، مضاف، مضاف، مضاف الیہ، مضاف، مضاف الیہ، مضاف الیہ، مضاف، مضاف الیہ

مشق نمبر 7 (iii) صحیح لفظ چن کر خالی جگہ میں مرکب اضافی بنائیں

عِلْمُ۔ بَيْنَ۔ خَلْقُ۔ الْمُجْرِمِيْنَ۔ يَوْمُ۔ الْمُؤْمِنِيْنَ۔ الْمَيْلِ ۔ جَهَنَّمَ۔

.....الْقِيٰمَةِ (قیامت کا دن) كُلَّ..........(پورا جھکنا)...........النِّسَآءِ (عورتوں کے درمیان)

اَجْرُ.........(مومنوں کا بدلہ).....اَلسَّاعَةِ (گھڑی کا علم).....السَّمٰوٰتِ (آسمانوں کا پیدا کرنا)

سَبِيْلُ.......... (گناہ گاروں کی راہ) اَبْوَابُ............. (جہنم کے دروازے)

○ **مرکب اضافی میں ضمائر کا استعمال** چونکہ مرکب اضافی میں جر کرآنے والی ضمیریں مضاف الیہ کی جگہ پر آتی ہیں اس لیے یہ ضمیریں متصلہ مجرورہ کہلاتی ہیں۔ مثلاً اَرْجُلُكُمْ (تمہارے پاؤں)

قرآنی مثالیں: فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا. اَبْنَآءَهُمْ. مِنْ رَّبِّهِمْ . اُجُوْرَهُنَّ

حرف جار، مجرور (ضمیر متصلہ مجرورہ: مضاف الیہ؛ مضاف)، مفعول، مضاف، ضمیر متصلہ مجرورہ (مضاف الیہ)، حرف جار، مجرور (ضمیر متصلہ مجرورہ: مضاف الیہ؛ مضاف)، مضاف، ضمیر متصلہ مجرورہ

دستخط مہتمم ....

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Date:............

مشق نمبر 7 (iv) مرکب اضافی میں استعمال ہونے والی ضمیر کا نام بتائیں۔

مِّنْ رَّبِّهِمْ ۲/۵ .... قَوْمَكَ ۶/۶۶ .... اَمْثَالُكُمْ ۶/۳۸ .... مَفَاتِحَهُ ۲۸/۷۶ ....

اَعْمَالُنَا ۲۸/۵۵ .... زَوْجَهَا ۴/۱ .... اَبَوٰهُ ۴/۱۱ .... لِعِدَّتِهِنَّ ۶۵/۱ ....

بَيْنَهُمَا ۸/۲۰ .... مِنْكُنَّ ۳۳/۲۹ .... رَبُّكُمَا ۷/۲۰ .... لَكِ هٰذَا ۳/۳۷ ....

○ **مرکب اضافی میں حرفِ ندا کا استعمال:** اگر حرف ندا کے بعد مرکب اضافی آئے یعنی منادیٰ مرکب اضافی ہو تو مضاف کو مرفوع کی بجائے منصوب پڑھا جاتا ہے۔

قرآنی مثالیں: مثلاً يَا عَبْدَ اللّٰهِ ، يٰبَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ ، يَا رَبَّنَا ، يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

(يَا: حرف ندا — عَبْدَ: مضاف، اللّٰهِ: مضاف الیہ = منادیٰ — يٰ: حرف ندا — بَنِيْٓ: مضاف، اِسْرَآئِيْلَ: مضاف الیہ = منادیٰ — يَا: حرف ندا — رَبَّ: مضاف، نَا: مضاف الیہ = منادیٰ — يَا: حرف ندا — اَيُّهَا: منادیٰ، الَّذِيْنَ: موصول، اٰمَنُوْا)

مرکب اضافی میں مضاف کا فاعلی، مفعولی ہونا اور نون اعرابی کا گر جانا

مضاف۔فاعلی	مدرسے کا استاد	مُعَلِّمُ الْمَدْرَسَةِ		
مضاف۔مفعولی	مدرسے کے استاد کو	مُعَلِّمَ الْمَدْرَسَةِ		
مضاف۔فاعلی	مدرسے کے دو اساتذہ	مُعَلِّمَانِ الْمَدْرَسَةِ	نون اعرابی گرنے کے بعد	مُعَلِّمَا الْمَدْرَسَةِ
مضاف۔مفعولی	مدرسے کے دو اساتذہ کو	مُعَلِّمَيْنِ الْمَدْرَسَةِ	نون اعرابی گرنے کے بعد	مُعَلِّمَيِ الْمَدْرَسَةِ
مضاف۔فاعلی	مدرسے کے تمام اساتذہ	مُعَلِّمُوْنَ الْمَدْرَسَةِ	نون اعرابی گرنے کے بعد	مُعَلِّمُوا الْمَدْرَسَةِ
مضاف۔مفعولی	مدرسے کے تمام اساتذہ کو	مُعَلِّمِيْنَ الْمَدْرَسَةِ	نون اعرابی گرنے کے بعد	مُعَلِّمِيِ الْمَدْرَسَةِ

جب تثنیہ (مذکر و مونث) اور جمع مذکر سالم کے صیغے مضاف ہوں تو اُن کا آخری نون جو نون اعرابی کہلاتا ہے گر جاتا ہے اور اس کی نشانی نون اعرابی کی جگہ ایک الف لگتا ہے۔ مثلاً مُعَلِّمُوا الْمَدْرَسَةِ اس مثال میں مُعَلِّمُوْنَ مضاف تھا جس کا نون اعرابی گر گیا۔

نوٹ: رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ کی مثال میں مضاف الیہ واحد، تثنیہ اور جمع بھی آسکتا ہے۔ اَلْعٰلَمِيْنَ کے شروع میں مضاف آنے کی وجہ سے یہ جمع مذکر سالم کی اضافی حالت ہے۔

دستخط مہتمم ....

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نون اعرابی گرنے کی قرآنی مثالیں

اصل لفظ مُلٰقُوْن، خَنَتَانِ، لَدَیْنَ، اَیْدِیْنَ، اَیْدِ، اَھْلِیْنَ تھے مضاف بننے کی وجہ سے ان کا نون اعرابی گر گیا مُلٰقُوْا رَبِّھِمْ ۲/۴۶ (اپنے رب کی ملاقات کرنے والے)

فَخَانَتٰھُمَا ۶۶/۱۰ (بس ان دو عورتوں نے خیانت کی) لَدَیْنَا ۳۶/۳۲ (ہمارے پاس)

اَیْدِیْھِمْ ۶۶/۸ (اپنے ہاتھوں کے سامنے) اَھْلِیْکُمْ ۶۶/۶ (اپنے اہل و عیال کو)

(iii) مرکب توصیفی Adjective Compound

اس مرکب کے دو جزو ہوتے ہیں: پہلا موصوف اور دوسرا صفت کہلاتا ہے

(i) دونوں اسم ہوتے ہیں (ii) دونوں کے درمیان کوئی حرف نہیں آتا

(iii) موصوف پہلے اور صفت بعد میں آتی ہے۔ مثلاً: اُمَّةٌ مُسْلِمَةٌ

Adjective صفت موصوف Prscribed

✵ اس مثال میں اُمَّةٌ موصوف ہے اور مسلمۃ صفت ہے جو فاعلی نکرہ مؤنث واحد ہونے کے اعتبار سے اپنے موصوف کے تابع ہے۔

✵ صفت ان دس اعتبارات (فاعلی، مفعولی، اضافی، نکرہ، معرفہ، واحد، تثنیہ، جمع، مذکر، مؤنث) سے ہمیشہ موصوف کے تابع ہوتی ہے۔

✵ اگر موصوف غیر عاقل کی جمع مکسر ہو تو صفت واحد مؤنث ہوگی۔ مثلاً قَلَمٌ کی جمع اَقْلَامٌ جَدِیْدَةٌ نئی قلمیں اس مثال میں قَلَمٌ غیر عاقل ہے جس کی جمع مکسر اَقْلَامٌ ہے اور اس کی صفت واحد مؤنث ہے۔ اَیَّامٌ مَّعْدُوْدَةٌ وغیرہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مرکب توصیفی کی قرآنی مثالیں

Date:..............

معانی	مرکب	معانی	مرکب	معانی	مرکب
جاننے، حکمت والا	۶/۸۳ حَكِيمٌ عَلِيمٌ	گھٹن والی تنگی	۶/۱۲۵ ضَيِّقًا حَرَجًا	کھلم کھلا دشمن	۳۶/۶۰ عَدُوٌّ مُّبِينٌ
سیدھا راستہ	۶/۸۷ صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ	دنیاوی زندگی	۳۱/۳۳ اَلْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	پہنچنے والی دلیل	۶/۱۴۹ اَلْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ
نزدیکی گچھے	۶/۹۹ قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ	منع کی ہوئی کھیتی	۶/۱۳۸ حَرْثٌ حِجْرٌ	کچھ مرتبے	۶/۱۶۵ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ
پورے دو سال	۲/۲۳۳ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ	چڑھنے والی باغات	۶/۱۴۱ جَنّٰتٍ مَّعْرُوشٰتٍ	سیسہ پلائی ہوئی دیوار	۶۱/۴ بُنْيَانٌ مَّرْصُوصٌ
امانت دار رسول	۴۴/۱۸ رَسُولٌ اَمِينٌ	اچھا صبر	۱۲/۱۸ صَبْرٌ جَمِيلٌ	ابلتے چشمے	۵۵/۶۶ عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ

مشق نمبر7 (v) مندرجہ ذیل مرکب توصیفی میں مناسب لفظ لگائیں۔

اٰيَةٌ ۔ كَامِلَيْنِ ۔ قَلِيْلَةٌ ۔ اِثْمٌ ۔ مُؤْمِنٌ ۔ كَامِلَةٌ ۔ حَسَنًا ۔ فِئَةٌ ۔ وَّاحِدَةٌ ۔ مَعْرُوْفٌ ۔ قَلِيْلَةٌ

عَشَرَةٌ.......... .... بَيِّنَةٌ .... اُمَّةٌ .... كَبِيْرٌ قَوْلٌ..........

عَبْدٌ.......... حَوْلَيْنِ........... قَرْضًا .... كَثِيْرَةٌ فِئَةٌ..........

مشق نمبر7 (vi) مندرجہ ذیل الفاظ کو نمونے کے مطابق ملا کر مرکب توصیفی بنائیں۔ اَلْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

① اَلْمَسْجِدِ ۲/۱۴۴	شَدِيْدٌ	⑥ عَلِيْمٌ ۳۱/۲۳	حَسَنٌ
② وَاسِعٌ ۲۴/۳۲	وَاحِدًا	⑦ اَلْحَيُّ ۳/۲	حَلِيْمٌ
③ اُمَّةً ۴۲/۸	عَلِيْمٌ	⑧ اُمَّةً ۲/۱۳۴	اَلْقَيُّوْمُ
④ اِلٰهًا ۲۳/۱۱۷	وَسَطًا	⑨ غَنِيٌّ ۳۱/۱۲	شَاكِرٌ
⑤ عَذَابٌ ۲/۷	① اَلْحَرَامِ	⑩ قَوْلٌ ۲/۲۶۳	مُسْلِمَةٌ

دستخط مہتمم ....

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Date:............

مشق نمبر 7 (vii) اعراب لگائیں۔

اختلافا کثیرا ۴/۸۲	رقبة مومنة ۴/۹۲	خوانا اثیما ۴/۱۰۷	البلغ المبین ۳۶/۱۷
سحر مبین ۶۱/۶	الحجة البالغة ۶/۱۴۹	ناصح امین ۷/۶۸	رزق کریم ۳۴/۴
کتاب مرقوم ۸۳/۲۰	لحما طریا ۳۵/۱۲	ازواجه امهتهم ۳۳/۶	علی امر جامع ۲۴/۶۲
المومنون الاحزاب ۳۳/۲۲	بفاحشة مبینة ۳۳/۳۰	اشهر معلومت ۲/۱۹۷	الخیط الابیض ۲/۱۸۷

(iv) مرکب اشاری

اس مرکب کے بھی دو جز ہوتے ہیں: (i) اسم اشارہ (ii) مشار الیہ مثلاً: هٰذَا الْكِتَابُ اس مثال میں هٰذَا اسم اشارہ ہے اور اَلْكِتَابُ مُشَارٌ الیہ ہے۔

◉ اگر مشار الیہ مرکب اضافی ہو تو اسم اشارہ بعد میں لائیں گے مثلاً طَبِيْبُ الْمَلِكِ هٰذَا (بادشاہ کا یہ حکیم) اگر اسم اشارہ شروع میں لائیں تو یہ جملہ اسمیہ بن جائے گا مثلاً هٰذَا طَبِيْبُ الْمَلِكِ (یہ بادشاہ کا حکیم ہے) کیونکہ هٰذَا مبتداء ہوگا اور طَبِيْبُ الْمَلِكِ مرکب اضافی ہونے کی صورت میں جملہ اسمیہ بن جائے گا۔

قرآنی مثالیں: اَنّٰى لَكِ هٰذَا (ترجمہ) (کہاں سے) کیونکر واسطے تیرے یہ
(مشار الیہ — اسم اشارہ)

لِقَاءَ رَبِّكُمْ هٰذَا (ترجمہ) اپنے رب کی اس ملاقات کو
